کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت A.B.C Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار
روزنامہ Daily ASKAR INTERNATIONAL QUETTA MEMBER A.P.N.S
عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21
جلد نمبر 22 | بروز بدھ 10 ستمبر 2025ء/16 ربیع الاول 1447ھ/قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 334

صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت اور روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے قازقستان کی خطے میں سڑک، ریل اور فضائی روابط میں شرکت کا خیر مقدم کیا

قازقستان کیساتھ براہ راست فضائی روابط سے کاروباری اور عوامی تعلقات کو فروغ ملے گا، صدر مملکت

پاکستان اور قازقستان کے تعلقات اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ نکتہ نظر پر مبنی ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط اور ادارہ جاتی تعاون خوش آئند ہیں

پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارت میں اضافہ ہوا ہے اور اس سے مزید وسعت دینا ہوگا، قازقستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قازقستان کے ساتھ تجارتی تعلقات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے اس سے مزید وسعت دینا ہوگا اور براہ راست فضائی روابط سے کاروباری اور عوامی تعلقات کو فروغ ملے گا۔ ایوان صدر سے جاری بیان میں کہا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے قازقستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مراد نرتلیو نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ صدر مملکت نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے تعلقات (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

اے این ایف کی بڑی کارروائی، 113 کلوگرام آئس برآمد، ڈرگ ٹریفکنگ آرگنائزیشن بے نقاب

منشیات فروشوں کا پیچھا جاری، نوجوان نسل کو آئس کی لعنت سے بچایا جائے گا، اے این ایف کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے گوادر میں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ایف آئی اے گوادر کی کارروائی، غیرقانونی طریقے سے ایران جانے والے 14 ملزمان گرفتار

گوادر (جی این ایم) ایف آئی اے گوادر سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کوئٹہ، شٹرڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کرنے پر متعدد سیاسی رہنماؤں وکارکنوں کیخلاف مقدمات درج

کوئٹہ میں 200 سے زائد سیاسی کارکن گرفتار، دفعہ 144 کی خلاف ورزی سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمات درج

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں مختلف سیاسی جماعتوں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

بدعنوان افسران کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ

عدلیہ میں کسی قوم، قبیلے یا برادری کی بنیاد پر کوئی امتیاز موجود نہیں، بلکہ عدلیہ میں صرف دو طبقات پائے جاتے ہیں

ایسے عناصر کو عدلیہ کا حصہ نہیں رہنے دیا جائے گا، تربت کے دورہ کے دوران جوڈیشل افسران سے خطاب

تربت (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان نے اپنے تربت کے دورہ کے دوران جوڈیشل افسران سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ عدلیہ میں کسی قوم، قبیلے یا برادری کی بنیاد پر کوئی امتیاز موجود نہیں، بلکہ عدلیہ میں صرف دو طبقات پائے جاتے ہیں: دیانت دار اور بدعنوان۔ چیف جسٹس نے کہا کہ بدعنوان افسران کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کو عدلیہ کا حصہ نہیں رہنے دیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے قازقستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مراد نرتلیو ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم کا ٹیکس دہندگان کو کاروبار دوست ماحول دینے اور ٹیکس چوروں کو پکڑنے کا حکم

باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنے والے ذمہ دار شہری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتے ہیں، وزیر اعظم

اجلاس میں ٹیکس چور افراد کی شناخت اور ان سے محصولات کی وصولی کے لیے پروفیشنلز کی خدمات حاصل کرنے کی بھی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر میں جاری اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیر اعظم نے ٹیکس دہندگان کی پذیرائی کے لیے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس دہندگان کی ڈائیریکٹری کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنے والے ذمہ دار شہری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرتے ہیں، ٹیکس دہندگان کی پزیرائی اور ٹیکس چور افرادکی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

مقامی وسائل پر مقامی عوام کا سب سے پہلا حق ہوگا

وزیر اعلیٰ بلوچستان
میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ میں سیاسی جلسے پر حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن دہشت گردی کے خلاف پورا بلوچستان متحد ہے دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا

پرامن احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا بنیادی حق ہے مگر سڑکوں کی جبراً بندش، ٹائر جلانا اور عوام کو اذیت میں مبتلا کرنا آئین و قانون کے منافی ہے، قلعہ سیف اللہ میں عوامی اجتماع سے خطاب

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردی خواہ مذہب کے نام پر ہو یا قومیت کے نام پر، اس کا عوامی حقوق اور ترقی سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ظلم، بربریت اور کھلی ملک دشمنی ہے بلوچستان کے عوام دہشت گردوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں اور کسی صورت دہشت گردوں کے سامنے سرنڈر نہیں کیا جائے گا وہ قلعہ سیف اللہ میں رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کی دعوت پر منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر میزبان مولوی نور اللہ سمیت اراکین اسمبلی صوبائی وزرا اور نواب ایاز خان جوگیزئی سمیت (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

قلعہ سیف اللہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

کوہلو کے علاقے لاسی زئی میں فائرنگ سے باپ اور دو بیٹے جاں بحق

ملزمان کو ہر صورت گرفتار کیا جائے گا، ضلع بھر میں ناکہ بندی کر دی گئی ہے، ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ

کوئٹہ (یو این اے) کوہلو کے علاقے لاسی زئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے باپ اور اس کے دو بیٹے جاں بحق ہو گئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق واقعے کے فوراً بعد لیویز کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاشوں کو ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بی این پی اور پی ٹی آئی سوراب کا احتجاجی کارکنوں کی گرفتاری پر سخت ردعمل

پرامن احتجاج کو کچلنے کیلئے پولیس فورس کو ذاتی ملیشیا کے طور پر استعمال کیا گیا

سوراب (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) سوراب اور (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

میر عبدالقدوس بزنجو کا حاجی میر فیروز خان لہڑی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سینئر اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ممتاز قبائلی و سماجی رہنما اور معروف ٹرانسپورٹر الحاج میر فیروز خان لہڑی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مرحوم نہایت نیک سیرت، بردبار، مخلص اور خدمت (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

آئی جی ایف سی بلوچستان نے بلوچ ریزیڈینشل کالج تربت کا دورہ

تعلیم یافتہ نوجوان قوم کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، آئی جی ایف سی بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) آئی جی ایف سی بلوچستان ساوتھ نے بلوچ ریزیڈینشل کالج تربت کا دورہ کیا جہاں طلبا نے پاکستانیت کے موضوع پر ٹیبلو اور تقاریر پیش کیں، جنہیں حاضرین کی جانب سے بھرپور سراہا گیا۔ نوجوانوں کے جذبے اور وطن سے محبت کو آئی جی ایف سی نے بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

پرامن احتجاج عوام کا آئینی حق ہے، سردار کمال خان بنگلزئی

طاقت کے استعمال سے مسائل حل نہیں ہوتے، حکومت بلوچستان کو ظرف اور برداشت دکھانا ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر، قبائلی رہنما اور سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کو چاہیے کہ وہ دل بڑا کرتے ہوئے پرامن احتجاج کو برداشت کرے اور تمام گرفتار سیاسی رہنماؤں و کارکنان کو فی الفور رہا کرے۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پرنس موسیٰ جان احمدزئی نے حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کو مسترد قرار دیدیا

سانحہ 2 ستمبر تمام سیاسی قوتوں پر حملہ ہے، عوامی اعتماد مکمل طور پر ختم ہونے کا خدشہ ہے، پرنس موسیٰ جان احمدزئی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر پرنس موسیٰ جان احمدزئی نے قلات تھانے میں جے یو آئی ضلع قلات کے سینئر رہنما حکیم طاہر مجید لہڑی اور دیگر سیاسی قیدیوں کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

کوئٹہ، محکمہ خوراک کے گودام سے گندم کی 21 ہزار 221 بوریاں چوری

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں واقع سرکاری گودام میں سے گندم کی 21 ہزار 221 بوریاں چوری ہو گئیں۔ بلوچستان کے محکمہ خوراک کے حکام کے مطابق گندم کی بوریاں چوری ہونے کے سبب محکمے کو 9 کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے۔ محکمہ خوراک کے گودام سے گندم کی چوری پر حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد 2 گودام انچارج (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

مستونگ میں گرفتار سیاسی رہنماؤں اور کارکنان کی رہائی کا عدالتی حکم، وکلا کی قانونی جدوجہد کامیاب

مستونگ (یو این اے) ضلع مستونگ میں ایک اہم عدالتی پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں مختلف سیاسی جماعتوں کے گرفتار رہنماؤں اور کارکنان کو عدالت نے ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دیا۔ اس فیصلے کو سیاسی حلقوں میں آئینی و جمہوری حقوق کی جیت قرار دیا جا رہا ہے۔ رہائی کے اس حکم میں سینئر وکلا ایڈووکیٹ حمید بنگلزئی، ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ژوب میں کریک ڈاؤن، ناقص صفائی اور ملاوٹ پر متعدد مراکز جرمانہ

عوامی صحت پر سمجھوتہ برداشت نہیں، آئندہ خلاف ورزی پر سیلنگ اور قانونی کارروائی ہوگی، فوڈ اتھارٹی

ژوب (یو این اے) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے زونل حکام نے ژوب شہر اور (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوہلو میں جدید نیو بس اسٹینڈ مکمل، ٹرانسپورٹروں کو فوری طور پر منتقل ہونے کی ہدایت

عمران زرکون کی کوششوں سے بس اسٹینڈ جدید سہولیات سے آراستہ، انکار پر ٹرانسپورٹروں کے خلاف کارروائی ہوگی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں سیکریٹری فنانس عمران (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

خضدار کے معروف سرجن بشیر احمد نے غریب خاتون کا کامیاب آپریشن کر کے جان بچالی

عوامی خدمت میرا مقصد ہے، مشکل ترین حالات میں بھی لوگوں کی زندگی بچانے کی جدوجہد جاری رکھوں گا، سرجن بشیر احمد

خضدار (یو این اے) خضدار میں غریبوں کے ہمدرد اور مایہ ناز سرجن ڈاکٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

قلات کے محلّہ چار باغ میں کرنٹ لگنے سے خاتون جاں بحق

کوئٹہ (یو این اے) قلات کے علاقے محلہ چار باغ میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئیں۔ جاں بحق خاتون کی نعش کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔ قلات کے علاقے محلہ چار باغ میں بجلی کا کرنٹ لگنے سے ایک خاتون جاں بحق ہوگئیں۔

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر سے متعلق منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے صوبائی جنرل سیکریٹری سجاد ریسانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

اوتھل میں بارش کے بعد بازار میں نکاسی آب کے مسائل، میونسپل کمیٹی چیئرمین کا ہنگامی دورہ

محدود وسائل کے باوجود عوامی مشکلات کے ازالے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، سید سومار شاہ کاظمی

اوتھل (یو این اے) اوتھل میں موسلا دار بارش کے بعد سائبان مارکیٹ اور مرکزی بازار میں پانی کی نکاسی کے مسائل پر میونسپل کمیٹی اوتھل کے چیئرمین سید سومار شاہ کاظمی نے چیف آفیسر محمد خان دودا کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا۔ چیئرمین نے دکانداروں کی شکایات (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

ملک بھر میں نئے ڈیموں کی تعمیر ناگزیر ہو چکی ہے، بلاول بھٹو زرداری

لوگوں کو انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے، سندھ میں سیلاب سے نمٹنے کی تیاریاں مکمل ہیں، ہم سب مل کر اس کا مقابلہ کریں گے

پاکستان کی زراعت اور کسان پہلے ہی مشکل کا شکار تھے اور اب سیلاب سے ان کا مزید نقصان ہوا ہے، جو تباہی پاکستان کے زرعی شعبے کو پہنچی ہے اس کی تلافی کرنی ہوگی

سکھر (جی این ایم) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے امداد فراہم کی جائے اس حوالے سے وزیر اعظم سے درخواست کی کہ تاخیر نہیں ہونی چاہیے مگر تاخیر ہو رہی ہے۔ سکھر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پورے ملک میں سیلاب سے نقصانات ہو رہے ہیں، لوگوں کو انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے انہیں محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے، سندھ میں سیلاب سے نمٹنے کی تیاریاں مکمل ہیں، ہم سب مل کر اس کا مقابلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی زراعت اور کسان پہلے ہی مشکل کا شکار تھے اور اب سیلاب سے ان کا مزید نقصان ہوا ہے، جو تباہی پاکستان کے زرعی شعبے کو پہنچی ہے اس کی تلافی کرنی ہوگی، ملک بھر میں زرعی ایمرجنسی کا اعلان کیا جائے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

جامعہ گوادر کی اکیڈمک کونسل کا نواں اجلاس، تعلیمی معیار بہتر بنانے کے لیے اہم فیصلے

جامعہ گوادر بتدریج علمی و تحقیقی معیار کا مرکز بن رہا ہے، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر

کوئٹہ (یو این اے) جامعہ گوادر کی اکیڈمک کونسل کا نواں اجلاس جامعہ گوادر کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کی۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

سردار اختر جان مینگل کا لہڑی ہاؤس کوئٹہ کا دورہ، الحاج میر فیروز خان لہڑی کے انتقال پر تعزیت

مرحوم فیروز لہڑی قبائلی ہم آہنگی اور بلوچ قوم کی خدمت کا روشن استعارہ تھے، سردار اختر جان مینگل

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی (مینگل) کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل نے منگل کو لہڑی ہاؤس کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے معروف قبائلی و سماجی شخصیت الحاج میر فیروز خان لہڑی کے انتقال پر اہل خانہ سے تعزیت کی، فاتحہ خوانی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

بلوچستان کے ساحل پر غیر قانونی ٹرالرز کی یلغار، مقامی ماہی گیر فاقوں پر مجبور

ٹرالر مافیا بلوچستان کے سمندر کو تباہ کر رہا ہے، حکومت اور فشریز محکمہ خواب غفلت میں، ماہی گیر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ایک بار پھر غیر قانونی ماہی گیری نے شدت اختیار کر لی ہے، سندھ سے آنے والے طاقتور ٹرالرز روزانہ ہزاروں کلو مچھلیاں جدید مشینری اور ممنوعہ باریک جالوں سے شکار کر کے لے جا رہے ہیں، جبکہ مقامی ماہی گیر خالی ہاتھ ساحل (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

وفاقی حکومت کے قرضے اور واجبات ملکی تاریخ کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے

بیرونی قرض 7.6 فیصد بڑھ کر 23 ہزار 417 ارب روپے، مقامی قرض 15.5 فیصد بڑھ کر 54 ہزار 471 ارب روپے ہو گیا

قرض کا حجم 77 ہزار 888 ارب روپے تک ہو گیا، اسٹیٹ بینک نے جون 2025 تک ملک پر قرضوں اور واجبات کے اعداد و شمار جاری کر دیئے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کے قرضے اور واجبات ملکی تاریخ کی نئی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے۔ اسٹیٹ بینک نے جون 2025 تک ملک پر قرضوں اور واجبات کے اعداد و شمار جاری کر دیئے جس کے مطابق وفاقی حکومت کا قرض مالی سال 2025 میں 13 فیصد بڑھا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق وفاقی حکومت کا قرض جون 2025 تک 77 ہزار 888 ارب روپے رہا، وفاقی حکومت کا قرض جون 2024 میں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کو اپنی زرعی معیشت میں سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، وفاقی وزیر خزانہ

زرعی شعبہ میں موسمیاتی موزونیت، غذائی تحفظ اور دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے جدید مالیاتی ماڈلز اپنانے کی اشد ضرورت ہے

ایکومن پاکستان کی سی ای او اور کنٹری ہیڈ ڈاکٹر عائشہ خان کی قیادت میں وفد سے ملاقات، تعاون پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ زرعی شعبہ میں موسمیاتی موزونیت، غذائی تحفظ اور دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے جدید مالیاتی ماڈلز اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے یہ بات منگل کو یہاں ایکومن پاکستان کی سی ای او اور کنٹری ہیڈ ڈاکٹر عائشہ خان کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں کہی۔ ملاقات کے دوران ایکومن کی ٹیم نے وزیر خزانہ کو پاکستان کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

فارم 47 کے ذریعے مسلط کردہ حکومت کو قبول نہیں کرتے، جمہوری وطن پارٹی

بلوچستان کے عوام مزید ناانصافی اور جبر برداشت نہیں کریں گے، مرکزی بیان

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 2 ستمبر کو سردار عطا اللہ مینگل کی برسی کے موقع پر ہونے والے خودکش حملے نے پورے بلوچستان کو ہلا کر رکھ دیا۔ اس المناک سانحے میں درجنوں سیاسی کارکن شہید اور متعدد زخمی ہوئے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

لسبیلہ کے عوام کو صاف و محفوظ پانی کی فراہمی ہمارا مشن ہے، حسین احمد لانگو

پائپ لائنوں کی مرمت، بورنگ کی بحالی اور شکایاتی سیل کے قیام سے عوامی مسائل فوری حل کیے جائیں گے، ایکسئین محکمہ پبلک ہیلتھ

اوتھل (یو این اے) ایکسئین محکمہ پبلک ہیلتھ ضلع لسبیلہ حسین احمد لانگو نے کہا ہے کہ عوام کو پینے کے صاف، محفوظ اور مسلسل پانی کی فراہمی کو یقینی بنانا محکمہ کا مشن ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی آفس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

پی ایچ ای پشین کا شکایات سیل 24 گھنٹے فعال، عوامی مسائل کے فوری حل سے محکمے پر اعتماد میں اضافہ

انجینئر ندیم پانیزئی کی خدمات مثالی، عوام دوست رویہ اور اعلیٰ کارکردگی پر خراج تحسین سیاسی و سماجی رہنماؤں کا بیان

پشین (یو این اے) پشین کے سیاسی و سماجی رہنماؤں اور عوامی نمائندوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پشین کے ایکسئین ندیم پانیزئی کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے عوامی خدمت اور مسائل کے حل میں نئی روایت قائم کی ہے۔ عبدالکبیر کاکڑ، (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

لسبیلہ اور اوتھل میں بارش کا سلسلہ جاری، پہاڑی ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

بارش نے موسم خوشگوار بنا دیا، محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں میں مزید بارش کی پیش گوئی کر دی

لسبیلہ (یو این اے) لسبیلہ، اوتھل اور گردونواح میں رات سے بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے، کہیں تیز اور کہیں ہلکی بارش نے فضا کو خوشگوار بنا دیا ہے۔ بیلہ شہر اور مضافاتی علاقوں میں سرمئی بادل چھائے ہوئے ہیں جبکہ ٹھنڈی ہواؤں نے موسم کو مزید خوشگوار بنا دیا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کوئٹہ، اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے ارکان بلوچستان اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، علی مدد جتک اور سابق سینیٹر کبیر محمد شہی ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر رزاق خان خجک کی بارشوں کے بعد فوری اقدامات کی ہدایت

کوئٹہ (اے این این) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رزاق خان خجک نے گزشتہ روز ہونے والی شدید بارشوں کے بعد شہر اور ضلع بھر میں پانی کے نکاس سمیت دیگر ضروری اقدامات کرنے کی فوری ہدایت جاری کر دی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں اور میونسپل انتظامیہ کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بارش کے باعث نشیبی علاقوں اور گلی محلوں میں جمع ہونے والا برساتی پانی بروقت نکالا جائے تاکہ شہریوں (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

فوری طور پر سیلاب متاثرین کے بلوں پر ٹیکس معاف کیے جائیں گے، رانا تنویر حسین

سیلاب متاثرین کے بجلی کے بلوں پر ٹیکس ختم کرنے کیلئے کام کیا جا رہا ہے، بجلی کے بلوں میں ریلیف وفاقی حکومت دے گی، لینڈ ریونیو صوبائی حکومت معاف کرے گی

متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے جو ہو سکا کیا جائے گا، سیلاب متاثرہ علاقوں کا سروے مکمل ہوتے ہی کسان پیکج کا اعلان کریں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ فوری طور پر سیلاب متاثرین کے بلوں پر ٹیکس معاف کیے جائیں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر رانا تنویر نے کہا کہ سیلاب متاثرین کے بجلی کے بلوں پر ٹیکس ختم کرنے کیلئے کام کیا جا رہا ہے، بجلی کے بلوں میں ریلیف وفاقی حکومت دے گی، لینڈ ریونیو صوبائی حکومت معاف کرے گی۔ رانا تنویر نے کہا ہے کہ سیلاب زدہ علاقوں (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اسلام آباد، وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسم کی صورتحال: گرم اور خشک کے ساتھ بعض علاقوں میں بارش کا امکان

ژوب، سبی، کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ سمیت دیگر علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم محکمہ موسمیات کے مطابق ژوب، قلعہ سیف اللہ، موسیٰ خیل، سبی، کوہلو، لورالائی، بارکھان، ڈیرہ بگٹی اور کوئٹہ میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ اسی طرح زیارت، مستونگ، نصیر آباد، لسبیلہ، خضدار، قلات، آواران، خاران، پنجگور، اورماڑہ، پسنی اور گوادر میں بھی تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش کی بھی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32، قلات 27، (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

بارش نے گرمی کا زور توڑ دیا، نشیبی علاقے زیر آب، بجلی 14 گھنٹے بعد بحال

سبی، لہڑی اور بختیار آباد میں وقفے وقفے سے بارش، دریائے ناڑی و تلی ندی میں سیلابی ریلے

سبی (یو این اے) سبی، لہڑی، بختیار آباد اور گرد و نواح میں گزشتہ روز سے وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ آسمان پر گہرے سیاہ بادلوں کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا اور گرمی کی شدت کم ہونے سے شہریوں کے چہرے کھل اٹھے۔ تاہم بارش کے ساتھ ہی بجلی غائب ہو گئی جو لہڑی فیڈر پر 14 گھنٹے بعد بحال کی گئی۔ بارشوں کے باعث دریائے ناڑی، دریائے لہڑی اور تلی ندی میں سیلابی ریلوں کی آمد جاری ہے۔ محکمہ آبپاشی کے مطابق دریائے ناڑی سے 25 ہزار کیوسک، تلی ندی سے 47 ہزار 600 کیوسک جبکہ دریائے لہڑی سے 1272 کیوسک (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

رہنماؤں و سیاسی کارکنوں کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، پھلین بلوچ

بلوچستان کی تمام سیاسی پارٹیاں محب وطن، صوبے سے محبت کرنے والے لوگ ہیں، بیان

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی سمیت آل پارٹیز اور بلوچستان کی قوم پرست سیاسی جماعتوں کی اپیل پر صوبائی دارالحکومت سمیت بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کی گئی، جس کے باعث صوبے کے بیشتر شہروں میں کاروباری و تجارتی مراکز مکمل طور پر بند اور سڑکوں پر ٹریفک نہ ہونے کے برابر رہی، بڑی شاہراہوں پر بھی رکاوٹیں کھڑی کر کے آمد و رفت معطل کر دی گئی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تمام سیاسی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

حب میں بارشوں کا سلسلہ جاری، گلی محلوں میں پانی جمع، سیوریج نظام ناکام

بارش کے بعد حب سیلابی منظر پیش کرنے لگا، کچرے کے ڈھیر اور مچھروں کی یلغار سے شہری پریشان

کوئٹہ (یو این اے) ملک بھر کی طرح بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں بھی گزشتہ روز سے وقفے وقفے سے کہیں ہلکی تو کہیں تیز بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ بارش کے باعث شہر کی گلیاں اور محلے سیلابی منظر پیش کر رہے ہیں جبکہ سیوریج کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو گیا ہے۔ گندے پانی کے جمع ہونے اور کچرے کے ڈھیر لگنے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ صورتحال نے مچھروں کی یلغار اور بیماریوں کے پھیلا کی خدشہ بھی بڑھا دیا ہے، جس پر شہریوں نے انتظامیہ سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 01

اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ نکتہ نظر پر مبنی ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط اور ادارہ جاتی تعاون خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارت میں اضافہ ہوا ہے اور اس سے مزید وسعت دینا ہوگا۔ صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت اور روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے قازقستان کی خطے میں سڑک، ریل اور فضائی روابط میں شرکت کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ براہ راست فضائی روابط سے کاروباری اور عوامی تعلقات کو فروغ ملے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان قازق صدر کے دورے کا منتظر ہے، ان کا دورہ نئے مواقع پیدا کرے گا اور تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا۔ قازقستان کے وزیر خارجہ نے کہا ان کا دورہ قازق صدر کے آئندہ سرکاری دورے کی تیاری کا حصہ ہے اور انہوں نے پاکستان کے ساتھ شراکت داری مزید گہری کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 02

کے 200 سے زائد کارکنوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتاریاں دفعہ 144 کی خلاف ورزی، امن عامہ میں خلل ڈالنے اور سڑکوں کی بندش جیسے الزامات کے تحت عمل میں لائی گئیں۔ ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد بلوچ کے مطابق گزشتہ روز شہر میں بعض سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے احتجاجی ریلیاں نکالیں، سڑکیں بند کیں اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ متعدد مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان کشیدگی بھی پیدا ہوئی، جس کے بعد مختلف تھانوں کی حدود سے مجموعی طور پر 200 سے زائد کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ گرفتار کارکنوں کے خلاف مقدمات درج کرلیے گئے ہیں اور مزید تفتیش جاری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون سب کے لیے برابر ہے اور جو عناصر شہریوں کی زندگیوں میں خلل ڈالیں گے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب گرفتار کارکنوں کی سیاسی جماعتوں نے ان اقدامات کو انتقامی کارروائی قرار دیا ہے اور ان رہنماں کا کہنا ہے کہ احتجاج ہر شہری کا آئینی و جمہوری حق ہے، جسے دبانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سیاسی وسماجی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حالات کو مزید کشیدہ ہونے سے بچانے کے لیے تمام فریقین کو مذاکرات کی میز پر لایا جائے۔

بقیہ 03

غیر ملکی سمیت متعدد افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے کمپوزٹ سرکل گوادر نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں ایک ایرانی شہری بھی شامل ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ہونے والوں میں 3 کا تعلق گوجرانوالہ، 3 کا منڈی بہاالدین، 4 کا سانگھڑ اور 3 کا تعلق شیخوپورہ سے ہے۔ ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ 9 ملزمان سمندر کے راستے غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش کررہے تھے تاکہ آگے دیگر ممالک جا سکیں۔ ان تمام افراد کو جیوانی سے گرفتار کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ مزید 5 ملزمان کو غیر قانونی طور پر پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کے دوران حراست میں لیا گیا جن میں ایک ایرانی شہری بھی شامل ہے۔ یہ افراد پی بی 250 گبد لینڈ روٹ کے ذریعے پاکستان میں داخل ہورہے تھے۔ ایف آئی اے نے تمام ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیے ہیں اور انہیں حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 04

کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک ریفریجریٹر ٹرک ٹریلر سے 113 کلوگرام میتھ ایمفیٹامائن (آئس) برآمد کر کے ایک بڑی ڈرگ ٹریفکنگ آرگنائزیشن کو بے نقاب کر دیا۔ ترجمان کے مطابق یہ نیٹ ورک واشوک کے حاجی شبیر بلوچ کی سربراہی میں چاغی سے خاران، مکران ساحلی پٹی اور کراچی کے ذریعے منشیات اسمگل کر کے بین الاقوامی منڈیوں تک پہنچاتا تھا۔ خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائی میں ٹرک ڈرائیور محمد آصف کو گرفتار کیا گیا جبکہ ٹرک کے خفیہ خانے سے بھاری مقدار میں آئس برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزم، برآمد شدہ منشیات اور ضبط شدہ ٹرک مزید تحقیقات کے لیے اے این ایف پولیس اسٹیشن گوادر منتقل کر دیے گئے ہیں، جبکہ نیٹ ورک کے دیگر اراکین کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔ اے این ایف کے مطابق یہ کامیاب کارروائی اس بات کا ثبوت ہے کہ محدود وسائل کے باوجود ادارہ منظم انداز میں ڈرگ نیٹ ورکس کو توڑنے، ان کی سپلائی چین ٹریس کرنے اور آئس کی لعنت سے نوجوان نسل کو محفوظ رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 05

سرزلش ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے لیے مفید ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے ایف بی آر کو ٹیکس دہندگان کے لیے کاروبار دوست ماحول اور ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی جبکہ ٹیکس چور افراد کی شناخت اور ان سے محصولات کی وصولی کے لیے پروفیشنلز کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ٹیکس چوری کرنے والے افراد اور کمپنیوں کی شناخت کے لیے نہ صرف ایف بی آر میں موجود افرادی قوت بلکہ نجی شعبے کی خدمات بھی حاصل کی جائیں۔ وزیراعظم نے حکومت کے ٹیکس چوری کے خلاف اقدامات کے حوالے سے عوام کے لیے آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کی اور کہا کہ کسٹم کلیرنس میں مس ڈیکلیریشن اور انڈر انوائسنگ کے تھرڈ پارٹی جائزے کے لئے بہترین بیرون ملک آڈیٹرز کا انتخاب کیا جائے۔ تھرڈ پارٹی جائزے کو جاری رکھا جائے تاکہ سسٹم کے اندر خامیوں کی نشاندھی ہوسکے، اور اسکو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اجلاس میں وزیراعظم کو ٹیکس چوروں کی شناخت کے لیے اقدامات، ٹیکس پیئر ڈائریکٹری اور محصولات میں اضافے کے لیے سپر آڈیٹرز کے ذریعے لیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی اور بتایا گیا کہ انکم اور سیلز ٹیکس دہندگان کی پزیرائی کے لیے ٹیکس پیئر ڈائریکٹری کی تکمیل پر کام تیزی سے جاری ہے، کسٹم کلیرنس میں مس ڈیکلیریشن اور انڈر انوائسنگ کے تھرڈ پارٹی جائزہ کے لئے ایک سائنٹفک آڈٹنگ نظام ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نظام کے تحت سپر آڈیٹرز کا تعین کیا گیا جنھوں نے کسٹم کلیرنس اور رسک مینیجمنٹ سسٹم کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس جائزے سے مرتب شدہ نتائج کو رسک مینیجمنٹ سسٹم میں بہتری کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 06

انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جو افسران ایمانداری، محنت اور خلوصِ نیت کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں گے، نہ صرف ان کی مکمل سرپرستی کی جائے گی بلکہ ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں انعامات سے بھی نوازا جائے گا۔ اس موقع پر چیف جسٹس نے جوڈیشل افسران کے مسائل بذاتِ خود سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری حل کے احکامات صادر فرمائے۔ تقریب میں عدالتِ عالیہ کے جج صاحبان جسٹس اقبال احمد کاسی، جسٹس سردار احمد حلیمی اور رجسٹرار عبدالقیوم لہڑی بھی شریک تھے۔

بقیہ 07

قبائلی عمائدین، علما اور عوام کی ایک بڑی تعداد موجود تھی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مولوی نور اللہ نے کبھی اپنی ذات کے لیے مطالبہ نہیں کیا بلکہ ہمیشہ عوامی مسائل اور حلقے کے مفادات کے لیے آواز بلند کی، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ قلعہ سیف اللہ کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اور عوام سے ملنے کے لیے ہر مشکل کو خاطر میں نہیں لاتے ہیں سے اکثر اوقات ان کا گزر رہا ہے اور یہیں عزیز دوست ہیں انہوں نے کہا کہ مذہب کے نام پر بندوق اٹھانے والے دراصل دین کے دشمن اور ظالم ہیں، اسلام امن، بھائی چارے اور رواداری کا دین ہے۔ اسی طرح بلوچ قوم پرستی یا حقوق کے نام پر ہتھیار اٹھانے والے بھی محض ملک توڑنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں اور معصوم انسانوں کے قتل کے ذمہ دار ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں اور مسافروں کا قتل ناقابلِ معافی جرم ہے وزیر اعلیٰ نے کوئٹہ میں سیاسی جلسے پر حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن دہشت گردی کے خلاف پورا بلوچستان متحد ہے دہشت گردوں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے متاثرہ جماعت کے قائدین، رہنماں، کارکنوں اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری اور سیاسی جماعت کا بنیادی حق ہے مگر سڑکوں کی جبرا بندش، ٹائر جلانا اور عوام کو اذیت میں مبتلا کرنا آئین وقانون کے منافی ہے انہوں نے واضح کیا کہ وہ کسی کو بھی مریضوں، مسافروں اور عام شہریوں کی زندگی خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے اور آئین وقانون کے ساتھ کھڑے رہیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ کے مطالبات پر قلعہ سیف اللہ و گردونواح کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کیے انہوں نے کہا کہ صوبے بھر میں انتظامی بنیادوں پر نئے اضلاع قائم کیے جارہے ہیں اور انشاءاللہ مسلم باغ کو بھی جلد ضلع بنایا جائے گا اسی طرح قلعہ سیف اللہ میں دانش اسکول وہیں قائم کیا جائے گا جہاں وزیراعظم پاکستان نے اعلان کیا ہے، تاہم عدلیہ کے فیصلے کو مقدم رکھا جائے گا وزیر اعلیٰ نے اعلان کیا کہ سرکی روڈ)مرغا فقیر سے کرم تک(اور جوشن نرئی تا ایشوت روڈ کے منصوبے فزیبلٹی کے بعد وسائل کی فراہمی پر مکمل کیے جائیں گے انہوں نے فٹبال اسٹیڈیم کے لیے ایک ٹریکٹر بمعہ مشین، تماشائیوں کے لیے شیڈز، کھلاڑیوں کے آلات اور گرانڈ کی دیکھ بھال کے لیے 50 لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان بھر میں لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا جارہا ہے تاہم لیویز ہو یا پولیس قلعہ سیف اللہ کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے معدنی وسائل پر سب سے پہلا حق مقامی عوام کا ہے، کسی کو ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی البتہ بین الاقوامی ماہرین صرف وہاں شامل ہوں گے جہاں مقامی استعداد ناکافی ہو۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے وسائل پر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیا جائے گا، سرفراز بگٹی عوام کا محافظ بن کر کھڑا رہے گا وزیر اعلیٰ نے کان مہترزئی ڈیم کی تعمیر کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پانی کے ضیاع کو روکنے اور مستقبل کے بحران سے بچنے کے لیے ڈیموں کی تعمیر ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ بادینی گیٹ اور بازارلی ٹرمینل کی تعمیر قومی ضرورت ہے اس سے وسطی ایشیا اور پنجاب کے ساتھ تجارتی روابط میں آسانی پیدا ہوگی وفاقی حکومت اس منصوبے پر کام کررہی ہے اور جلد اس کی تکمیل متوقع ہے خطاب کے اختتام پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مولوی نور اللہ، نواب ایاز خان جوگیزئی اور عوام کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ قبائلی احترام اور بھائی چارے کا رشتہ اٹوٹ ہے کوئی طاقت اسے ختم نہیں کرسکتی انہوں نے جلسے میں شریک عوام کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ 08

جان دومڑ نے واقعے کا سخت نوٹس لیتے ہوئے علاقے کو گھیرے میں لینے اور ملزمان کی فوری تلاش کا حکم دیا۔ ان کے مطابق ضلع کے تمام داخلی وخارجی راستوں پر ناکہ بندی کردی گئی ہے تاکہ ملزمان فرار نہ ہوسکیں۔ رسالدار میجر شیر محمد کے مطابق تمام ناکوں پر سخت چیکنگ کی جارہی ہے۔ ادھر ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی جہاں اسسٹنٹ کمشنر کبیر مزاری بھاری نفری کے ہمراہ پہنچ گئے۔ ڈاکٹرز کی ٹیم نے پوسٹ مارٹم مکمل کرنے کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردیں۔ پولیس اور لیویز کے تفتیشی افسران نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے یقین دلایا ہے کہ ملزمان کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 09

مضافاتی علاقوں میں اشیا خورد ونوش کے مراکز پر کارروائی کرتے ہوئے صفائی کے ناقص انتظامات، غیر معیاری اشیا کی فروخت اور ملاوٹ پر سخت کارروائی کی۔ فوڈ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق چیکنگ کے دوران کئی سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جن میں صفائی کی ابتر صورتحال، عملے کا بغیر ماسک، ہیڈ کور اور دستانوں کے کام کرنا اور اشیا پر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخ درج نہ ہونا شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران بعض جنرل اسٹورز میں دودھ میں پانی کی ملاوٹ پائی گئی جس پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے، جب کہ بیکنگ یونٹس میں ناقص صفائی اور غیر معیاری طریقہ کار پر بھی جرمانہ کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ عوامی صحت کے ساتھ کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور تمام مراکز کو وارننگ جاری کردی گئی ہے۔ آئندہ چیکنگ میں بہتری نہ لانے پر متعلقہ مراکز کے خلاف سیلنگ اور قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔

بقیہ 10

زرکون کی کوششوں اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے صوابدیدی فنڈز سے تعمیر ہونے والا جدید نیو بس اسٹینڈ مختصر عرصے میں مکمل کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بڑھتی آبادی اور ٹریفک مسائل، خاص طور پر اسکول کے اوقات اور مریضوں کے طویل انتظار کے باعث یہ منصوبہ شروع کیا گیا۔ نیو بس اسٹینڈ میں جدید ویٹنگ روم، واش رومز، ہوٹل، پرچون کی دکانیں اور مکینک / انجینئرنگ ورکشاپس کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو اعظم جان دوہمڑ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کبیر احمد مزاری نے ٹرانسپورٹروں کے ساتھ اجلاس کیا، جس میں واضح کیا گیا کہ دو سے تین دن کے اندر تمام ٹرانسپورٹروں کو نیو بس اسٹینڈ میں منتقل ہونا ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ انکار کرنے والے ٹرانسپورٹروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نیو بس اسٹینڈ کی تکمیل سے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات اور ٹریفک مسائل کے حل کی توقع کی جارہی ہے۔

بقیہ 11

اور ایک گیٹ کیپر کو مبینہ طور پر خورد برد میں ملوث قرار دیتے ہوئے معطل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 12

قابل تحسین قرار دیا۔ اپنے خطاب میں آئی جی ایف سی نے کہا کہ تعلیم یافتہ نوجوان ہی قوموں کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور یہی نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ کالج انتظامیہ اور طلبا نے آئی جی ایف سی ساتھ بلوچستان کے اس دورے کو خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ 13

نے 2 ستمبر کو شاہوانی اسٹیڈیم کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کے بعد سامنے آنے والے سیاسی وسماجی ردعمل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں، سماجی انجمنوں، وکلا، طلبا اور سول سوسائٹی نے پرامن احتجاج کیا جو آئینی و جمہوری دائرہ کار میں تھا مگر حکومت نے اس کے جواب میں لاٹھی چارج، آنسو گیس کی شیلنگ اور بے جا گرفتاریوں کا سہارا لیا، جو جمہوری اقدار کے منافی اور قابل افسوس ہے۔ سردار کمال خان بنگلزئی نے کہا کہ سیاست میں برداشت، رواداری اور مکالمہ بنیادی اصول ہیں مگر حکومت کا طرز عمل ان اصولوں کے برعکس ہے۔ طاقت کے استعمال سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ مزید اشتعال اور بداعتمادی کو جنم ملے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر گرفتار کارکنان کو رہا نہ کیا گیا اور جبر کی روش برقرار رہی تو بلوچستان کا سیاسی ماحول مزید خراب ہوسکتا ہے، جس کی ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔ انہوں نے ریاستی اداروں اور عدلیہ سے اپیل کی کہ وہ پرامن سیاسی کارکنوں کے ساتھ ناانصافیوں کا نوٹس لیں اور جمہوری رویوں کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ نیشنل پارٹی پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور ایسے اقدامات کی حمایت کرتی ہے جو عوامی حقوق، انصاف اور امن کے فروغ کے لیے ہوں۔

بقیہ 14

کہا کہ بلوچستان بھر میں قومی شاہراہوں پر پہیہ جام اور شہروں میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام نے حکومت کی غلط اور عوام دشمن پالیسیوں کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 ستمبر کو کوئٹہ میں پیش آنے والا سانحہ صرف ایک پارٹی پر نہیں بلکہ تمام سیاسی قوتوں اور جمہوری سرگرمیوں پر حملہ ہے، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر اس طرح کے بزدلانہ ہتھکنڈے نہ روکے گئے تو عوام کا بچا کھچا اعتماد بھی ریاست سے مکمل ختم ہو جائے گا۔ پرنس موسی جان احمدزئی نے کہا کہ آل پارٹیز کی کال پر کامیاب ہڑتال سیاسی جماعتوں کی بڑی فتح ہے، حکومت کو چاہیے کہ عوام کی آواز سنے اور ان کے جائز مطالبات تسلیم کرے، ورنہ عوامی ردعمل مزید شدت اختیار کرسکتا ہے۔ اس موقع پر حکیم طاہر مجید لہڑی اور دیگر سیاسی قیدیوں نے بھی حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے حقوق کے لیے پرامن جدوجہد جاری رکھیں۔ پریس کانفرنس میں بی این پی کے رہنماں، کارکنوں اور صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 15

زمان علیزئی، ایڈووکیٹ فہد رف رند اور ایڈووکیٹ اعجاز سارنگزئی کی قانونی جدوجہد نے مرکزی کردار ادا کیا۔ انہوں نے عدالت کو آئینی دلائل کی روشنی میں قائل کیا کہ یہ گرفتاریاں بنیادی انسانی حقوق کے منافی تھیں۔ رہا ہونے والوں میں بی این پی کے ضلعی صدر حاجی انور مینگل، نیشنل پارٹی کے صدر میر سکندر ملازئی، پی ٹی آئی مستونگ کے صدر بابل بلوچ، بی ایس او کے سابق چیئرمین جہانگیر منظور بلوچ سمیت دیگر کئی کارکن شامل ہیں۔ ان کی گرفتاریوں کو سیاسی جماعتوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں نے آزادی اظہار اور جمہوری عمل کو دبانے کے مترادف قرار دیا تھا۔ سیاسی جماعتوں نے عدالتی فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ جمہوریت اور آئین کی فتح ہے۔ ایڈووکیٹ حمید بنگلزئی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ فیصلہ سیاسی آزادی اور آئینی بالادستی کی کامیابی ہے، وکلا برادری مستقبل میں بھی بے گناہ سیاسی کارکنوں کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ عوامی وسیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ عدالتی فیصلہ نہ صرف مستونگ بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ایک نظیر ہے، جو اس بات کا پیغام دیتا ہے کہ عدلیہ آزاد ہے اور سیاسی انتقام کے خلاف مضبوط دیوار ثابت ہوسکتی ہے۔

بقیہ 16

پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش مہر، ڈینز، ڈائریکٹرز، اساتذہ اور دیگر ذمہ داران شریک ہوئے جبکہ ایڈیشنل سیکریٹری کالجز جہانزیب اور ڈائریکٹر کریکولم ایچ ای سی ڈاکٹر فریدہ انجم نے جی این ایم شرکت کی۔ اجلاس میں سابقہ کارروائی کی توثیق، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کی رپورٹ اور تعلیمی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ کونسل نے انڈر گریجویٹ پروگرامز کے نئے نام، بی ایس پروگرامز کے لیے تھیسس فارمیٹ و رہنما اصول، سمسٹر رولز و ریگولیشنز میں ترامیم اور معیاری انرولمنٹ نمبرنگ سسٹم کی منظوری دی۔ اس کے علاوہ ڈگری وٹرانسکرپٹ فیسوں کی تنظیم نو، ایجوکیشن اور کمپیوٹر سائنس ڈیپارٹمنٹس کی بورڈ آف اسٹڈیز کی کارروائی کی توثیق بھی کی گئی۔ اجلاس میں فاٹا طلبہ کے لیے مختص نشستوں، مرکزی لائبریری میں فوکل کارنر کے قیام اور وفاقی تعلیمی پالیسیوں پر عملدر آمد کے امور پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے کہا کہ جامعہ گوادر اپنی اسٹریٹجک اہمیت کے باعث علمی و تحقیقی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے ہائر ایجوکیشن کمیشن، حکومت بلوچستان اور اساتذہ و انتظامیہ کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہی کی لگن سے جامعہ کی تیز رفتار ترقی ممکن ہورہی ہے۔ اجلاس کے اختتام پر وائس چانسلر نے اکیڈمک کونسل کے معزز اراکین کو ان کی خدمات کے اعتراف میں شیلڈز پیش کیں۔

بقیہ 17

پر واپس آنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لسبیلہ اور حب کے ساحلی مقامات ڈام، گڈانی، کنڈملیر، رسملان، سپٹ اور گاگو بندر سمیت بلوچستان کے سمندر میں ٹرالرز کی کھلم کھلا غیر قانونی کارروائیاں جاری ہیں۔ نایاب اور قیمتی مچھلیاں تیزی سے ناپید ہورہی ہیں جبکہ سمندری ماحول کو بھی ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ مقامی ماہی گیر روزانہ ڈیزل، برف اور دیگر اخراجات پر ہزاروں روپے خرچ کرنے کے باوجود شکار سے محروم ہیں۔ غربت اور فاقہ کشی نے ان کے گھروں کو گھیر لیا ہے، بچے تعلیم وعلاج سے محروم ہوگئے ہیں اور نوجوان روزگار کی تلاش میں کراچی یا بیرون ملک ہجرت پر مجبور ہورہے ہیں۔ بعض نوجوان مایوسی کے باعث جرائم کی دنیا میں قدم رکھ چکے ہیں۔ ماہی گیروں کا کہنا ہے کہ پاکستانی قوانین کے مطابق سندھ کے ٹرالرز کا بلوچستان کی سمندری حدود میں داخلہ ممنوع ہے مگر قانون نافذ کرنے والے ادارے اور محکمہ فشریز خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ ماضی میں بارہا احتجاج، دھرنے اور ریلیاں نکالی گئیں لیکن ان کی آواز ایوانِ اقتدار تک نہ پہنچ سکی۔ ماہی گیروں نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو بلوچستان کا سمندر تباہ ہو جائے گا، لاکھوں خاندان روزگار سے محروم ہو جائیں گے اور آنے والی نسلوں کے حصے میں بھوک اور افلاس کے سوا کچھ نہیں بچے گا۔

بقیہ 18

کسان کی مدد کی جائے کیوں کہ نقصان کے سب وہ مزید مشکل میں ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا وفاق سے درخواست ہے کہ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے امداد فراہم کی جائے ہم تمام صوبوں کے لیے یہ درخواست کررہے ہیں اس حوالے سے وزیراعظم سے درخواست کرچکا ہوں کہ اس میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے مگر تاخیر ہورہی ہے، حکومت پنجاب میں سیلاب کا سامنا کرنے کی طاقت موجود ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پیپلز پارٹی ملک میں نئے ڈیموں کی تعمیر کی حمایت کرتی ہے، سیاسی اتفاق نہ پانے والے متنازع ڈیموں پر آواز اٹھاتے ہیں۔

بقیہ 19

90 ملین ڈالر کے ایگریکلچر ریزیلینس فنڈ پر پیش رفت سے آگاہ کیا جو زرعی شعبے میں موسمیاتی تبدیلیوں سے موافقت کے لیے فنانس سہولت کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں شامل ہے، پاکستان کو اپنی زرعی معیشت میں سنگین چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ میں موسمیاتی موزونیت، غذائی تحفظ اور دیہی علاقوں میں روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے جدید مالیاتی ماڈلز اپنانے کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے پاکستان کے ساتھ تعاون اور پائیدار حمایت کے حوالہ سے ایکومن کے عزم کا خیرمقدم کیا اور خوراک کے نظام کو مضبوط بنانے، اسمارٹ فارمنگ کو فروغ دینے اور زرعی کاروبار میں سرمایہ کاری کے ذریعے کسانوں کی لچک بڑھانے کے حوالہ سے ایکومن پاکستان کی کاوشوں کی تعریف کی۔ وزیر خزانہ نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت پاکستان کے پائیدار ترقی اور ماحولیاتی لچک کے ایجنڈے سے مطابقت کے حوالہ سے سرمایہ کاری اقدامات کی مکمل حمایت کرے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ملک کے بہتر ہوتے معاشی اشاریوں اور مستقبل کی مثبت سمت کے تناظر میں ایکومن کے بورڈ ممبران اور عالمی سرمایہ کاروں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطح کا وفد اگلے ماہ پاکستان کا دورہ کرے گا، وفد اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں اہم شراکت داروں کے ساتھ ملاقاتیں کرے گا، اجلاس میں فریقین نے پاکستان میں مضبوط اور پائیدار زرعی شعبے کی ترقی کے لیے تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 20

۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران لسبیلہ اور گرد ونواح میں مزید بارش کا امکان ہے۔ دوسری جانب پہاڑی علاقوں میں مسلسل بارش کے باعث ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے جس پر ضلعی انتظامیہ نے الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ کنراج اور دیگر علاقوں میں بھی بارش کا سلسلہ صبح سے جاری ہے، شہریوں نے خوشگوار موسم سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ ممکنہ طغیانی اور سیلابی صورتحال سے بچنے کے لیے پیشگی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 21

محمد ناصر ترین اور عبداللہ سرگڑھ سمیت متعدد شخصیات نے کہا کہ انجینئر ندیم پانیزئی کا دوستانہ اور خدمت گزار رویہ عوامی اعتماد کی بحالی میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شکایات سیل کو 24 گھنٹے فعال رکھنا ایک انقلابی قدم ہے، جس سے عوام کو فوری ریلیف مل رہا ہے اور مسائل بروقت حل کیے جا رہے ہیں۔ رہنماں نے کہا کہ پانی جیسی بنیادی ضرورت کی فراہمی میں انجینئر ندیم پانیزئی کی سنجیدہ کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پشین کی حالیہ کارکردگی دیگر اضلاع کے لیے ایک مثال بن چکی ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایسے محنتی اور عوام دوست افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ مزید دلجمعی کے ساتھ عوامی خدمت سرانجام دے سکیں۔

بقیہ 22

میں بجلی کے اضافی بلوں کا نوٹس لیں گے، سیلاب متاثرہ علاقوں میں یہ وہ بل ہیں جو پہلے ہی پرنٹ ہوچکے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ سیلاب متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے جو ہوسکا کیا جائے گا، سیلاب متاثرہ علاقوں کا سروے مکمل ہوتے ہی کسان پیکج کا اعلان کریں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ رواں ماہ کے وسط تک سیلاب متاثرہ علاقوں کا سروے مکمل کرلیا جائے گا، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فصلوں کے نقصانات کا ابتدائی ڈیٹا مرتب کرلیا گیا ہے، سیلاب میں ہر فصل کا ایک سے تین فیصد تک نقصان ہوچکا ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ سب سے زیادہ گوجرانوالہ ڈویژن میں فصلوں کا 18 فیصد تک نقصان ہوچکا، سیلاب کے دوران دھان کی فصل کا سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔

بقیہ 23

پارٹیاں محبِ وطن اور صوبے سے محبت کرنے والے لوگ ہیں، ہم کبھی نہیں چاہیں گے کہ بلوچستان میں دہشت گردی ہو اور بے گناہ لوگوں کا خون بہایا جائے، پرامن احتجاج کو سبوتاژ کرنے کے لیے طاقت کا استعمال کیا گیا اور نیشنل پارٹی سمیت دیگر جماعتوں کے رہنماوں سمیت سینکڑوں کارکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے نیاز بلوچ، علی احمد لانگو سمیت دیگر درجنوں اہم رہنماؤں کو کوئٹہ سے گرفتار کر کے مختلف تھانوں میں بند کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صوبے کی تاریخ کی کامیاب ترین ہڑتال تھی جس میں ژوب سے لے کر گوادر تک تمام شہر اور شاہراہیں بند رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کی جانب سے نیشنل پارٹی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، بلوچستان نیشنل پارٹی، اے این پی، جماعت اسلامی، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی، صوبائی اور دیگر رہنماں کو گرفتار کر کے مختلف تھانوں میں بند کردیا گیا، اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پھلین بلوچ نے کہا کہ پرامن سیاسی جدوجہد کو کسی بھی قوت نے طاقت اور جبر کے ذریعے ختم نہیں کیا بلکہ ایسے اقدامات نے ہمیشہ عوامی تحریکوں کو مزید منظم اور مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس غیر جمہوری طرزِ عمل کی شدید مذمت کرتے ہیں اور واضح کرنا چاہتے ہیں کہ عوام کے آئینی و جمہوری حقِ احتجاج کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش ناکام ثابت ہوگی۔ پھلین بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی اور دیگر جمہوری قوتیں عوامی حقوق، جمہوریت اور آئین کے دفاع کی جدوجہد جاری رکھیں گی، چاہے اس کے لیے کتنی بھی قربانیاں کیوں نہ دینی پڑیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے پرامن طریقے سے اپنے جمہوری حقوق کا اظہار کیا، عوام اپنی قربانیوں اور جدوجہد کے ذریعے جمہوری بالادستی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ انہوں نے فوری طور پر گرفتار سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی رہائی، مظاہرین پر طاقت کے استعمال کی تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی اور اتحادی جماعتیں عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں اور اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گی۔

بقیہ 24

پانی گزر رہا ہے۔ سیلابی ریلوں اور بارش کے باعث نشیبی علاقے زیر آب آگئے ہیں، جس پر ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 25

زیارت 24، ژوب 30، سبی 39، تربت 38، نوکنڈی 42، چمن 34، گوادر 32 اور جیوانی 30 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 26

کو کسی قسم کی دشواری یا وبائی امراض کے پھیلاؤ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈپٹی کمشنر رزاق خان خجک نے مزید کہا کہ تمام ادارے ہنگامی بنیادوں پر اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، صفائی ستھرائی کے عمل کو تیز کیا جائے اور متاثرہ علاقوں میں جراثیم کش ادویات کا چھڑکاؤ یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں تاکہ بارش کے بعد پیدا ہونے والی مشکلات کو جلد از جلد دور کیا جاسکے ڈپٹی کمشنر رزاق خان خجک نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور عوام کی سہولت وتحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 27

اوتھل کے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں پانی کے انفرااسٹرکچر کی مرمت، پائپ لائنز کی بہتری اور بورنگ کی بحالی پر تیزی سے کام جاری ہے جبکہ وہ خود اوتھل، بیلہ اور لاکھڑا سمیت اہم علاقوں کے دورے کر کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ عوام کو کسی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ ایکسین نے اعلان کیا کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے ایک باقاعدہ شکایتی سیل قائم کیا جارہا ہے جو 24 گھنٹے فعال رہے گا، جہاں عوام اپنی شکایات براہ راست درج کروا سکیں گے اور ان پر فوری ایکشن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی کی فراہمی کو محض ترقیاتی منصوبہ نہیں بلکہ عوامی صحت اور فلاح کا معاملہ سمجھ کر کام کیا جارہا ہے، اس لیے منصوبوں کی شفاف، معیاری اور بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے۔ ایکسین حسین احمد لانگو نے عوام سے اپیل کی کہ پانی کے استعمال میں احتیاط کریں اور کسی بھی مسئلے کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ محکمے کو اطلاع دیں۔

بقیہ 28

پارٹی کے مطابق یہ حملہ صرف چند افراد یا جماعت پر نہیں بلکہ پورے بلوچستان کی سیاسی جدوجہد کو نشانہ بنانے کے مترادف تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ اس بزدلانہ حملے کے خلاف 8 ستمبر کو بلوچستان بھر میں ہونے والی تاریخی شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال، عوام کا ریفرنڈم ثابت ہوئی، جس میں واضح پیغام دیا گیا کہ وہ فارم 47 کے ذریعے مسلط کردہ حکومت کو قبول نہیں کرتے۔ جمہوری وطن پارٹی کے مطابق عوام نے اپنے خون اور قربانیوں سے یہ ثابت کیا کہ وہ صرف منتخب حکومت کو تسلیم کریں گے۔ پارٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا اصل جمہوری حق دیا جائے، فارم 47 کے ذریعے مسلط شدہ جعلی حکومت کو ختم کیا جائے اور عوام کے ووٹوں کی امانت ان کو واپس کی جائے۔ بصورت دیگر بلوچستان کے عوام مزید ناانصافی اور جبر برداشت نہیں کریں گے۔

بقیہ 29

68 ہزار 914 ارب روپے تھا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق وفاقی حکومت کا مقامی قرض 15.5 فیصد بڑھ کر 54 ہزار 471 ارب روپے ہوگیا۔ وفاقی حکومت کا بیرونی قرض 7.6 فیصد بڑھ کر 23 ہزار 417 ارب روپے ہوگیا ہے۔

بقیہ 30

کی اور گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ سردار اختر مینگل نے مرحوم کی قبائلی خدمات اور عوامی وابستگی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیروز خان لہڑی بردبار، مدبر اور مخلص رہنما تھے جنہوں نے بلوچ قوم کی خدمت، قبائلی یکجہتی اور علاقائی اتحاد کے لیے بے لوث جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی وفات سے بلوچستان ایک سنجیدہ اور نڈر رہنما سے محروم ہوگیا ہے، جن کا خلا برسوں محسوس کیا جاتا رہے گا۔ اس موقع پر بی این پی کے رہنما ثنا بلوچ، اختر حسین لانگو، شکری شفقت لانگو، میر مقبول لہڑی، حاجی وحید لہڑی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ وفد نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر و ہمت کی دعا کی۔ لہڑی ہاس میں مختلف قبائل، سیاسی وسماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی، جنہوں نے فیروز خان لہڑی کی خدمات کو بلوچستان کی تاریخ کا روشن باب قرار دیا۔ آخر میں اجتماعی دعا اور قرآن خوانی کا اہتمام بھی کیا گیا۔

بقیہ 31

پر فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹھیکیدار اور انجینئرز کو ہدایت دی کہ دکانداروں کی تجاویز کے مطابق نکاسی آب کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے لیڈیز بازار روڈ پر بجری ڈال کر سطح بلند کرنے کے احکامات بھی جاری کیے تاکہ پانی جمع نہ ہو۔ اس موقع پر چیئرمین اور چیف آفیسر نے ٹف ٹائل کے کام کا معائنہ کیا اور کہا کہ جہاں دکانداروں کو تحفظات ہیں انہیں دور کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ میونسپل کمیٹی اوتھل کا عملہ بارشوں کے دوران ایمرجنسی صورتحال میں الرٹ ہے اور عوامی مشکلات کم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر وائس چیئرمین وسیم احمد خاصخیلی، انجینئر فدا، انجینئر عبدالغفار مگسی، جاوید عظیم بلوچ، لیبر انچارج ساجد علی برہ اور دکاندار مولچند لاسی، اندر لعل لاسی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 32

خلق کے جذبے سے سرشار انسان تھے جنہوں نے اپنی زندگی عوامی فلاح، قبائلی ہم آہنگی اور انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ وہ ایک مثالی قبائلی رہنما تھے جنہوں نے امن، بھائی چارے اور یکجہتی کو ہمیشہ فروغ دیا۔ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ مرحوم کی وفات نہ صرف خاندان اور قبیلہ لہڑی بلکہ پورے بلوچستان کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان ہے، ان کی عوام دوستی، سادگی اور عاجزی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے آخر میں دعا کی کہ اللہ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ 33

بشیر احمد نے ایک اور انتہائی پیچیدہ اور جان لیوا آپریشن کامیابی سے مکمل کر کے تحصیل وڈھ کے پہاڑی علاقے تنجڑ سے تعلق رکھنے والی غریب خاتون کی جان بچالی۔ خاتون کو شدید پیٹ درد کی شکایت پر ہسپتال لایا گیا، جہاں ٹیسٹ اور الٹرا ساؤنڈ کے بعد فوری آپریشن تجویز کیا گیا۔ آپریشن کے دوران ڈاکٹر بشیر احمد اور ان کی ٹیم نے خاتون کے پیٹ سے غیر معمولی طور پر بڑی رسولی نکال لی۔ رسولی کا سائز اور وزن دیکھ کر نہ صرف ڈاکٹرز بلکہ اسپتال میں موجود دیگر افراد بھی حیران رہ گئے۔ اس کامیاب آپریشن کے بعد خاتون کی جان بچ گئی، اور وہ صحت یاب ہو رہی ہیں۔ اسپتال آنے والے افراد نے ڈاکٹر بشیر احمد کی مہارت اور خدمت کے جذبے کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر بشیر احمد اس سے قبل بھی متعدد پیچیدہ آپریشنز کامیابی سے انجام دے چکے ہیں اور کئی مریض ان کے ہاتھوں سے صحت یاب ہوئے ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ خضدار میں مشکل ترین حالات کے باوجود عوامی خدمت کو اپنا مقصد بنایا اور کہا کہ اللہ کے فضل سے انسانیت کی خدمت کا مشن جاری رکھیں گے۔

بقیہ 34

کا بیڑہ غرق ہوا۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ پوری دنیا کے سرمایہ کار ہمیشہ پاکستان سے پوچھتے تھے کہ وہ سی پیک میں کیسے حصہ دار بن سکتے ہیں مگر بدقسمتی سے ہماری نظر شاید ہمیں ہی کھا گئی۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں انسانی تاریخ کا سب سے بھیانک تجربہ کیا گیا، ایک قوت کو کہا گیا کہ نیوکلیئر پاور کی باگ ڈور سنبھالو اور حکومت چلانے کی تربیت کرو مگر اس کام کے لیے ایک ایسے شخص کو منتخب کیا گیا جس نے ایک یونین کونسل تک نہیں چلائی تھی، ہم نے اپنے ہاتھوں پاکستان کی پوری گروتھ کریش کر دی۔ انہوں نے چین کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ چین جیسا دوست ملک ہمارے پشت پر کھڑا تھا مگر اس کو کرپشن کے طعنے دیے گئے اور مجبور کیا گیا کہ اس کے سرمایہ کار یہاں سے ویتنام چلے جائیں۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ سیاست سوشل میڈیا کا کھیل نہیں مگر بدقسمتی سے ہم نے سیاست کو سوشل میڈیا کا کھیل بنا دیا، یکم اپریل 2022 کو پاکستان کے اندرونی ڈیفالٹ کی باتیں ہورہی تھیں اور لوگ شرطیں لگا رہے تھے کہ پاکستان کتنے دن میں سری لنکا جیسا بن جائے گا۔ احسن اقبال نے کہا ہے کہ اب دوبارہ اڑان پاکستان پروگرام شروع کیا گیا ہے اور ہمیں اپنی صلاحیت کو بڑھانا ہوگا، آج ہر کوئی مصنوعی ذہانت کی بات کرتا ہے اور ہم نے 2016 میں نیشنل سینٹر فار آرٹیفیشل انٹیلی جنس قائم کیا۔

بقیہ 35

میں پولنگ ہوئی، ووٹنگ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک بلا تعطل جاری رہی، پولنگ کا عمل پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت میں ہوا، کاغذات نامزدگی واپس لینے کا وقت ختم ہونے کے باعث اپوزیشن امیدوار کو بائیکاٹ کے باوجود مقابلے میں شریک قرار دیا گیا، یوں مسلم لیگ ن اور حکومتی اتحادی جماعتوں کی جانب سے رانا ثنا اللہ امیدوار تھے جب کہ اپوزیشن کی طرف سے اعجاز چوہدری کی اہلیہ سلمی اعجاز کو نامزد کیا گیا تھا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا تھا کہ رانا ثنا اللہ کو 263 ووٹوں کی حمایت حاصل تھی اور کسی بھی امیدوار کو جیت کے لیے 182 ووٹ درکار تھے لیکن اپوزیشن کی امیدوار سلمی اعجاز کو صرف 100 ووٹوں کی حمایت حاصل تھی، تاہم ڈپٹی اپوزیشن لیڈر معین قریشی نے اعلان کیا تھا کہ اپوزیشن ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ کرے گی اور کوئی رکن ووٹ کاسٹ نہیں کرے گا، اس لیے اگر کسی رکن نے اسمبلی میں جا کر ووٹ دیا تو وہ پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا۔ بتایا جارہا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں کل نشستیں 371 ہیں جہاں موجودہ اراکین کی تعداد 363 ہے اور 8 نشستیں خالی ہیں، مسلم لیگ (ن) کو سینیٹ الیکشن میں ایوان میں اپنے اراکین 229 ووٹ حاصل تھے، پیپلز پارٹی کے 16، آئی پی پی کے 7، مسلم لیگ (ق) کے 11 ووٹوں کی بھی ن لیگی امیدوار کو حمایت حاصل رہی جب کہ سنی اتحاد کونسل کے 73، تحریک انصاف کے 24 ووٹ اور مجلس وحدت مسلمین کا 1 ووٹ اپوزیشن امیدوار کیلئے یقینی تھا، اسمبلی میں تحریک لبیک اور مسلم لیگ ضیا کا بھی 1، 1 ووٹ تھا۔

بقیہ 36

توسیع کردی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے مقدمات کی سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی 6 اور بشری بی بی کی ایک مقدمے میں ضمانت 7 اکتوبر تک برقرار رکھی۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کو 9 مئی واقعات، اقدام قتل اور احتجاج کے مقدمات میں گرفتاری سے روکنے کے حکم میں توسیع دی جبکہ بشری بی بی کی توشہ خانہ کیس میں جعلی رسیدوں کے الزام پر عبوری ضمانت میں بھی توسیع کر دی گئی۔ سماعت کے دوران بشری بی بی کی ضمانت کی درخواستوں پر آج بھی فیصلہ نہ سنایا جاسکا جبکہ بانی پی ٹی آئی کی درخواستوں پر دلائل مکمل نہیں ہوسکے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشری بی بی کی ضمانت کی درخواستوں پر اکٹھا فیصلہ سنایا جائے گا۔ سماعت کے موقع پر بانی پی ٹی آئی کی جانب سے ایڈووکیٹ خالد یوسف چودھری پیش ہوئے، ان کے خلاف تھانہ ترنول، کراچی کمپنی، کوہسار سمیت دیگر تھانوں میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 37

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سوراب نے ایک مشترکہ بیان میں گزشتہ روز احتجاجی کارکنوں کی گرفتاری کو غیر قانونی اور آئین وقانون کے منافی قرار دیتے ہوئے ایس پی سوراب پر سخت الزامات عائد کیے ہیں۔ ترجمانوں نے کہا کہ سانحہ کوئٹہ شاہوانی اسٹیڈیم دھاکے کے خلاف بلوچستان بھر میں پرامن احتجاج ہورہا تھا، سوراب میں بھی ہمارا احتجاج مکمل طور پر آئینی اور قانونی دائرے میں تھا لیکن ایس پی سوراب نے کرسی کے تکبر اور ناکام کارکردگی کو چھپانے کے لیے طاقت کا استعمال کرتے ہوئے کارکنوں کو 24 گھنٹے تک بغیر کسی ایف آئی آر کے حراست میں رکھا۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اقدام آئین پاکستان، انسانی حقوق اور عوامی آزادیوں پر حملہ ہے، جبکہ ڈی ایس پی اور ایس ایچ او سوراب بھی اس غیر قانونی عمل میں برابر کے شریک ہیں۔ پارٹیوں نے مقف اختیار کیا کہ پولیس کو عوامی رائے دبانے اور انتقامی ایجنڈے کے لیے ذاتی ملیشیا کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے جو ناقابلِ معافی جرم ہے۔ ترجمانوں نے سوراب کی وکلا برادری کو خراجِ تحسین پیش کیا جنہوں نے بروقت عدالتی مداخلت سے رہائی دلائی۔ ان کے مطابق عدالت کے فیصلے نے ثابت کردیا کہ احتجاج جائز اور قانونی تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج پرامن احتجاج کرنے والے جیلوں میں ڈالے جارہے ہیں تو کل عوام کی آزادی بھی سلب کرلی جائے گی، تاہم ہم پولیس کی اس نااہلی اور کرپٹ رویے کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 38

وزیر دفاع یاشار گولر نے اجلاس کی مشترکہ صدارت کی۔ اجلاس کے بعد جاری ہونے والے اعلامیے میں بتایا گیا کہ پاک ترکیہ تجارتی تعلقات میں مزید وسعت پر زور دیا گیا ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ فلسطینی عوام کی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ دونوں ممالک کا اشیاء کی تجارت کے معاہدے پر عملدرآمد تیز کرنے کا اعادہ کیا گیا ہے اس کے علاوہ ترک سرمایہ کاروں کو خصوصی اقتصادی زونز میں سہولتیں دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک کے مابین قابل تجدید توانائی، تیل و گیس اور ایل این جی شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان دفاعی ٹیکنالوجی، مشترکہ پیداوار اور استعداد کار بڑھانے پر بات چیت کی گئی۔ اعلامیے کے مطابق آئی ٹی، ای کامرس، فن ٹیک اور مصنوعی ذہانت میں تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا، ساتھ ہی دونوں ممالک نے افرادی قوت، میڈیا، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں بھی تعاون کا اظہار کیا۔ دونوں ممالک کے مشترکہ وزارتی کمیشن کے انعقاد میں تعلقات کو نتیجہ خیز معاشی شراکت داری میں بدلنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔

بقیہ 39

کیلئے کسان پیکیج لانے کا بھی اعلان کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت بجلی کے بلوں پر جنرل سیلز ٹیکس، ایف سی سرچارج، فکس چارجز ختم کرنے پر غور کررہی ہے، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ پر جنرل سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے کی بھی تجویز ہے۔ اس کے علاوہ بجلی بلوں پر انکم ٹیکس، مزید اور فاضل ٹیکس سمیت ریٹیلر سیلز ٹیکس کا خاتمہ بھی زیر غور ہے۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ سیلاب متاثرین کے بجلی بلوں پر ٹیکسز کے خاتمے کیلئے کام کیا جارہا ہے، فوری طور پر سیلاب متاثرین کے ٹیکس معاف کیے جائیں گے، بلوں میں ریلیف وفاقی حکومت دے گی، لینڈ ریونیو صوبائی حکومت معاف کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں بجلی کے اضافی بلوں کا نوٹس لیں گے، متاثرہ علاقوں میں یہ وہ بل ہیں جو پہلے ہی پرنٹ ہوچکے تھے۔ دوسری جانب حکومت نے فصلوں اور جانوروں کے نقصان کے ازالے کیلئے کسان پیکیج لانے کا بھی فیصلہ کرلیا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ سیلاب متاثرہ علاقوں کا سروے مکمل ہوتے ہی کسان پیکیج کا اعلان کریں گے، ہفتے 10 روز تک سیلاب متاثرہ علاقوں کا سروے مکمل کرلیا جائے گا، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں فصلوں کے نقصان کا ابتدائی ڈیٹا بھی مرتب کرلیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے ہر فصل کا ایک سے 3 فیصد تک نقصان ہوچکا، سیلاب کے دوران فصلوں میں سے چاول کا سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے، سب سے زیادہ گوجرانوالہ ڈویژن میں فصلوں کا 18 فیصد تک نقصان ہوا۔ واضح رہے کہ پنجاب میں بڑے پیمانے پر سیلاب سے زرعی اراضی متاثر ہوئی ہے اور لاکھوں افراد بے گھر ہوئے ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بھی حکومت سے زرعی ایمرجنسی نافذ کرنے اور کسانوں کے بجلی کے بل معاف کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 40

جانی وہ مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ملاقات کے دوران جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی گئی۔

بقیہ 41

تو ضرور فنڈ ریزنگ اور ٹیلی تھون کرتا مگر اب اپنی قوم سے کہتا ہوں کہ وہ بڑھ چڑھ کر اور دل کھول کر ریلیف کے کاموں اور سیلاب متاثرین کی امداد میں حصہ لیں، اسی طرح بلوچستان میں سیاسی جلسے پر ہونے والے حملے کے خلاف احتجاج میں پوری تحریک انصاف کو شرکت کرنی چاہیئے۔ سابق وزیر اعظم کہتے ہیں کہ خیبر پختونخواہ میں اپنے ہی لوگوں کے خلاف ملٹری آپریشن، ڈرون حملوں اور علاقوں سے بے دخلی کروانے کا عمل دراصل تحریک انصاف کی عوامی مینڈیٹ سے بننے والی حکومت کو غیر مقبول کرنے کے لیے کیا جارہا ہے، علی امین گنڈا پور کو اس آپریشن کے خلاف بھرپور مزاحمت کرنی چاہیئے، صوبے کی عوام پہلے ہی سیلاب سے تباہ حال ہے، اگر وہاں ڈرون حملے اور آپریشن نہ رکا تو یہ بہت بڑی زیادتی ہوگی، ہمارے کتنے پولیس اہلکار بھی جام شہادت نوش کرچکے ہیں، یہ آپریشن جب تک بند نہیں ہوگا، لوگوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوتا رہے گا اور دہشت گردی مزید بڑھے گی۔ عمران خان نے کہا کہ خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کو خصوصی ہدایت کرتا ہوں کہ وہ افغانستان جائیں، ان کے ساتھ جا کر بیٹھیں اور باہمی مسائل اور امن وامان کے حوالے سے بات کریں تاکہ حالات کو مزید بگاڑ سے بچایا جاسکے، جعلی وفاقی حکومت کو اس بات کا بھی جواب دینا چاہیئے کہ اگر مریم نواز جاپان اور تھائی لینڈ جاسکتی ہے تو خیبر پختونخواہ کا وزیر اعلیٰ اپنے صوبے میں امن کے لیے افغانستان کیوں نہیں جا سکتا؟۔

بقیہ 42

مسافروں کو دوسری ٹرین میں ایڈجسٹ کر کے چلایا جارہا ہے، بوگیوں کی کمی تو تھی ہی جو بوگیاں چل رہی ہیں ان کی بھی دیکھ بھال کے لیے اسپیئر پارٹس تک دستیاب نہیں۔ ریلوے ذرائع کے مطابق یہی وجہ ہے کہ ٹرینیں کئی کئی گھنٹے تاخیر سے روانہ ہو رہی ہیں، مقامی کنٹریکٹرز نے ادائیگیاں نہ ہونے کی وجہ سے اسپیئر پارٹس اور دیگر میٹریل کی سپلائی بند کردی ہے۔ ریلوے ورکشاپ میں درجنوں کوچیں اسپیئر پارٹس نہ ہونے کی وجہ سے کھڑی ہیں اگر صورتحال یہی رہی اور بروقت فنڈز کی فراہمی نہ ہوئی تو ریلوے آپریشن شدید متاثر ہوجائے گا، صرف لاہور ڈویژن میں 29 اکانومی اور 34 ایئر کنڈیشنڈ کوچوں کی کمی ہے۔ وفاقی حکومت سے ساڑھے 22 ارب روپے کا بجٹ ریلوے کو ملا ہے جبکہ ضرورت سوا ارب روپے سے زائد کی ہے، ریلوے ٹریک کی خستہ حالی کے باعث ہی ٹرین حادثات اور پٹریوں سے اترنے کے واقعات ہورہے ہیں۔ جب اس سلسلے میں ریلوے انتظامیہ سے بات کی گئی تو انہوں نے کہا کہ دستیاب وسائل میں آپریشن کو بخوبی انداز میں چلایا جارہا ہے اور ہر اہم پرزہ متعلقہ سیکشنز کو فراہم کیا جارہا ہے۔

بقیہ 43

3 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ 2 افراد تا حال لاپتہ ہیں لیاقت پور میں بند ٹوٹنے سے متاثرہ 16 دیہات سے 2 ہزار افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا رپورٹ کے مطابق مظفر گڑھ میں زمیندارہ بند ٹوٹ گیا

بقیہ 44

انہوں نے کہا کہ ہم یہاں اپنے بھائی کے لیے آتے ہیں۔ دو چار لوگ یہاں آتے ہیں، وہ جان بوجھ کر بدتمیزی کرتے ہیں۔ میں نے اپنے بیٹوں کو بھی یہاں آنے سے روکا ہے، وہ آتے تو کیا حال ہوتا۔ میرے بیٹے آتے تو ان پر بھی دہشت گردی کے کیس بن جاتے۔ ہم آج اسی لیے یہاں اکیلے آئے ہیں۔ یہ سب جان بوجھ کر کیا جارہا ہے۔ علیمہ خان نے کہا کہ کسی کو مارنا نہیں چاہیے تھا اور نہ ہی لڑائی جھگڑا ہونا چاہیے تھا۔ یہ کس نے کہا کہ میری امریکا میں پراپرٹی شوکت خانم کے فنڈ ریزنگ سے خریدی گئی ہے؟۔

بقیہ 45

نشست پر ضمنی انتخاب کیلئے پولنگ جاری ہے۔ ووٹنگ صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک بلا تعطل جاری رہے گی، پولنگ کا عمل پنجاب اسمبلی کی نئی عمارت میں ہورہا ہے، کاغذات نامزدگی واپس لینے کا وقت ختم ہونے کے باعث اپوزیشن امیدوار مقابلے میں موجود ہیں۔ مسلم لیگ (ن) اور حکومتی اتحادی جماعتوں کی جانب سے رانا ثنا اللہ امیدوار ہیں جبکہ اپوزیشن نے اعجاز چودھری کی اہلیہ سلمی اعجاز کو نامزد کیا ہے، اپوزیشن نے آج ووٹ کاسٹ نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق رانا ثنا اللہ کو 263 ووٹوں کی حمایت حاصل ہے جبکہ جیت کے لیے امیدوار کو 182 ووٹ درکار ہیں، اپوزیشن کی امیدوار سلمی اعجاز کو صرف 100 ووٹوں کی حمایت حاصل ہے۔ ادھر ڈپٹی اپوزیشن لیڈر معین قریشی نے اعلان کیا ہے کہ اپوزیشن ضمنی انتخابات کا بائیکاٹ کرے گی اور کوئی رکن ووٹ کاسٹ نہیں کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر آج کسی رکن نے اسمبلی میں جا کر ووٹ دیا تو وہ پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوگا۔ پنجاب اسمبلی میں کل نشستیں: 371، موجودہ اراکین کی تعداد: 363 (8 نشستیں خالی)، مسلم لیگ (ن): 229 ووٹ، پیپلز پارٹی: 16 ووٹ، آئی پی پی: 7 ووٹ، مسلم لیگ (ق): 11 ووٹ، سنی اتحاد کونسل: 73 ووٹ، تحریک انصاف: 24 ووٹ، تحریک لبیک، مسلم لیگ ضیا اور مجلس وحدت مسلمین: 1، 1 ووٹ واضح رہے کہ یہ نشست پی ٹی آئی رہنما اعجاز چودھری کی 9 مئی کیسز میں سزا کے باعث خالی ہوئی تھی، حکومتی اتحاد کے پاس اعداد وشمار کے لحاظ سے واضح اکثریت ہے جس کے باعث رانا ثنا اللہ کی کامیابی یقینی قرار دی جارہی ہے۔

بقیہ 46

کے طالب علم سمیت 8 لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت ہوئی۔ پیش رفت رپورٹ جمع نہ کرانے پر عدالت نے پولیس حکام پر اظہار برہمی کیا۔ عدالت نے ایس ایچ او اور ڈی ایس پی سعید آباد کو شوکاز نوٹس جاری کردیا۔ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے ریمارکس میں کہا کہ پولیس نے لاپتا طالب علم عبدالرحمان کی گمشدگی کا مقدمہ درج کیوں نہیں کیا؟۔ وکیل نے موقف دیا کہ پولیس نے درخواست گزار کا بیان ریکارڈ کرلیا، ایف آئی آر درج نہیں کی۔ سرکاری وکیل نے موقف اپنایا کہ مقدمے کے اندراج کے لیے درخواست کی کاپی فراہم کی جائے۔ ایس ایچ او اور ڈی ایس پی پچھلی سماعت پر پیش ہوئے تھے، اب کاپی چاہیے؟ عدالت نے آئی جی سندھ اور دیگر سے بھی وضاحت طلب کرلی۔ عدالت نے سرجانی کے علاقے سے لاپتا شہری یوسف کی گمشدگی کا مقدمہ درج کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے عمر فاروق، رانا اقبال، شعیب اقبال، شیراز کی بازیابی سے متعلق پیش رفت رپورٹ طلب کرلی۔ عدالت نے سعید آباد کے علاقے سے لاپتا اویس سکندر کی گمشدگی کی درخواست پر نوٹس جاری کردیے۔ عدالت نے سندھ حکومت، آئی جی سندھ اور دیگر سے 13 اکتوبر کو جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 47

کردیا ہے اور 5 کلو آٹے کا تھیلا 160 روپے مہنگا کر کے 800 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے، جبکہ تین ہفتے قبل یہی تھیلا 550 روپے میں دستیاب تھا۔ فلور ملز مالکان نے بھی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہوئے 15 کلو آٹے کا تھیلا 1600 سے 1650 روپے میں فروخت کرنا شروع کردیا ہے جبکہ مارکیٹ میں کریانہ فروش وہی تھیلا 1700 روپے تک فروخت کررہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق 15 کلو آٹے کے تھیلے کی بھی سنگین قلت پیدا ہوگئی ہے، جس سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت سے فوری ایکشن لینے اور مصنوعی بحران کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 48

کرلیا گیا، مقدمہ میں علیمہ خان، نعیم حیدر پنجوتھہ، انصار ستی اور 40 کے قریب نامعلوم کارکنوں کو نامزد کیا گیا۔ مقدمے میں بلوہ کرنے، اسلحہ کے ساتھ دھمکانے، غیر قانونی اجتماع کے ذریعے بلوہ کروانے کی دفعہ مقدمے میں شامل کی گئی ہے، مقدمے میں سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کی دفعہ بھی شامل ہے۔ اڈیالہ جیل کے باہر تشدد کا نشانہ بننے والے صحافی نے پی ٹی آئی رہنماں، کارکنوں کے خلاف تھانہ صدر بیرونی میں درخواست دی تھی۔ جس میں کہا گیا کہ دیگر میڈیا نمائندوں کے ہمراہ اڈیالہ جیل گیٹ کے سامنے موجود تھا، میڈیا ٹاک کے دوران نعیم پنجوتہ نے للکارا کہ اسے علیمہ خان سے سوال کرنے کا مزہ چکھا، ایم پی اے تنویر اسلم، اظفر، ٹوما نے جکڑ کر گرالیا، انصار ستی سمیت 40 نامعلوم پی ٹی آئی کارکنان نے تشدد کیا۔ صحافی کی درخواست میں کہا گیا تھا کہ تشدد کے دوران موبائل فون چھین کر مائیک توڑ دیا گیا، علیمہ خان کو امریکا کی جائیدادوں سے متعلق سوال ناگوار گزرا، مجھ سمیت دیگر صحافیوں کی تصاویر لگا کر سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کیا گیا، طے شدہ پلان کے مطابق مجھ پر حملہ، تشدد کیا گیا، علیمہ خان، نعیم پنجوتہ، انصار ستی کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران بدمزگی ہوئی تھی، پی ٹی آئی کارکنان نے صحافیوں کے ساتھ ہاتھا پائی اور گالم گلوچ کی اور پی ٹی آئی کارکنوں نے صحافی پر تشدد کیا، دھکے بھی دیئے۔ پی ٹی آئی کارکنوں کے تشدد کی وجہ سے صحافیوں نے علیمہ خان کی میڈیا ٹاک کا بائیکاٹ کردیا تھا۔ صورتحال پر وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا تھا کہ صحافی پر تشدد ناقابل قبول ہے، سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 49

صورتِ حال تسلی بخش ہے۔ تربیلا، منگلا اور چشمہ ریزروائرز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ ایک کروڑ 26 لاکھ 6 ہزار ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ترجمان واپڈا کے مطابق دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر پانی کی آمد ایک لاکھ 45 ہزار 400 کیوسک اور اخراج ایک لاکھ 45 ہزار کیوسک ہے۔ چشمہ بیراج میں دریائے سندھ میں پانی کی آمد ایک لاکھ 87 ہزار 600 کیوسک جبکہ اخراج ایک لاکھ 82 ہزار 700 کیوسک ہے۔ دریائے جہلم میں منگلا کے مقام پر پانی کی آمد 44 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 9 ہزار کیوسک ہے، جب کہ دریائے چناب میں ہیڈ مرالہ پر پانی کی آمد 75 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 73 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسی طرح دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر پانی کی آمد اور اخراج دونوں 22 ہزار 800 کیوسک رہے۔ آبی ذخائر کی تفصیلات کے مطابق تربیلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1550.00 فٹ اور ذخیرہ 57 لاکھ 28 ہزار ایکڑ فٹ ہے، جبکہ منگلا ریزروائر میں پانی کی سطح 1232.95 فٹ اور ذخیرہ 65 لاکھ 67 ہزار ایکڑ فٹ تک پہنچ چکا ہے۔ چشمہ ریزروائر میں پانی کی سطح 649.00 فٹ اور موجودہ ذخیرہ 3 لاکھ 11 ہزار ایکڑ فٹ ہے۔ واپڈا کے ترجمان کے مطابق تربیلا، منگلا اور چشمہ کے مقامات پر پانی کی آمد و اخراج کا ڈیٹا گزشتہ 24 گھنٹوں کے اوسط بہاؤ کی بنیاد پر ہے، جبکہ ہیڈ مرالہ سمیت دیگر مقامات پر صبح 6 بجے کی پیمائش درج کی گئی ہے۔

بقیہ 50

ممالک کے تعلقات کو آہنی رشتہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ منصوبہ سیاسی اعتماد، تجارتی روابط، عوامی شراکت، دفاعی تعاون اور ترقیاتی شراکت داری پر مبنی ہے، جو مستقبل میں نئی تاریخ رقم کرے گا۔ اپنے ایک آرٹیکل میں چینی سفیر نے لکھا کہ صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان مکمل ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ صدر شی نے کہا کہ چین اور پاکستان کا رشتہ تاریخی آزمائشوں سے مضبوط ہوا ہے، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی 20 کروڑ عوام کے دلوں میں رچ بس چکی ہے۔ انہوں نے کہا سی پیک 2.0 اور ایف ٹی اے اپگریڈ پر دونوں ممالک میں اتفاق رائے ہوچکا ہے۔ نیا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کمرشل فلائٹس کے لیے کھل چکا ہے، اور چینی عطیہ کردہ سی واٹر ڈیسالینیشن پلانٹ نے کام شروع کردیا ہے، جو روزانہ 1000 ٹن پانی فراہم کررہا ہے۔ رشکئی اسپیشل اکنامک زون میں صنعتوں نے پیداوار کا آغاز کردیا ہے۔ چینی سفیر کا کہنا ہے کہ چین پاکستانی بیف، سی فوڈ اور پھلوں کی اپنی منڈی میں رسائی بڑھا رہا ہے۔ چین نے اب تک 1,000 پاکستانی زرعی نوجوانوں کو تربیت دی ہے اور مزید 3,000 نوجوانوں کو 2025-2027 کے دوران تربیت دینے کا اعلان کیا ہے۔ چینی سفیر کے مطابق سیٹلائٹ ون چین سے لانچ کیا گیا ہے۔ خنجراب سوست پاس اور قراقرم ہائی وے کی ری الائنمنٹ کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ گوادر پورٹ کی جامع ترقی، اور بلوچستان کو 70,000 ہیلتھ کٹس کی تقسیم مکمل ہو چکی ہے۔ چینی سفیر کا کہنا ہے کہ لاہور اورنج لائن ٹرین 25 کروڑ مسافروں کو سفری سہولت فراہم کرچکی ہے۔ گوادر فرینڈشپ اسپتال نے اب تک 3 لاکھ مریضوں کا علاج کیا ہے۔ گوادر میں فقیر اسکول میں 500 طلبا زیر تعلیم ہیں۔ انکا کہنا تھا چین اور پاکستان دہشتگردی، انتہاپسندی اور علیحدگی پسندی کے خلاف تعاون میں اضافہ کریں گے۔ دونوں ممالک مشترکہ فوجی مشقوں اور دفاعی تعاون کو مزید فروغ دیں گے۔ چین نے پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ چینی اہلکاروں اور منصوبوں کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے، جس پر وزیراعظم شہباز شریف نے مکمل یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا چین اور پاکستان ترقی پذیر ممالک کے حقوق کا دفاع مشترکہ طور پر کریں گے۔ دونوں ممالک اقوام متحدہ کے نظام، عالمی انصاف اور گلوبل گورننس انیشیٹیوز کی حمایت کریں گے، جسے وزیراعظم شہباز شریف نے دنیا کے امن واستحکام کے لیے اہم قرار دیا ہے۔ چینی سفیر نے اپنے مضمون کے اختتام پر کہا کہ ہمالیہ سے بحیرہ عرب اور خلا تک دوستی اعتماد، ترقی اور عوامی فلاح کی داستان ہے۔ چین پاکستان کے ساتھ مل کر مستقبل میں ترقی اور خوشحالی کے نئے باب رقم کرے گا۔

بقیہ 51

شب مقابلے کے دوران 24 سالہ محسن علی ولد غلام شبیر زخمی ہوا جسے چھیپا ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ ترجمان کراچی پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم امجد لاشاری گینگ کا کارندہ ہے جو کراچی میں 10 سے 12 گاڑیاں چوری کرچکا ہے۔ ملزم چوری شدہ گاڑیاں بلوچستان مشک میں فروخت کرتا تھا۔ پولیس نے کارروائی کے دوران اسلحہ بمعہ گولیاں، موبائل فون، نقد رقم اور ایک چوری شدہ کار بھی برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کے خلاف برآمد شدہ اسلحہ اور پولیس مقابلے کے مقدمات تھانہ پیرآباد میں درج کیے جارہے ہیں جب کہ ساتھی ملزمان کی گرفتاری اور مزید گاڑیوں کی برآمدگی کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 52

اپنے تحریری جوابات جمع کرائیں۔ درخواست گزار اعجاز چودھری نے سینیٹ کے انتخاب کو رکوانے کیلئے عدالت سے رجوع کیا تھا، ان کے وکلا بیرسٹر تیمور ملک اور رانا مدثر عمر نے دلائل دیتے ہوئے مقف اپنایا کہ الیکشن کمیشن نے انہیں 28 جولائی کو ڈی نوٹیفائی کردیا تھا لیکن چیئرمین سینیٹ کی جانب سے ڈی نوٹیفائی کرنے کی درخواست ارسال نہیں کی گئی۔ مزید کہا گیا کہ پشاور ہائیکورٹ شبلی فراز اور عمرایوب کی درخواست پر پہلے ہی سینیٹ انتخابات روکنے کا حکم دے چکی ہے۔ درخواست میں یہ بھی کہا گیا کہ ملک میں سیلابی صورتحال کے باعث الیکشن کمیشن نے ضمنی انتخابات روک دیئے ہیں لیکن سینیٹ کے انتخاب کی پولنگ بدستور جاری رکھی گئی ہے جو غیر منصفانہ ہے۔ رہنما پی ٹی آئی اعجاز چودھری نے عدالت سے استدعا کی کہ ان کی نشست پر انتخابی عمل کو روکا جائے۔

بقیہ 53

سمیت متعدد نشیبی علاقوں میں پانی ہی پانی ہوگیا، سڑکیں اور گلیاں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں تعلقہ سٹی میں 85 ملی میٹر بارش ہوئی، آج بھی وقفے وقفے سے ہلکی اور تیز بارش کا امکان ہے۔ بارش کی صورتحال کے باعث آج حیدرآباد کے سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات نے کراچی میں آج موسلا دھار سے شدید موسلا دھار بارش کی پیش گوئی کرتے ہوئے اربن فلڈنگ کے خطرے سے خبردار کردیا، آج شہر میں بارش کے 4 سے 6 سپیل متوقع ہیں جن میں بعض مقامات پر 100 ملی میٹر سے زائد بارش ہوسکتی ہے۔

بقیہ 54

اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ نکتہ نظر پر مبنی ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط اور ادارہ جاتی تعاون خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان تجارت میں اضافہ ہوا ہے اور اس سے مزید وسعت دینا ہوگا۔ صدر مملکت نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت اور روابط کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے قازقستان کی خطے میں سڑک، ریل اور فضائی روابط میں شرکت کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ براہ راست فضائی روابط سے کاروباری اور عوامی تعلقات کو فروغ ملے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان قازق صدر کے دورے کا منتظر ہے، ان کا دورہ نئے مواقع پیدا کرے گا اور تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا۔ قازقستان کے وزیر خارجہ نے کہا ان کا دورہ قازق صدر کے آئندہ سرکاری دورے کی تیاری کا حصہ ہے اور انہوں نے پاکستان کے ساتھ شراکت داری مزید گہری کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 55

کے 200 سے زائد کارکنوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتاریاں دفعہ 144 کی خلاف ورزی، امن عامہ میں خلل ڈالنے اور سڑکوں کی بندش جیسے الزامات کے تحت عمل میں لائی گئیں۔ ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ محمد بلوچ کے مطابق گزشتہ روز شہر میں بعض سیاسی جماعتوں کے کارکنوں نے احتجاجی ریلیاں نکالیں، سڑکیں بند کیں اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ متعدد مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان کشیدگی بھی پیدا ہوئی، جس کے بعد مختلف تھانوں کی حدود سے مجموعی طور پر 200 سے زائد کارکنوں کو حراست میں لے لیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ گرفتار کارکنوں کے خلاف مقدمات درج کرلیے گئے ہیں اور مزید تفتیش جاری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون سب کے لیے برابر ہے اور جو عناصر شہریوں کی زندگیوں میں خلل ڈالیں گے ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب گرفتار کارکنوں کی سیاسی جماعتوں نے ان اقدامات کو انتقامی کارروائی قرار دیا ہے اور ان رہنماں کا کہنا ہے کہ احتجاج ہر شہری کا آئینی و جمہوری حق ہے، جسے دبانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ سیاسی وسماجی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حالات کو مزید کشیدہ ہونے سے بچانے کے لیے تمام فریقین کو مذاکرات کی میز پر لایا جائے۔

بقیہ 56

غیر ملکی سمیت متعدد افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے کمپوزٹ سرکل گوادر نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں ایک ایرانی شہری بھی شامل ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ہونے والوں میں 3 کا تعلق گوجرانوالہ، 3 کا منڈی بہاالدین، 4 کا سانگھڑ اور 3 کا تعلق شیخوپورہ سے ہے۔

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER
A.P.N.S
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر :
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈپینڈنٹ پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔
0812837048 03318383955

خواندگی کا عالمی دن

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواندگی کا عالمی دن منایا گیا۔ اس سال کا موضوع ''ڈیجیٹل دور میں خواندگی کو فروغ دینا'' تھا، کیونکہ ڈیجیٹلائزیشن نے انسان کے سیکھنے، کام کرنے اور سماجی تعلقات قائم کرنے کے تقریباً تمام روایتی طریقوں کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ اس تبدیلی کے مثبت اور منفی دونوں پہلو موجود ہیں، یہ انسان پر منحصر ہے کہ وہ اس کا استعمال کیسے کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق یہ دن 1967ء سے ہر سال 8 ستمبر کو منایا جاتا ہے تاکہ پالیسی سازوں، عملدرآمد کرنے والے اداروں اور عوام کو یہ باور کرایا جاسکے کہ ایک انصاف پسند، پرامن اور پائیدار معاشرے کے قیام کے لیے خواندگی کس قدر ناگزیر ہے۔ تعلیم ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور سب کیلئے یکساں ضروری ہے، لیکن ترقی کے باوجود 2024ء میں دنیا بھر کے لگ بھگ 74 کروڑ نوجوان اور بالغ افراد اب بھی بنیادی خواندگی سے محروم ہیں۔ اقوام متحدہ کے تازہ اعدادوشمار کے مطابق ہر 10 میں سے چار بچے پڑھائی کے کم سے کم درجے تک بھی نہیں پہنچ پا رہے، جبکہ 2023ء میں سکول سے باہر رہ جانے والے بچوں اور نوجوانوں کی تعداد 27 کروڑ 20 لاکھ تھی۔ پاکستان میں خواندگی کی صورتحال بھی زیادہ حوصلہ افزا نہیں۔ دو سال قبل ہونے والی ڈیجیٹل مردم شماری کے مطابق ملک میں خواندگی کی شرح 61 فیصد تھی، جس میں مردوں کی شرح 68 فیصد جبکہ خواتین کی شرح 53 فیصد تھی۔ اعدادوشمار کے مطابق 10 سال یا اس سے زائد عمر کے صرف 10 کروڑ 41 لاکھ افراد پڑھنا لکھنا جانتے تھے۔ ڈیجیٹل مردم شماری کی رپورٹ میں بتایا گیا کہ اسلام آباد میں خواندگی کا تناسب سب سے زیادہ تھا، جہاں 84 فیصد آبادی پڑھی لکھی تھی۔ صوبوں میں پنجاب سب سے آگے تھا جہاں شرح خواندگی 66 فیصد تھی، اس کے بعد سندھ 58 فیصد کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا، جبکہ خیبر پختونخوا کی 51 فیصد اور بلوچستان کی صرف 42 فیصد آبادی پڑھنا لکھنا جانتی تھی۔ دنیا بھر میں خواندگی کی مجموعی شرح 88 فیصد ہے، جبکہ بعض ترقی یافتہ ممالک میں یہ سو فیصد تک پہنچ چکی ہے یا اس کے قریب ہے۔ اس کے برعکس پاکستان میں آج بھی کم و بیش 40 فیصد افراد ناخواندہ ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ ڈیجیٹل مردم شماری کی رپورٹ کے مطابق ملک میں 36 فیصد بچے سکول جانے سے محروم تھے، پانچ سے 16 سال کی عمر کے ڈھائی کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر تھے۔ سکولوں سے باہر بچوں کی تعداد پنجاب میں 96 لاکھ، سندھ میں 78 لاکھ اور خیبر پختونخوا میں 49 لاکھ ہے جبکہ بلوچستان میں 50 لاکھ سے زائد تھی۔ سکول سے باہر بچوں کی شرح کے حساب سے بلوچستان میں سب سے زیادہ یعنی 58 فیصد بچے سکولوں سے باہر تھے، سندھ میں یہ شرح 46 فیصد اور خیبر پختونخوا میں 37 فیصد ہے جبکہ پنجاب میں سکول سے باہر بچوں کی شرح 27 فیصد تھی۔

پاک چین تعلقات اور سی پیک میڈیا کا کردار

تحریر: عائشہ عمران

پاکستان اور چین کے درمیان دوستی کی داستان برسوں پرانی ہے، جسے آہنی دوستی اور سدا بہار اسٹریٹجک شراکت داری جیسے الفاظ میں بیان کیا جاتا ہے۔ یہ تعلقات نہ صرف سیاسی اور معاشی سطح پر مضبوط ہیں بلکہ ثقافتی اور عوامی سطح پر بھی گہرے ہیں۔ اس دوستی کی ایک اہم کڑی پاک-چین اقتصادی راہداری (سی پیک) ہے، جو خطے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ایک انقلابی منصوبہ ہے۔ تاہم، اس دوستی کو مزید مضبوط بنانے اور سی پیک کے فوائد کو عوام تک پہنچانے میں میڈیا کا کردار نہایت اہم ہے، جیسا کہ حال ہی میں چینی سفارتخانے کے ناظم الامور مسٹر شی یوان چیانگ نے ایک تربیتی ورکشاپ کے دوران اجاگر کیا۔ اسلام آباد میں سینٹر فار ڈیموکریسی اینڈ کلائمیٹ اسٹڈیز (سی ڈی سی ایس) کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ بعنوان "سی پیک رپورٹنگ اور میڈیا ایتھکس" میں چینی ناظم الامور نے زور دیا کہ میڈیا پاک-چین تعلقات کو فروغ دینے اور سی پیک کے منصوبوں کے بارے میں درست معلومات پھیلانے میں کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحافی اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں بلکہ پاکستانی عوام میں چین کے بارے میں شعور اجاگر کرنے میں بھی اہم ہیں۔ یہ بات درست ہے کہ میڈیا ایک طاقتور ذریعہ ہے جو نہ صرف معلومات فراہم کرتا ہے بلکہ عوامی رائے کو تشکیل دینے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سی پیک پاکستان کی معاشی ترقی کا ایک سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ نہ صرف بنیادی ڈھانچے کی ترقی، توانائی کے منصوبوں اور صنعتی زونز کے قیام کے ذریعے روزگار کے مواقع پیدا کر رہا ہے بلکہ خطے میں استحکام اور خوشحالی کا باعث بھی بن رہا ہے۔ بدقسمتی سے، کچھ غلط فہمیوں اور منفی پروپیگنڈے کی وجہ سے سی پیک کے حوالے سے کبھی کبھار غیر ضروری تنازعات جنم لیتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں میڈیا کی ذمہ داری ہے کہ وہ حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے عوام کو درست معلومات فراہم کرے۔ جیسا کہ سی ڈی سی ایس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر فرقان راؤ نے کہا، حقائق پر مبنی رپورٹنگ پاکستانی عوام کو سی پیک کے منصوبوں کے بارے میں درست معلومات فراہم کرسکتی ہے۔" یہ بات نہایت اہم ہے کہ صحافی اور انفلوئنسرز اپنے پلیٹ فارمز کو ذمہ داری سے استعمال کریں اور غلط معلومات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے فیکٹ چیکنگ پر توجہ دیں۔ ورکشاپ میں شامل سینئر صحافیوں اور ماہرین نے فیکٹ چیکنگ، میڈیا سیفٹی، اور غلط معلومات سے نمٹنے کی حکمت عملیوں پر روشنی ڈالی۔ یہ سیشنز نہ صرف صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے مفید تھے بلکہ اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ میڈیا کو پاک-چین دوستی کے مثبت بیانیے کو فروغ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ جیسا کہ چینی سفارتخانے کے کونسلر مسٹر وانگ شینگ جئے نے کہا، "صحافی اور انفلوئنسرز کو چاہیے کہ وہ چین سے متعلق خبروں کے ترجمان، تصورات کے مفسر اور دوستانہ عوامی رائے کے رہنما کے طور پر کام کریں۔ یہ ایک واضح پیغام ہے کہ میڈیا کی پیشہ ورانہ ذمہ داری نہ صرف درست رپورٹنگ تک محدود ہے بلکہ اسے دونوں ممالک کے درمیان عوامی سطح پر قربت کو بڑھانے کے لیے بھی استعمال کیا جانا چاہیے۔ پاکستان-چین انسٹی ٹیوٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر مصطفیٰ حیدر سید اور نیشنل پریس کلب کے سابق صدر شکیل قرار نے بھی اس ورکشاپ کو سراہتے ہوئے اسے پاک-چین تعلقات کے فروغ کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف صحافیوں کی صلاحیتوں کو بہتر بناتے ہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی اعتماد اور تعاون کو بھی مضبوط کرتے ہیں۔ آخر میں، یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ میڈیا پاک-چین دوستی کا ایک اہم ستون ہے۔ سی پیک جیسے منصوبوں کی کامیابی نہ صرف معاشی اور تکنیکی ترقی پر منحصر ہے بلکہ اسے عوامی حمایت اور درست معلومات کی ترسیل کی بھی ضرورت ہے۔ پاکستانی میڈیا کو چاہیے کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے سی پیک کے فوائد کو اجاگر کرے اور پاک-چین تعلقات کے مثبت بیانیے کو فروغ دے۔ اسی طرح، سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو بھی اپنے پلیٹ فارمز کو ذمہ داری سے استعمال کرنا چاہیے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان دوستی کا پل مزید مضبوط ہو۔ یہ ورکشاپ اس سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے، جو میڈیا کے کردار کو نہ صرف اجاگر کرتی ہے بلکہ اسے مزید موثر بنانے کے لیے ایک واضح رہنما اصول بھی فراہم کرتی ہے۔

CDCS
Center for Democracy & Climate Studies
Embassy of the People's Republic of China in Pakistan
Capacity Building Workshop for Journalists and Social Media Influencers from Balochistan and Khyber Pakhtunkhwa on CPEC Reporting and Media Ethics
September 2 to 4, 2025
Islamabad
CPEC
MNN

سیلاب زدگان اور گمشدہ سیاستدان

نسیم شاہد

میں سوچ رہاہوں کیا سیاستدان اس اہم موقع پر ازخود روپوش ہوگئے ہیں یا انہوں نے کسی خاص وجہ سے یہ طے کیا ہے کہ میدان میں نہیں آنا۔ پنجاب میں اس وقت تاریخ کا بدترین سیلاب آیا ہوا ہے۔ لوگ دہائی دے رہے ہیں کہ ان کے پاس کوئی امداد پہنچی ہے اور نہ امدادی ٹیمیں۔ میں نے خود ملتان کے نواح میں بعض علاقوں کا دورہ کیا ہے جو سیلاب کی زد میں آئے ہیں۔ وہاں کی حالت بہت تکلیف دہ ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں اور خواتین کے ساتھ سیلاب زدگان بے یارومددگار کوئی خشک جگہ دیکھ کر بیٹھ جاتے ہیں حالانکہ ایسے سب علاقے کسی نہ کسی قومی یا صوبائی اسمبلی کے حلقے میں آتے ہیں مگر یہاں ان علاقوں کے سیاسی نمائندے نہیں پہنچ رہے۔ چندروز پہلے جب وزیراعلیٰ مریم نواز ملتان میں سیلاب متاثرین کی امداد کے لئے آئی تھیں تو بیسیوں مسلم لیگی کونے کھدروں سے نکل کر انہیں منہ دکھانے آ گئے تھے اور ایک سے بڑھ کر ایک یہ کوشش کر رہا تھا کسی طرح مریم نواز کے ساتھ کوئی فوٹو یا فوٹیج بن جائے۔ ان کے جاتے ہی یہ سب غائب ہو گئے اور تاحال لاپتہ ہیں۔ سیاستدانوں کا یہ روپ پہلی بار دیکھنے کو مل رہا ہے۔ وگرنہ اس سے پہلے بھی سیلاب اور مشکلات آتی رہی ہیں، سیاستدان اس طرح ناپید نہیں ہوتے تھے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور ان کے بیٹے سیلاب زدہ علاقوں میں جا تو رہے ہیں، کیونکہ وہ ان کے انتخابی حلقوں میں آیا ہے تاہم ان کی طرف سے کوئی بڑی امدادی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی۔ غالباً وہ بھی اس پر انحصار کر رہے ہیں کہ امدادی سامان پنجاب حکومت اور انتظامیہ پہنچائے وہ صرف فوٹوشوٹ کے لئے جائیں۔ ایسے مواقع پر سب کو یہ آزادی دی جاتی ہے کہ وہ سیلاب زدگان کی امداد کریں، لیکن تحریک انصاف والے کہتے ہیں انہیں یہ آزادی نہیں اور پارٹی کا کوئی جھنڈا یا بینر ساتھ لے جا کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ نہیں لینے دیا جا رہا۔ یہ ایک پہلو ہے تو دوسری طرف یوں لگتا ہے سیاستدان اجتماعی طور پر غائب ہو گئے ہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ ایسے سانحات کے مواقع پر اپوزیشن اور حکومت میں زیادہ سے زیادہ امدادی سرگرمیوں کا مقابلہ شروع ہوجاتا تھا۔ اب ایسا مقابلہ تو ناپید ہے ساتھ ہی حکومت سے تعلق رکھنے والے ارکان اسمبلی اور حکومتی جماعت کے عہدیدار بھی صرف کسی علاقے میں فوٹوسیشن کے بعد گھر چلے جاتے ہیں۔ تباہی جتنے بڑے پیمانے پر ہوئی ہے اس کا اصل اندازہ اس وقت ہوگا جب سیلاب اترے گا۔ لاکھوں افراد کی بحالی اور فصلوں کی تباہی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لئے ایک بڑی مہم درکار ہوگی۔ تاہم فی الوقت تو ان سیلاب زدگان کو زندہ رکھنے کا مرحلہ ہے جو کہیں آسمان تلے اور کہیں خیموں میں پڑے ہیں جہاں انہیں کھانا بھی نہیں مل رہا۔ سیاستدانوں کی جگہ سرکاری افسروں نے لے لی ہے۔ ان کے بارے میں بھی ان گنت شکایات آ رہی ہیں کہ وہ امداد کی بجائے ٹک ٹاک پر متحرک نظر آنے کی اداکاری کر رہے ہیں۔ ایک سرکاری افسر نے میرے ''رابطہ'' کرنے پر بتایا جتنے فنڈز فراہم کئے جا رہے ہیں یا جتنا امدادی سامان موصول ہو رہا ہے، اس کے مطابق کام کر رہے ہیں، سیلاب کا عرصہ طویل ہوتا جا رہا ہے۔ پہلے سیلاب کا مرحلہ دو تین دن میں کسی علاقے سے گذر جاتا تھا، اب ایک ہفتہ سے زیادہ ہو گیا ہے۔ دریائے چناب اور دریائے ستلج نیچا ہونے کا نام نہیں لے رہے۔ جتنا پانی گزرتا ہے اس سے زیادہ پیچھے سے آ جاتا ہے۔ ایسے میں ایک طرف سیلاب متاثرین کی تعداد بڑھ رہی ہے اور دوسری طرف ان کی امداد کے لئے مختص وسائل کم پڑتے جا رہے ہیں۔ میں نے پوچھا کیا علاقے کے مخیّر حضرات اور فلاحی تنظیمیں آگے نہیں آ رہیں۔ انہوں نے کہا ہماری طرف سے کوئی پابندی نہیں البتہ ہم یہ چاہتے ہیں وہ انتظامیہ سے مل کر کام کریں، تاکہ مربوط مہم چلائی جا سکے، تاہم یہ بات بھی نوٹ کی گئی ہے کہ اس بار عوام اور مخیّر حضرات کی طرف سے امدادی سرگرمیوں میں وہ دلچسپی نہیں دیکھی جا رہی جو ماضی میں دیکھنے کو ملتی تھی۔ ان کی باتوں سے یہی لگا کہ انتظامیہ نے ریسکیو پر زیادہ توجہ دی ہے۔ سیلاب زدگان کی امداد پر کچھ زیادہ توجہ نہیں دی، جس کے باعث جگہ جگہ سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ انہیں کھانے پینے کو کچھ نہیں مل رہا۔ ایسے میں عوامی نمائندوں کو سامنے آنا چاہیے کہ اس خلاء کو وہی پورا کر سکتے ہیں مگر چند ایک کے سوا اکثر سیاستدانوں نے سیلاب زدہ افراد کے ساتھ تصویریں بنانے پر اکتفا کیا ہے۔ ملتان کے ایک ایم پی اے سلمان نعیم ہی پورے منظر نامے پر عملی اقدامات کرتے دکھائی دیئے ہیں۔ انہوں نے سینکڑوں سیلاب زدگان کو راشن اور سامان فراہم کیا ہے۔ ان کے کوآرڈینیٹر رانا ممتاز رسول نے مجھے بتایا کہ سلمان نعیم امدادی سامان کے ساتھ روزانہ ہر اس جگہ پہنچ رہے ہیں جہاں سیلاب سے متاثرہ افراد امداد کے منتظر بیٹھے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں ستلج، راوی اور چناب کے پانی نے مل کر شدید تباہی مچائی ہوئی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے انتظامیہ اور متعلقہ ادارے پانی کی شدت کو کم کرنے یا اس کا رخ موڑنے کے لئے بروقت فیصلے نہیں کر سکے۔ متاثرہ علاقے بھی بڑھتے جا رہے ہیں اور متاثرین بھی، جتنے بڑے پیمانے پر ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں کی ضرورت ہے اتنا کام نظر نہیں آ رہا۔ جلالپور پیروالا میں گنجائش سے زیادہ متاثرین بٹھانے پر کشتی الٹی تو یہ عقدہ بھی کھلا کہ پوری تحصیل کے لئے صرف دو کشتیاں ہیں جس کے بعد مزید کشتیاں پہنچائی گئیں۔ مجھے یاد ہے دو تین دہائی پہلے جب ایسا کوئی موقع آتا تھا تو سیاسی نمائندے اور غیر حضرات سب سے آگے ہوتے تھے۔ وہ ٹرک بھر بھر کے سیلاب زدگان تک پہنچتے۔ اب یہ بھی دیکھا جا رہا ہے کہ سیاستدان آ تو رہے ہیں، مگر خالی ہاتھ، بس متاثرین کے ساتھ تصویریں بنا کر یا طفل تسلی دے کر چلے جاتے ہیں میں نے خود ملتان میں سیلاب زدگان کے کیمپوں کا دورہ کیا ہے۔ انہیں امداد کا منتظر ہی دیکھا ہے۔ مجھے وہ امدادی گہما گہمی کہیں نظر نہیں آئی جو میرے حافظ میں محفوظ ہے اور لوگ اتنا زیادہ کھانا لاتے تھے کہ متاثرین کم پڑ جاتے۔ ایک صاحب تو روزانہ چالیس دیگیں لاتے تھے، یہ سب لوگ نجانے اس بار کہاں چلے گئے، کیا پاکستان بدل گیا ہے یا لوگوں میں خوف خدا نہیں رہا۔

میں سوچ رہاہوں کیا سیاستدان اس اہم موقع پر ازخود روپوش ہوگئے ہیں یا انہوں نے کسی خاص وجہ سے یہ طے کیا ہے کہ میدان میں نہیں آنا۔ پنجاب میں اس وقت تاریخ کا بدترین سیلاب آیا ہوا ہے۔ لوگ دہائی دے رہے ہیں کہ ان کے پاس کوئی امداد پہنچی ہے اور نہ امدادی ٹیمیں۔ میں نے خود ملتان کے نواح میں بعض علاقوں کا دورہ کیا ہے جو سیلاب کی زد میں آئے ہیں۔ وہاں کی حالت بہت تکلیف دہ ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچوں اور خواتین کے ساتھ سیلاب زدگان بے یارومددگار کوئی خشک جگہ دیکھ کر بیٹھ جاتے ہیں حالانکہ ایسے سب علاقے کسی نہ کسی قومی یا صوبائی اسمبلی کے حلقے میں آتے ہیں مگر یہاں ان علاقوں کے سیاسی نمائندے نہیں پہنچ رہے۔ چندروز پہلے جب وزیراعلیٰ مریم نواز ملتان میں سیلاب متاثرین کی امداد کے لئے آئی تھیں تو بیسیوں مسلم لیگی کونے کھدروں سے نکل کر انہیں منہ دکھانے آ گئے تھے اور ایک سے بڑھ کر ایک یہ کوشش کر رہا تھا کسی طرح مریم نواز کے ساتھ کوئی فوٹو یا فوٹیج بن جائے۔ ان کے جاتے ہی یہ سب غائب ہو گئے اور تاحال لاپتہ ہیں۔ سیاستدانوں کا یہ روپ پہلی بار دیکھنے کو مل رہا ہے۔

قانون کی حُکمرانی اور ڈنمارک کے سائیکل سوار جج!

عرفان صدیقی

کھاریاں کے رہنے والے رحمت خان کا ہونہار اور خوش بخت بیٹا، ڈنمارک عدلیہ کی 364 سالہ تاریخ میں سپریم کورٹ جج کے منصبِ بلند تک پہنچنے والا پہلا مسلم اور پاکستانی، مسٹر جسٹس محمد احسن بڑے انہماک سے سرکاری انداز واسلوب میں بریفنگ دے رہا تھا اور میں پہلی ملاقات کی شرماہٹ کے باوجود پیہم کرید بھرے سوالات کئے جا رہا تھا۔ دو تین بار انہوں نے مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا۔ میرے سوال کا مختصر سا جواب دیا اور آگے بڑھ گئے۔ بریفنگ سمیٹتے ہوئے انہوں نے بیگ سے ایک کتاب نکالی۔ اُس کے پہلے صفحے پر کچھ ریمارکس رقم کئے اور مجھے پیش کرتے ہوئے بولے__ ''اِس میں آپ کو اپنے سارے سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔'' میں نے خوشی اور احترام سے ''دی سپریم کورٹ آف ڈنمارک'' نامی کتاب وصول کی۔ عدالتی کمرے سے باہر نکلتے ہوئے بولے__ ''میں نے تو آپ کے لئے چائے کا اہتمام بھی کر رکھا ہے لیکن آپ جلدی میں ہیں۔'' میں نے طویل راہداری پر نظر ڈالی جس کے ایک گوشے میں رکھی میز پر کچھ برتن دھرے تھے لیکن چائے کون بنائے گا؟ برتن کون لگائے گا؟ ہمارے دامن پر کلف لگے سفید نیپکن کون سجائے گا؟ طرہ دار پگڑیوں والے کہاں ہیں؟ جسٹس احسن نے شاید میری کشمکش کو بھانپ لیا، بولے۔۔۔ ''میں بہت اچھی چائے اور کافی بناتا ہوں۔ وہ جو مشین دھری ہے، ہم جج اُسی کو استعمال کرتے ہیں۔ جب بھی طلب ہوتی ہے، اٹھ کر جاتے اور اپنے لئے چائے یا کافی بنا لیتے ہیں۔'' جج صاحب کی اس بات سے میرے دل میں ستائش نے تو انگڑائی نہ لی البتہ اُسی خلش نے جنم لیا کہ ''بھلا ایسے ہوتے ہیں جج؟'' گاڑی میں بیٹھتے ہی میں نے ''دی سپریم کورٹ آف ڈنمارک'' کھولی۔ پہلے صفحے پر نظر ڈالی۔ انگریزی میں لکھے ریمارکس کا سَلِیس اور بامحاورہ ترجمہ کچھ یوں تھا_ ''ڈیر سینیٹر عرفان صدیقی! سپریم کورٹ میں آپ کو خوش آمدید کہنا میرے لئے بے پایاں خوشی اور اعزاز کی بات تھی۔ آپ کا دورہ میرے لئے بہت اہم ہے۔ آپ نے جو فکر انگیز سوالات اٹھائے، وہ میرے لئے بھی دلچسپی اور آگاہی کا سبب تھے۔ امید ہے آج کی بریفنگ آپ کے لئے ایک اچھا تجربہ ہوگی جس سے آپ کو ڈنمارک کی سپریم کورٹ کے اندازِ کار سے آگاہی کا قیمتی موقع ملا ہے۔ یہ کتاب بھی اِس ضمن میں آپ کے لئے اہم رہے گی۔ آداب فائقہ کے ساتھ۔ محمد احسن'' یہ کتاب میرے لئے واقعی معلومات کا بیش بہا خزانہ ثابت ہوئی۔ مجھے اندازہ ہوا کہ 1661 میں قائم ہونے والی ''شاہی عدالت'' (CourtKings) کن تجربوں سے گذرتی ہوئی آج کہاں کھڑی ہے۔ معلوم ہوا کہ 90 فی صد سے زیادہ مقدمات 24 ابتدائی عدالتوں یعنی 'ڈسٹرکٹ کورٹ' کی سطح پر ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ دس فی صد کے لگ بھگ اپیل کی شکل میں ہائیکورٹس تک جاتے اور فیصل ہو جاتے ہیں۔ نہایت ہی کم تعداد میں یہ فیصلے سپریم کورٹ میں چیلنج ہو پاتے ہیں۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ ایسی کوئی اپیل براہ راست سپریم کورٹ تک نہیں جا سکتی۔ اس اپیل کو پہلے ایک پانچ رُکنی بورڈ تک جانا ہوتا ہے جسے ''اپیل اجازت بورڈ'' (Appeal BoardPermission) کہا جاتا ہے۔ یہ بورڈ باریک بینی سے جائزہ لیتا ہے کہ کیا کوئی اہم آئینی وقانونی نکتہ یا مقدمے سے متعلق ضروری پہلو مزید تشریح طلب ہے؟ اگر ہے تو اسے اپیل کے لائق قرار دے دیا جاتا ہے اور اگر نہیں تو معاملہ یہیں پر ختم ہو جاتا ہے۔ بورڈ کے فیصلے کے خلاف کوئی اپیل نہیں ہو سکتی۔ ڈینش آئین میں کوئی 184/3 بھی نہیں۔ عدالت کسی بھی معاملے کا ازخود (سوموٹو) نوٹس نہیں لے سکتی۔ اور کوئی فرد براہ راست سپریم کورٹ سے رجوع بھی نہیں کر سکتا۔ اپیل کی اجازت مل جانے کے بعد جب متاثرہ فریق سپریم کورٹ سے رجوع کرتا ہے تو فوجداری (کریمنل) کیس کی صورت میں یہ اپیل زیادہ سے زیادہ 150 اور سول مقدمات کی صورت میں 350 دنوں کے اندر اندر لگ جاتی ہے۔ سماعت کی تاریخ طے ہو جانے کے بعد، فریقین کے وکلاء کو کہا جاتا ہے وہ مقررہ تاریخ سے، کم ازکم، دو ہفتے قبل، مقدمے کے حقائق اور آئینی وقانونی دلائل کا جامع خلاصہ، دس سے پندرہ صفحات پر مشتمل محضرنامے (بریف) کی شکل میں داخل کرا دیں۔ یہ 'محضرنامہ' اپیل سننے والے بینچ کے تمام ججوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے جو چودہ دن اس کا گہری نگاہ سے مطالعہ کرتے اور کسی نتیجے پر پہنچ جاتے ہیں۔ تاریخ سماعت پر دونوں وکلاء حاضر ہوتے اور اپنے زبانی دلائل پیش کرتے ہیں۔ ہر وکیل کو لگ بھگ اڑھائی گھنٹے ملتے ہیں۔ مختصر وقفے کے بعد دونوں وکلاء کو ایک دوسرے کے دلائل کی نفی کے لئے مختصر وقت دیا جاتا ہے سپریم کورٹ کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے، وکیل اپنی حاضری یقینی بنانے کو پیشہ ورانہ تقاضا سمجھتا ہے۔ ساعت ختم ہوتے ہی وکلا سمیت کمرے میں موجود تمام افراد باہر چلے جاتے ہیں۔ صرف معزز جج اور نوٹس لینے والا ایک لا کلرک کمرے میں رہ جاتے ہیں۔ کمرے کو صدیوں پرانی روایت کے مطابق باہر سے تالا لگا دیا جاتا ہے۔ مقید جج، اپنی عبائیں پہنے، اپنی اپنی مسندوں پر براجمان رہتے ہیں۔ کمرے پر اعصاب شکن سناٹا طاری ہو جاتا ہے۔ تب سب سے بائیں طرف والی کرسی پر بیٹھا سب سے جونیئر جج کھڑا ہو جاتا ہے، وکلا کے بریف اور دلائل کی روشنی میں اپنا موقف اور واضح رائے پیش کرتا ہے۔ اُس کے بعد دوسرا سب سے جونیئر، پھر تیسرا اور پھر چوتھا۔ آخر میں سب سے سینئر جج، اور بینچ کا سربراہ اپنا موقف دیتا ہے۔ اس مشق کے ساتھ ہی مُقفّل دروازہ کھل جاتا ہے اور جج صاحبان اپنی عبائیں اُتار کر ملحقہ کمرے میں بیٹھ جاتے اور فیصلہ مرتب کر لیتے ہیں۔ اپیل کا فیصلہ زیادہ سے زیادہ سات دنوں کے اندر اندر سنا دیا جاتا ہے۔ نظرثانی کی کوئی درخواست دائر نہیں ہو سکتی۔ سپریم کورٹ، مقنّنہ کے معاملات میں دخل اندازی کو پسند نہیں کرتی۔ تین صدیوں میں اُس نے صرف ایک قانون کو 'آئینی حقوق' سے متصادم سمجھ کر کالعدم قرار دیا جس کا تعلق ایک این۔جی۔او کے تعلیمی اداروں کو سرکاری مالی امداد سے محروم کر دینا تھا۔ کوپن ہیگن میں سہ روزہ قیام کے دوران، متعدد پاکستانیوں سمیت، زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق مقامی شخصیات سے ملاقاتوں کے دوران میں کئی اور ''افسوس ناک'' حقائق بھی سامنے آئے۔ مثلاً یہ کہ سپریم کورٹ کے کسی جج کو گاڑی نہیں ملتی۔ چیف جسٹس سمیت پانچ دوسرے جج صاحبان سائیکلوں پر عدالت آتے ہیں۔ بعض کو گھر کا کوئی فرد گھریلو گاڑی پر چھوڑنے اور لینے آ جاتا ہے۔ میں نے اپنے جسٹس محمد احسن کے بارے میں پوچھا تو پتہ چلا کہ وہ اکثر بس یا انڈرگراؤنڈ ٹرین کے ذریعے آتے جاتے ہیں۔ کسی جج کے پاس کوئی نوکر چاکر نہیں۔ مقامی کرنسی میں سپریم کورٹ جج کی ماہانہ تنخواہ تقریباً ڈیڑھ لاکھ کرونر ہے جو پچاس فی صد ٹیکس کٹوتی کے بعد نصف رہ جاتی ہے۔ حیرت ہے کہ خود چائے بنانے، خود اپنا بیگ اٹھانے اور خود اپنی میز کی جھاڑ پونچھ کرنے والے سائیکل سوار ججوں والی سپریم کورٹ کے باوجود، ورلڈ جسٹس پراجیکٹ (WJP) کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق قانون کی حکمرانی کے حوالے سے، ڈنمارک دنیا میں پہلے نمبر پر ہے جب کہ تمام تر کرّوفر، شان وشکوہ اور جاہ وجلال رکھنے والے 'خطوط نویس' جج صاحبان کی کرشمہ کاری یہ ہے کہ دنیا کے 142 ممالک میں سے پاکستان 129 ویں نمبر پر ہے۔

کھاریاں کے رہنے والے رحمت خان کا ہونہار اور خوش بخت بیٹا، ڈنمارک عدلیہ کی 364 سالہ تاریخ میں سپریم کورٹ جج کے منصبِ بلند تک پہنچنے والا پہلا مسلم اور پاکستانی، مسٹر جسٹس محمد احسن بڑے انہماک سے سرکاری انداز واسلوب میں بریفنگ دے رہا تھا اور میں پہلی ملاقات کی شرماہٹ کے باوجود پیہم کرید بھرے سوالات کئے جا رہا تھا۔ دو تین بار انہوں نے مسکراتے ہوئے میری طرف دیکھا۔ میرے سوال کا مختصر سا جواب دیا اور آگے بڑھ گئے۔ بریفنگ سمیٹتے ہوئے انہوں نے بیگ سے ایک کتاب نکالی۔ اُس کے پہلے صفحے پر کچھ ریمارکس رقم کئے اور مجھے پیش کرتے ہوئے بولے__ ''اِس میں آپ کو اپنے سارے سوالوں کے جواب مل جائیں گے۔'' میں نے خوشی اور احترام سے ''دی سپریم کورٹ آف ڈنمارک'' نامی کتاب وصول کی۔ عدالتی کمرے سے باہر نکلتے ہوئے بولے__ ''میں نے تو آپ کے لئے چائے کا اہتمام بھی کر رکھا ہے لیکن آپ جلدی میں ہیں۔'' میں نے طویل راہداری پر نظر ڈالی جس کے ایک گوشے میں رکھی میز پر کچھ برتن دھرے تھے لیکن چائے کون بنائے گا؟ برتن کون لگائے گا؟ ہمارے دامن پر کلف لگے سفید نیپکن کون سجائے گا؟ طرہ دار پگڑیوں والے کہاں ہیں؟ جسٹس احسن نے شاید میری کشمکش کو بھانپ لیا، بولے۔۔۔ ''میں بہت اچھی چائے اور کافی بناتا ہوں۔ وہ جو مشین دھری ہے، ہم جج اُسی کو استعمال کرتے ہیں۔ جب بھی طلب ہوتی ہے، اٹھ کر جاتے اور اپنے لئے چائے یا کافی بنا لیتے ہیں۔'' جج صاحب کی اس بات سے میرے دل میں ستائش نے تو انگڑائی نہ لی البتہ اُسی خلش نے جنم لیا کہ ''بھلا ایسے ہوتے ہیں جج؟'' گاڑی میں بیٹھتے ہی میں نے ''دی سپریم کورٹ آف ڈنمارک'' کھولی۔ پہلے صفحے پر نظر ڈالی۔ انگریزی میں لکھے ریمارکس کا سَلِیس اور بامحاورہ ترجمہ کچھ یوں تھا_ ''ڈیر سینیٹر عرفان صدیقی! سپریم کورٹ میں آپ کو خوش آمدید کہنا میرے لئے بے پایاں خوشی اور اعزاز کی بات تھی۔

معیاری طبی ادارے، غریب کی پہنچ سے دور کیوں؟

سید منیر حسین گیلانی

پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے پنجاب خصوصاً لاہور میں طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے ماضی میں جھانکیں تو چند ہسپتال نمایاں نظر آتے ہیں، جن میں میو ہسپتال، سرگنگا رام ہسپتال، گلاب دیوی ہسپتال، لیڈی ولنگڈن ہسپتال اور دیگر بھی ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی مسلمانوں کا تعمیر کردہ نہیں، حالانکہ پنجاب کی اس وقت بھی اکثریتی آبادی مسلمانوں پر ہی مشتمل تھی، اور اسی طرح زمینداروں، صنعت کاروں اور سرمایہ داروں کی بڑی تعداد اسلام کے پیروکار ہی تھی لیکن طبی سہولیات کے لیے کسی نے کوئی نمایاں کام نہیں کیا۔ لاہور کے پرانے ہسپتال ہندوؤں کے بنائے ہوئے ہیں یا پھر مسیحی انگریزوں کے نام پر ہیں۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد الحمدللہ! میں کہہ سکتا ہوں کہ لاہور کے اندر انسانی صحت اور طبی سہولیات کے حوالے سے جو کام سرکاری اور نجی شعبے میں ہوا ہے، اگرچہ یورپ اور امریکہ کے مقابلے کا تو نہیں لیکن پھر بھی قابل تعریف اور اطمینان بخش کوشش نظر ضرور آتی ہے۔ پوتے پوتیوں کا دادا اور نواسے نواسیوں کا نانا ہونے کے ناتے مجھے سابقہ ادوار کے ہسپتالوں کے علاوہ آج لاہور میں اچھے ہسپتال بھی نمایاں نظر آتے ہیں، جن میں جوہر ٹاؤن میں شوکت خانم ہسپتال اور مغل آئی ہسپتال، شریف میڈیکل سٹی رائیونڈ، نیشنل ہسپتال ڈیفنس، اتفاق ہسپتال ماڈل ٹاؤن، شالامار ہسپتال مغل پورہ نجی شعبے میں جبکہ سروسز ہسپتال، جنرل ہسپتال، پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرکاری شعبے میں تعمیر ہوئے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے کینسر ہسپتال بھی بنانے کا اعلان کیا ہے، جو کہ خوش آئند ہے۔ نجی شعبے میں تشکیل پانے والے ان ہسپتالوں میں طبی سہولیات دستیاب ہو رہی ہیں، لیکن متوسط طبقے کے لوگ ان کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں، سوائے پی آئی سی کے ہر چیز کا لیبارٹری ٹیسٹ سے لے کر سرجری تک بھاری رقوم وصول کی جاتی ہیں جو کہ عام آدمی کی پہنچ سے دور ہی نہیں، بہت دور ہیں۔ جب کبھی کسی بڑے آدمی کو مرض لاحق ہوتا ہے تو وہ یورپ یا امریکہ جا کر اپنا علاج اور طبی ٹیسٹ کرواتا ہے۔ نجی شعبے میں قائم طبی اداروں میں ڈاکٹرز حضرات اپنے شعبوں میں ماہر ہیں، اچھی استعداد، قابلیت اور صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ وہ مریضوں پر توجہ بھی دیتے ہیں۔ میں نے خود امریکہ جا کر علاج کروانے سے پاکستانی ہسپتالوں کو ترجیح دی، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور محمد وآل محمد کے صدقے میں بہتر نتائج حاصل ہوئے۔ مجھے خود اپنا اور اپنی اہلیہ کے علاج کے لیے ہسپتالوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے، جب بھی بل ادا کیے تو چودہ طبق روشن ہو گئے۔ لیکن ملک میں پاکستانیوں کے وسائل کے حوالے سے جو ہسپتال بنے ہیں، وہ عام آدمی اور کمزور طبقے کی پہنچ سے دور ہیں۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ میاں نواز شریف، آصف علی زرداری اور شہباز شریف جہاں سے علاج کرواتے ہیں، راجن پور کے عام دیہات سے آنے والے کو بھی وہی طبی سہولیات حاصل ہوں، لیکن ایسا نہیں ہے۔ نجی شعبے کے اسپتالوں کے اخراجات بہت زیادہ ہیں، کاش انہیں رفاعی ادارے کی حیثیت سے چلایا جائے تو نمایاں خدمات سر انجام دی جا سکتی ہیں لیکن کچھ افراد نے ان اسپتالوں کو کمائی کا ذریعہ بنا کر شعبہ طب میں خدمت کرنے کی بجائے، کاروباری شعبہ قرار دے کر اپنے سرمائے، وسائل اور آمدنی میں اضافہ کیا ہے۔ ہاں کچھ ہسپتال ضرور نظر آتے ہیں کہ واقعی انسانی خدمت کو اولین ترجیح دیتے ہیں، اخراجات نہ ہونے کے برابر عوام کی خدمت کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک کے اندر طبی سہولیات کے حوالے سے کسی قسم کی کمی نہیں کہ ہمارے امیر طبقہ پاکستان سے باہر جا کر علاج کروائے۔ انہیں اپنے اداروں پر اعتماد کرنا چاہیے۔ کچھ ہسپتال تو ایسے ہیں جو پرچی تک کی فیس نہیں لیتے اور کچھ تو ایسے ہیں جو پرچی سے لے کر ہر اگلے مرحلے پر پہنچنے سے پہلے مریض کو بل تھما دیتے ہیں کہ پہلے رقم جمع کروائیں، پھر علاج آگے چلے گا۔ مشاہدے میں آیا ہے کہ کچھ ایسے واقعات بھی ہوئے ہیں کہ بل کی ادائیگی کے بغیر مریض کی موت کی صورت میں لاش ورثا کے حوالے نہیں کی گئی۔ ان حالات میں ہمیں اپنے رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا۔ میری تجویز ہے کہ قانون سازی کی جائے کہ ہسپتال کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ مریض کو بچانے کی کوشش کرے، لیکن خدانخواستہ اگر مریض مر گیا تو بقیہ بل کی ادائیگی ہسپتال خود کرے گا۔ اس سے پتہ چلے گا کہ ہسپتالوں کو کاروبار کی بجائے، خدمت کا ذریعہ کون کون بناتا ہے؟ نجی شعبہ میں ہسپتال بنانے والے کمائی کی بجائے اللہ تعالیٰ سے اجر کی امید رکھیں، سرمایہ بنانے کے بجائے، آخرت کو سنوارنے کی فکر کریں تو غریب آدمی بھی اچھے ہسپتالوں میں آنے سے جھجک محسوس نہیں کرے گا۔ وزیر اعظم میاں شہباز شریف، جب وزیراعلیٰ پنجاب تھے تو انہوں نے لاہور میں پی کے ایل آئی کے نام سے گردے اور لیور ٹرانسپلانٹ کا ہسپتال بنایا، یہ ہسپتال سہولیات کے اعتبار سے قابل تعریف ہے۔ اسی معیار کے مزید ہسپتال بھی بننا چاہئیں۔ نجی شعبے میں ایسے ہسپتال بھی ہیں کہ جو پرچی سے لے کر آخری مراحل تک کچھ وصول نہیں کرتے، وہاں کیش کاؤنٹر بھی نہیں ہے۔ لیکن انتہائی معذرت کے ساتھ کچھ ایسے ٹرسٹ ہسپتال ہیں جو بنے تو فلاحی ادارے کے طور پر ہیں لیکن انہیں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں بنا لیا گیا ہے، خاندان ان پر پلتے ہیں۔ ان رویوں پر ہمیں نظرثانی کرنی چاہیے۔ کبھی وقت ہوتا تھا کہ لاہور کی آبادی کم تھی اور اس وقت طبی سہولیات اتنی نہ تھیں لیکن ماحول اور فضا صاف تھی۔ فضائی آلودگی نہیں تھی، جو آج ہے۔ سموگ کا کسی نے نام تک نہیں سنا تھا۔ گاڑیوں کی وجہ سے آلودگی پھیلی، اب لوگوں میں ایسی بیماریاں آگئی ہیں جو ہم نے اپنی زندگی میں نہیں سنی تھیں۔ اب پہلے والے حالات نہیں رہے، ہم نے اپنی زندگی میں اتنی تبدیلیاں دیکھ لی ہیں، تو یقیناً آنے والی نسلوں کے لیے یہ حالات مزید خراب ہوں گے، اس لیے ہمیں ہر طرح کے حالات کو بہتر کرنا ہوگا، طبی سہولیات پر توجہ دینا ہوگی۔ جو صاحب ثروت لوگ ہیں انہیں چاہیے کہ وہ مزید اچھے ہسپتال بنائیں، غریب لوگوں کے لئے بھی ان سہولتوں کے دروازے کھولیں جو امیروں کے لئے ہیں، وصولیاں کرنے کی بجائے خدمت کی طرف توجہ دیں۔ مجھے امید ہے کہ ہم بحیثیت قوم اچھے لفظوں میں یاد کیے جائیں گے۔

پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے پہلے پنجاب خصوصاً لاہور میں طبی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے ماضی میں جھانکیں تو چند ہسپتال نمایاں نظر آتے ہیں، جن میں میو ہسپتال، سرگنگا رام ہسپتال، گلاب دیوی ہسپتال، لیڈی ولنگڈن ہسپتال اور دیگر بھی ہیں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان میں سے کوئی بھی مسلمانوں کا تعمیر کردہ نہیں، حالانکہ پنجاب کی اس وقت بھی اکثریتی آبادی مسلمانوں پر ہی مشتمل تھی، اور اسی طرح زمینداروں، صنعت کاروں اور سرمایہ داروں کی بڑی تعداد اسلام کے پیروکار ہی تھی لیکن طبی سہولیات کے لیے کسی نے کوئی نمایاں کام نہیں کیا۔ لاہور کے پرانے ہسپتال ہندوؤں کے بنائے ہوئے ہیں یا پھر مسیحی انگریزوں کے نام پر ہیں۔ لیکن پاکستان بننے کے بعد الحمدللہ! میں کہہ سکتا ہوں کہ لاہور کے اندر انسانی صحت اور طبی سہولیات کے حوالے سے جو کام سرکاری اور نجی شعبے میں ہوا ہے، اگرچہ یورپ اور امریکہ کے مقابلے کا تو نہیں لیکن پھر بھی قابل تعریف اور اطمینان بخش کوشش نظر ضرور آتی ہے۔ پوتے پوتیوں کا دادا اور نواسے نواسیوں کا نانا ہونے کے ناتے مجھے سابقہ ادوار کے ہسپتالوں کے علاوہ آج لاہور میں اچھے ہسپتال بھی نمایاں نظر آتے ہیں، جن میں جوہر ٹاؤن میں شوکت خانم ہسپتال اور مغل آئی ہسپتال، شریف میڈیکل سٹی رائیونڈ، نیشنل ہسپتال ڈیفنس، اتفاق ہسپتال ماڈل ٹاؤن، شالامار ہسپتال مغل پورہ نجی شعبے میں جبکہ سروسز ہسپتال، جنرل ہسپتال، پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرکاری شعبے میں تعمیر ہوئے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے کینسر ہسپتال بھی بنانے کا اعلان کیا ہے، جو کہ خوش آئند ہے۔ نجی شعبے میں تشکیل پانے والے ان ہسپتالوں میں طبی سہولیات دستیاب ہو رہی ہیں، لیکن متوسط طبقے کے لوگ ان کے اخراجات برداشت کرنے سے قاصر ہیں، سوائے پی آئی سی کے ہر چیز کا لیبارٹری ٹیسٹ سے لے کر سرجری تک بھاری رقوم وصول کی جاتی ہیں جو کہ عام آدمی کی پہنچ سے دور ہی نہیں، بہت دور ہیں۔ جب کبھی کسی بڑے آدمی کو مرض لاحق ہوتا ہے تو وہ یورپ یا امریکہ جا کر اپنا علاج اور طبی ٹیسٹ کرواتا ہے۔ نجی شعبے میں قائم طبی اداروں میں ڈاکٹرز حضرات اپنے شعبوں میں ماہر ہیں، اچھی استعداد، قابلیت اور صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔ وہ مریضوں پر توجہ بھی دیتے ہیں۔ میں نے خود امریکہ جا کر علاج کروانے سے پاکستانی ہسپتالوں کو ترجیح دی، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور محمد وآل محمد کے صدقے میں بہتر نتائج حاصل ہوئے۔ مجھے خود اپنا اور اپنی اہلیہ کے علاج کے لیے ہسپتالوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے، جب بھی بل ادا کیے تو چودہ طبق روشن ہو گئے۔ لیکن ملک میں پاکستانیوں کے وسائل کے حوالے سے جو ہسپتال بنے ہیں، وہ عام آدمی اور کمزور طبقے کی پہنچ سے دور ہیں۔

نیشنل نیوز
National News

Daily
ASKAR INTERNATIONAL
QUETTA
MEMBER A.P.N.S
روزنامہ
عسکرانٹرنیشنل کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:
سیدفاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

اسلام آباد، صدرمملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیررانا تنویرحسین ملاقات کررہے ہیں

پاکستان نے تاریخ کا بڑا بھیانک تجربہ جھیلا ترقی کی راہیں ہموار کررہے ہیں احسن اقبال

پوری دنیا کے سرمایہ کار ہمیشہ پاکستان سے پوچھتے تھے کہ وہ سی پیک میں کیسے حصہ دار بن سکتے ہیں مگر بدقسمتی سے ہماری نظر شاید ہمیں ہی کھا گئی

بدقسمتی سے سیاست کو سوشل میڈیا کا کھیل بنا دیا گیا، ملکی معیشت کی ترقی راہیں دوبارہ ہموار کر رہے ہیں، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد(جی این ایم)وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان نے انسانی تاریخ کا سب سے بھیانک تجربہ جھیلا،، ایک قوت کو کہا گیا کہ نیوکلیئر پاور کی باگ ڈور سنبھالو اور حکومت چلانے کی تربیت کرو، مگر اس کام کے لیے ایک ایسے شخص کو منتخب کیا گیا جس نے ایک یونین کونسل تک نہیں چلائی تھی، اقدام سے معیشت (باقی صفحہ 2 نمبر34)

محمود خان اچکزئی کا افغانستان کے سفارتخانے کا دورہ

کنڑ ولایت حالیہ زلزلے سے ہونے والے جانی وہ مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد(اے این این)پشتونخوا ملی عوامی پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی نے اسلام آباد میں افغانستان سفارت کا دورہ کیا جہاں انھوں نے افغان سفیر مولوی سردار احمد شکیب سے ملاقات کی اس موقع پر کنڑ ولایت حالیہ زلزلے سے ہونے والے(باقی صفحہ 2 نمبر40)

وفاقی حکومت کا سیلاب متاثرین کو بجلی بلوں میں ریلیف دینے پر غور

اسلام آباد(یواین اے)وفاقی حکومت نے سیلاب متاثرین کیلئے بجلی بلوں میں بڑا ریلیف دینے پرغور شروع کر دیا، جبکہ فصلوں اور جانوروں کے نقصان کے معاوضہ(باقی صفحہ 2 نمبر39)

پاکستان اور ترکیہ کی دوستی ہرامتحان پر پوری اتری ہے، جام کمال

پاکستان اور ترکیہ فلسطینی عوام کی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے

اسلام آباد(سی ایم لنکس)وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی وقت کے ہرامتحان پر پوری اتری ہے۔اسلام آباد میں 16ویں پاک ترک مشترکہ وزارتی کمیشن کا انعقاد ہوا، وزیرتجارت جام کمال اور ترک(باقی صفحہ 2 نمبر38)

9 مئی وتوشہ خانہ کیسز، عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

اسلام آباد(یواین اے)ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان اوران کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں(باقی صفحہ 2 نمبر36)

رانا ثنااللہ پنجاب سے جنرل نشست پر سینیٹر منتخب

اعجاز چوہدری کی نااہلی کے بعد خالی ہونیوالی سینیٹ نشست پر ضمنی انتخاب کیلئے پنجاب اسمبلی میں پولنگ ہوئی

لاہور(جی این ایم)مسلم لیگ ن کے رہنما رانا ثنااللہ پنجاب سے جنرل نشست پر سینیٹر منتخب ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعجاز چوہدری کی نااہلی کے بعد خالی ہونے والی سینیٹ نشست پر ضمنی انتخاب کیلئے پنجاب اسمبلی(باقی صفحہ 2 نمبر35)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے قازقستان کے نائب وزیراعظم ملاقات کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی اور ان کے حامی صرف انتشار چاہتے ہیں رانا ثنااللہ

تحریک انصاف کا سیاسی کیریئرختم ہوچکاہے' ان کے ڈیزائن پورے ہوں توملک اپنا تشخص برقرار نہیں رکھ سکے گا، مشیروزیراعظم

عمران خان تاریخ کے واحد لیڈر ہیں جنھوں نے اوئے توئے کلچر متعارف کرایا، رہنما مسلم لیگ ن کی میڈیا سے بات چیت

لاہور(سی ایم لنکس)مسلم لیگ(ن)کے سینئر رہنمارانا ثنااللہ نے کہاہے کہ بانی پی ٹی آئی سیاست میں اوئے توئے اور گالم گلوچ کا کلچر لانے والے واحدلیڈر ہیں، اوران کی جماعت کا موجودہ طرزِعمل سیاسی نہیں بلکہ انتشار پھیلانے والا ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا بائیکاٹ دراصل راہِ فرار ہے کیونکہ ایک طرف وہ الیکشن کمیشن سے کاغذات وصول کرکے تمام پراسیس مکمل کرتے ہیں اور دوسری طرف عدالتوں میں جا پہنچتے ہیں۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو اپنے ہی ممبران پر اعتماد نہیں، ان کے کئی اراکین ووٹ کاسٹ کرنا چاہتے تھے مگر میں نے منع کیا کہ اپنی ہی جماعت کو ووٹ دیں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کو جب بیرونی خطرات لاحق تھے تو بانی پی ٹی آئی سننے کو تیار نہیں تھے۔انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کی کامیابی سیاسی اور عسکری قیادت کے اتفاق رائے سے ممکن ہوئی، جو پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار نظر آئی۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے میثاق استحکام پاکستان کا پیغام دے کر قومی یکجہتی کو فروغ دیا ہے، لیکن بانی پی ٹی آئی اوران کے حامی انتشار، فتنہ اور انارکی کے خواہاں ہیں اوران کا رویہ کسی طور بھی سیاسی نہیں۔ خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے پیچھے بھی وہی عناصر ہیں جو پاکستان کو کمزور دیکھنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاست ہمیشہ مذاکرات سے آگے بڑھتی ہے، ڈیڈلاک سے نہیں۔ پہلے یہ کہا جاتا تھا کہ ہم این آر او نہیں دیں گے اور اسٹیبلشمنٹ بات کرنے کی اجازت نہیں دے گی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ بات چیت ہی واحد راستہ ہے۔آخر میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی جیل میں ہیں اور انہیں وہاں تمام قانونی سہولتیں ملنی چاہییں، ساتھ ہی انہوں نے علیمہ خان پر انڈہ پھینکنے کے واقعے کی بھی مذمت کی۔مسلم لیگ(ن)کے سینئر رہنما رانا ثنا اللہ نے کہاہے کہ بانی پی ٹی آئی سیاست میں اوئے توئے اورگالم گلوچ کا کلچرلانے والے واحدلیڈر ہیں، اوران کی جماعت کا موجودہ طرزِعمل سیاسی نہیں بلکہ انتشار پھیلانے والا ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا بائیکاٹ دراصل راہِ فرار ہے۔

پوری قوم کو یکجا ہوکر سیلاب کا مقابلہ کرنا ہوگا باہر ہوتا توضرور فنڈ ریزنگ کرتا، عمران خان

اپنی قوم سے کہتا ہوں بڑھ چڑھ کراور دل کھول کر ریلیف کے کاموں اور سیلاب متاثرین کی امداد میں حصہ لیں

راولپنڈی (جی این ایم)پاکستان تحریک انصاف کے پیٹرن انچیف عمران خان کا کہنا ہے کہ پوری قوم کو یکجا ہوکر سیلاب کا مقابلہ کرنا ہوگا، اگر باہر ہوتا تو ضرور فنڈ ریزنگ کرتا۔اڈیالہ جیل میں وکلا اور فیملی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت پورا ملک سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے، پنجاب اور خیبر پختونخواہ کے سیلاب کی وجہ سے لوگوں کا بہت نقصان ہوا ہے، پوری قوم کو یکجا ہوکراس صورتحال کا مقابلہ کرنا ہوگا، میں اگر جیل سے باہر ہوتا(باقی صفحہ 2 نمبر41)

پاکستان ریلوے مالی بحران کا شکار، آپریشن چلانا مشکل ہوگیا

مقامی کنٹریکٹرز نے عدم ادائیگی پر ریلوے کو اسپیئر پارٹس کی فراہمی بند کردی

لاہور(جی این ایم)پاکستان ریلوے مالی بحران کا شکار ہوگئی جس کے باعث ریلوے کا آپریشن چلانا مشکل ہوگیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلویز اس وقت شدید مالی بحران کا شکار ہوچکا ہے، انتہائی خستہ حالی کا شکار ریلوے ٹریک کی رہی سہی کسر سیلاب نے پوری کردی، ریلوے انتظامیہ کو لاہور سمیت ملک بھر میں ریلوے آپریشن چلانے میں دشواری کا سامنا ہے۔حالات یہاں تک پہنچ چکے ہیں کہ ایک ٹرین کے(باقی صفحہ 2 نمبر42)

جسے بھیجا جاتا ہے وہ صحافت نہیں کرتا، سب کچھ دانستہ کیا جارہا ہے، علیمہ خان

میرا ٹیکسٹائل کا کاروبار ہے، غیرمتعلقہ سوال کرکے آپ کاروبار کو نقصان پہنچا رہے ہیں، گفتگو

راولپنڈی (جی این ایم)بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ جسے بھیجا جاتا ہے، وہ صحافت تو نہیں کرتا، یہ سب کچھ دانستہ کیا جا رہا ہے۔اڈیالہ جیل جاتے ہوئے داہگل ناکا پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا کہ کل جو کچھ بھی ہوا، میں اس سب کی مذمت کرتی ہوں۔ جب کوئی جان بوجھ کر بھیجا جاتا ہے تو وہ صحافت تو نہیں کرتا۔ جان بوجھ کر مستی کی گئی ہے، لوگوں کو اشتعال دلایا گیا ہے۔(باقی صفحہ 2 نمبر44)

چین اور پاکستان کے تعلقات میں نیا سنگِ میل، 2025-2029 ایکشن پلان جاری، چینی سفیر

آہنی رشتہ، سیاسی اعتماد، تجارتی روابط، عوامی شراکت، دفاعی تعاون اور ترقیاتی شراکت داری پر مبنی، مستقبل میں نئی تاریخ رقم کریگا، مضمون

اسلام آباد(سی ایم لنکس)چین اور پاکستان نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم اور عملی بنیادوں پر آگے بڑھانے کیلئے 2025 سے 2029 تک کیلئے ایک جامع چین-پاکستان ایکشن پلان جاری کر دیا ہے۔ پاکستان میں تعینات چینی سفیر نے دونوں(باقی صفحہ 2 نمبر50)

صحافیوں پر تشدد، علیمہ خان اورنعیم حیدر پنجوتھہ کیخلاف مقدمہ درج

راولپنڈی(جی این ایم)اڈیالہ جیل کے باہر پی ٹی آئی کارکنوں کے صحافیوں پر تشدد کے معاملے پر تھانہ صدر بیرونی میں صحافی کی درخواست پر مقدمہ درج(باقی صفحہ 2 نمبر48)

سندھ ہائیکورٹ' 8لاپتاافراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر حکومت سے جواب طلب

مدرسے کے طالب علم کی گمشدگی کا مقدمہ درج نہ کرنے پر ایس ایچ او اور ڈی ایس پی سعید آباد کو شوکاز جاری

کراچی(سی ایم لنکس)سندھ ہائیکورٹ نے مدرسے کے طالب علم سمیت 8لاپتاافراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں پر سندھ حکومت، آئی جی سندھ اور دیگر سے جواب طلب کرلیا۔جسٹس ظفراحمد راجپوت کی سربراہی میں دو رکنی بینچ کے روبرو مدرسے(باقی صفحہ 2 نمبر46)

رحیم یارخان میں سیلاب متاثرین کی کشتی الٹنے سے5افراد ڈوب گئے، 3لاشیں نکال لی گئیں

رحیم یار خان /لاہور(جی این ایم)رحیم یارخان کے علاقے لیاقت پور موضع نور والا میں سیلاب متاثرین کی کشتی الٹنے سے 5افراد ڈوب گئے، 2خواتین سمیت(باقی صفحہ 2 نمبر43)

کراچی میں کار چوروں کا نیٹ ورک بے نقاب' گاڑیاں بلوچستان میں فروخت ہونے کا انکشاف

پولیس نے کارروائی کے دوران اسلحہ، موبائل فون، نقدرقم اور ایک چوری شدہ کار بھی برآمد کرلی

کراچی(جی این ایم)اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل(اے وی ایل سی)پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مبینہ مقابلے کے بعد ایک کارلفٹر کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔پولیس کے مطابق قصبہ کالونی پراچہ قبرستان کے قریب گزشتہ روز کی درمیانی(باقی صفحہ 2 نمبر51)

ملک کے بڑے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی صورتِ حال تسلی بخش قرار

اسلام آباد(سی ایم لنکس)واپڈا کے ترجمان کے مطابق ملک کے بڑے دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی موجودہ(باقی صفحہ 2 نمبر49)

آٹے کا بحران شدت اختیار کرگیا، سرکاری نرخوں پر10اور20 کلو تھیلے بازار سے غائب

فلور ملز اور نجی کمپنیوں نے قیمتوں میں من مانا اضافہ کردیا، 5اور15 کلو تھیلوں کی شدید قلت نے عوام کو پریشانی میں ڈال دیا

لاہور(سی ایم لنکس)آٹے کے بحران میں شدت آگئی ہے اور سرکاری نرخوں پر دستیاب 10اور20 کلو آٹے کے تھیلے بازار سے مکمل طور پر غائب ہوگئے ہیں۔ذرائع کے مطابق پیکنگ والا آٹا فروخت کرنے والی نجی کمپنی نے قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ(باقی صفحہ 2 نمبر47)

پنجاب اسمبلی، سینیٹ نشست پر ضمنی انتخاب کیلئے پولنگ، اپوزیشن کا بائیکاٹ

لاہور(یواین اے)پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری کی نااہلی کے بعد خالی ہونے والی سینیٹ(باقی صفحہ 2 نمبر45)

عدالت نے پنجاب میں سینیٹ نشست پر انتخاب کو پٹیشن کے حتمی فیصلے سے مشروط کردیا

لاہور(یو این اے)لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں سینیٹ کی خالی نشست پر ہونے والے انتخاب کو پٹیشن کے حتمی فیصلے سے مشروط قرار دیدیا۔لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس احمد ندیم ارشد نے اعجاز چوہدری کی درخواست پر 2 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ آئندہ 15روز میں الیکشن کمیشن سمیت دیگر فریقین(باقی صفحہ 2 نمبر52)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکریٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی غلام رسول کی وفات پران کے لواحقین سے تعزیت کے موقع پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

حیدرآباد، تیز بارش سے نشیبی علاقے زیرآب، تعلیمی اداروں میں تعطیل

حیدرآباد(یواین اے)حیدرآباد میں رات گئے تیز بارش سے شاہراہیں اور نشیبی علاقے زیر آب آگئے، جس سے معمولات زندگی شدید متاثر ہوگیا، ضلعی انتظامیہ نے سندھ کے مختلف شہروں میں آج تعلیمی ادارے بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔حیدرآباد کے مختلف علاقوں ٹھنڈی سڑک، پٹھان کالونی، لیاقت کالونی، لطیف آباد، قاسم آباد، سٹیزن کالونی(باقی صفحہ 2 نمبر53)

اسٹاک مارکیٹ نے 157000 پوائنٹس کا سنگ میل عبور کرنے کی تاریخ رقم کردی

ہنڈریڈ انڈیکس نے 1001 پوائنٹس بڑھ کر 157088 پوائنٹس کی بلندترین سطح کو چھولیا

کراچی (جی این ایم) پاکستان اسٹاک مارکیٹ نے 157000 پوائنٹس کا سنگ میل عبور کرنے کی تاریخ رقم کردی۔کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں مثبت تیزی کا رجحان دیکھا جارہا ہے، جہاں کاروبار کے شروع ہوتے ہی ہنڈریڈ انڈیکس نے 1001 پوائنٹس بڑھ کر 157088 پوائنٹس کی بلند ترین سطح کو چھو لیا۔گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر پاکستان اسٹاک مارکیٹ 1لاکھ(باقی صفحہ 5 نمبر18)

سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شہری خوفزدہ

سوات(یو این اے)سوات اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کے جھٹکوں کی وجہ سے شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.2ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ اس کی زیر زمین گہرائی(باقی صفحہ 5 نمبر17)

کراچی میں متوقع شدید بارش کے پیش نظر انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

آئندہ24 سے 48 گھنٹے میں بارش کا نیا اسپیل آنے کی پیشگوئی ہے، چیف سیکریٹری نے الرٹ کردیا

کراچی(سی ایم لنکس)وزیراعلیٰ سندھ سید مرادعلی شاہ کی ہدایت پر چیف سیکریٹری نے کمشنر آفس کے کنٹرول روم سے شہر کی انتظامیہ کو ہائی الرٹ کر دیا۔چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ کا کہنا ہے کہ آئندہ24 سے48 گھنٹے میں بارش کا نیا اسپیل آنے کی پیشگوئی ہے، ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی ادارے عوامی خدمت کے لیے فیلڈ میں نکلیں، تمام ڈپٹی کمشنرز اور بلدیاتی عملہ بارش کے نئے اسپیل کے لیے تیار رہیں۔کمشنر کراچی نے اسسٹنٹ کمشنرز اور میونسپل(باقی صفحہ 5 نمبر4)

بنوں میں ایف سی لائن حملے میں زخمی میجر عدنان جام شہادت نوش کرگئے

بنوں(جی این ایم)بنوں میں فرنٹیئر کانسٹیبلری(ایف سی)لائن پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے دوران اسپیشل سروسز گروپ)ایس ایس جی(کے افسر میجر عدنان نے بہادری کی لازوال مثال قائم کی۔ترجمان کے مطابق میجر عدنان نے کارروائی کے دوران(باقی صفحہ 5 نمبر3)

ایس آئی ایف سی کی حکمت عملی سے فارماسیوٹیکل صنعت میں جدت اور سرمایہ کاری کو فروغ

نئی ترامیم اصلاحی اقدامات کو عالمی اصولوں سے ہم آہنگ بنانے میں معاون ثابت ہوں گی

اسلام آباد(جی این ایم)اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل(ایس آئی ایف سی)کی موثر حکمتِ عملی کی بدولت پاکستان میں فارماسیوٹیکل صنعت میں جدت اور سرمایہ کاری کو فروغ مل رہا ہے۔پاکستان فارماسیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے ادویات کے قانون میں ترامیم کے سلسلے میں ایس آئی ایف سی کی معاونت پر اظہارِ تشکر کیا ہے۔پی پی ایم اے کے مطابق یہ نئی ترامیم اصلاحی اقدامات کو عالمی اصولوں سے ہم آہنگ بنانے میں(باقی صفحہ 5 نمبر1)

آٹے کی سپلائی بحال، حکومت اور فلارملز مالکان میں معاملات طے پا گئے

ملز 10اور 20 کلوآٹے کا تھیلا سرکاری نرخوں پرسپلائی کریں گی

لاہور (جی این ایم) پنجاب حکومت اور فلارملز مالکان میں معاملات طے پا گئے' ملز مالکان نے مشروط مقدار میں آٹا سپلائی کرنے پر آمادگی ظاہر کردی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پنجاب بھر کی 800ملزآ 10اور 20 کلو آٹے کا تھیلا سرکاری نرخوں پر مارکیٹ میں سپلائی کریں گی۔ذرائع فلور ملز ایسوسی ایشن کے مطابق حکومت فلورملوں کو ایک لاکھ ٹن گندم ماہانہ دیگی، ملٹی نیشنل کمپنیاں 25لاکھ بوری گندم 3 ہزارروپے من میں(باقی صفحہ 5 نمبر16)

کوہستان میگا کرپشن سکینڈل، صوبائی حکومت کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کا فیصلہ

پشاور(یو این اے)کوہستان میگا کرپشن سکینڈل کے حوالے سے خیبر پختونخوا حکومت نے آڈیٹر جنرل کی رپورٹ پر اعتراضات کے بعد تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ذرائع کے مطابق تھرڈ پارٹی آڈٹ کے ذریعے اس تاریخی کرپشن سکینڈل کی تحقیقات(باقی صفحہ 5 نمبر15)

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے بحرین کے وزیرداخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ ملاقات کررہے ہیں

اسحاق ڈار کی قازق ہم منصب سے ملاقات، سیاسی واقتصادی روابط بڑھانے کا عزم

اسلام آباد(یواین اے)نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے قازقستان کے ہم منصب مرات نرتلیو سے ملاقات کی ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات اسلام آباد میں وزارتِ خارجہ میں ہوئی، ملاقات میں سیاسی اور اقتصادی روابط بڑھانے(باقی صفحہ 5 نمبر5)

اسلام آباد میں سفید بادل ماہرین نے خطرے کی گھنٹی قرار دیدی

مولونمبس نامی ان خاص بادلوں کی بلندی کم ہونا کوئی اچھی علامت نہیں، ماہرین

اسلام آباد(جی این ایم)اسلام آباد میں یہ خاص نظارہ دیکھا گیا جہاں پورا آسمان صاف شفاف ہے اور صرف ایک جانب بادل کا ٹکڑا گرج چمک رہاہے، بادل کے نچلے آبی بخارات کی بالائی برفیلی سطح سے رگڑ پر گرج چمک پیدا ہونا تو معمول ہے، لیکن آسمان پر سفید اور سرمئی بادلوں کی ایک ہی ٹکڑی، گرج چمک کا طوفان اٹھادے اور باقی مطلع مکمل صاف، یہ عجب صورتحال دوروز پہلے وفاقی دارالحکومت میں پیش آئی، جس نے(باقی صفحہ 5 نمبر2)

اسلام آباد، وفاقی وزیرجام کمال خان سے قازقستان کے وزیرتجارت ملاقات کررہے ہیں

کراچی، آتشزدگی سے گارمنٹس فیکٹری کی 3منزلہ عمارت منہدم، 5فائرفائٹرززخمی

کراچی(یواین اے)کراچی کے نیو کراچی میں گارمنٹس فیکٹری میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی، آگ بجھانے کے دوران 3منزلہ عمارت زوردار دھماکے سے گرگئی، جس کے نتیجے میں 5 فائر فائٹرز زخمی ہوگئے۔ریسکیو حکام کے مطابق نیو کراچی سیکٹر 8اے(باقی صفحہ 5 نمبر14)

2030 تک توانائی مکس میں 60 فیصد قابلِ تجدید ذرائع شامل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، اویس لغاری

سولرانقلاب جاری' گھریلو وتجارتی سطح پرنیٹ میٹرنگ کے ذریعے8. 5 گیگاواٹ شمسی توانائی قومی گرڈ میں شامل ہوچکی

اسلام آباد(سی ایم لنکس)وفاقی وزیرتوانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان نے2030 تک توانائی کے مجموعی مکس میں60 فیصد حصہ قابلِ تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے، جس کی جانب پیش رفت تیزی سے جاری ہے۔وہ اقتصادی تعاون تنظیم (ECO) کے کلین انرجی سینٹر کے بورڈ آف گورنرز کے افتتاحی اجلاس سے ورچوئل خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا پاکستان میں سولر انقلاب جاری ہے(باقی صفحہ 5 نمبر7)

عمران خان کی 7 مقدمات میں درخواست ضمانت پرسماعت 13 ستمبرتک ملتوی

راولپنڈی(یواین اے)بانی پاکستان تحریکِ انصاف(پی ٹی آئی)عمران خان کی 7مقدمات میں درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کسی کارروائی کے 13 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے عمران خان کی(باقی صفحہ 5 نمبر6)

اسلام آباد، وفاقی وزیرمصدق ملک سے پاکستان میں تعینات آئرلینڈ کی سفیر ملاقات کررہی ہیں

راولپنڈی میں میجر عدنان اسلم شہید کی نمازِ جنازہ ادا، وزیراعظم، آرمی چیف کی شرکت

بنوں میں دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا

راولپنڈی(سی ایم لنکس)راولپنڈی کے علاقے چکلالہ میں میجر عدنان اسلم شہید کی نمازِ جنازہ ادا کردی گئی۔ میجر عدنان اسلم 2 ستمبر کو بنوں میں دہشتگردوں کے حملے کے دوران بہادری سے اپنی قیادت کرتے ہوئے شدید زخمی ہوئے تھے اور بعدازاں سی ایم ایچ میں دورانِ علاج جامِ شہادت نوش کیا۔نماز جنازہ میں وزیراعظم محمد شہباز شریف، وفاقی وزراء، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، اعلیٰ عسکری وسول حکام اور شہید کے اہل(باقی صفحہ 5 نمبر13)

خیبر پختونخوا سے 7لاکھ 43ہزار سے زائد افغان باشندوں کی واپسی

پشاور(یو این اے)خیبر پختونخوا سے افغان شہریوں کی وطن واپسی کا عمل جاری ہے۔صوبائی محکمہ داخلہ کے مطابق 8 ستمبر کو طورخم بارڈر سے 2491افراد افغانستان واپس گئے، جن میں سے 746غیر قانونی افراد بھی شامل تھے، اب تک مجموعی طور پر خیبر پختونخوا سے 7لاکھ 43 ہزار سے زائد افغان(باقی صفحہ 5 نمبر12)

نیپال میں پرتشدد احتجاج؛ مظاہرین کے مطالبے پر وزیراعظم مستعفی

مظاہرین کے حملے کے بعد نیپال کی فوج نے وزرا کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے ان کی رہائش گاہوں سے نکالا

کھٹمنڈو (جی این ایم)نیپال میں جاری پرتشدد احتجاج کے نتیجے میں مظاہرین کے مطالبے پر وزیراعظم مستعفی ہوگئے۔غیرملکی میڈیا کے مطابق نیپال کے وزیراعظم کے پی شرما اولی نے ملک میں جاری احتجاج اور مظاہرون کے نتیجے میں مستعفی ہونے کا اعلان کیا، صدر، وزیراعظم کی رہائش گاہوں، سیکرٹریٹ بلڈنگ کو نشانہ بنائے جانے، آتشزدگی اور توڑ پھوڑ کے بعد نیپال کی فوج نے وزرا کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے ان کی رہائش(باقی صفحہ 5 نمبر8)

پاکستان اور ایران کے درمیان فضائی معاہدہ کامیابی سے طے پا گیا

اسلام آباد(یو این اے)پاکستان اور ایران کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگیا، پاکستا ن میں ایران کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مقدم نے باضابطہ اعلان کیا۔ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کا کہنا ہے کہ ایران اور پاکستان میں فضائی معاہدہ کامیابی سے طے پا گیا ہے، معاہدہ رابطوں بالخصوص(باقی صفحہ 5 نمبر9)

کراچی کی گارمنٹس فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی؛ 3منزلہ عمارت گرگئی متعدد افراد زخمی

اس وقت 11 فائرٹینڈرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں لیکن آگ پر تاحال قابو نہیں پایا جاسکا، ریسکیو حکام

کراچی (جی این ایم)صوبہ سندھ کے دارالحکومت کراچی میں اگ سے متاثرہ فیکٹری کی 3 منزلہ عمارت گرگئی جس کی وجہ سے متعدد افراد زخمی ہوگئے، فیکٹری میں کپڑے اور دیگر کیمیائی مواد موجود تھا جس کی وجہ سے آگ تیزی سے پھیلی اور عمارت منٹوں میں ملبے کا ڈھیر بن گئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق شہر قائد کے علاقہ نیو کراچی میں صبا سینما کے قریب واقع گارمنٹس فیکٹری میں آگ لگ گئی، فائر بریگیڈ حکام نے بتایا کہ(باقی صفحہ 5 نمبر10)

سندھ میں ضمنی بلدیاتی الیکشن: 29 امیدوار بلامقابلہ کامیاب، 38 نشستوں پر پولنگ 24 ستمبر کو شیڈول

صوبائی الیکشن کمشنر سندھ اعجاز انور چوہان سے تمام ڈی آر اوز، ریٹرننگ افسران (آر اوز) اور پولنگ عملے کو ہدایات جاری

کراچی (جی این ایم)الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق صوبہ سندھ میں ضمنی بلدیاتی انتخابات کے لیے امید واروں کی دستبرداری کے بعد امیدواروں کی فہرست شائع کردی گئی ہے۔الیکشن کمیشن سندھ کی پریس ریلیز کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں کل 67 نشستوں پر انتخابات ہونا تھے، تاہم 29 نشستوں پر امیدوار بلامقابلہ کامیاب قرار پا چکے ہیں، اب باقی(باقی صفحہ 5 نمبر11)

کوئٹہ، سیکریٹری مواصلات وتعمیرات لعل جان جعفر سبی ڈویژن میں جاری روڈ اور بلڈنگز کے منصوبوں پر پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بقیہ (01)

معاون ثابت ہوں گی۔ان ترامیم کے نتیجے میں فارماسیوٹیکل صنعت میں اہم ادویات کی بلاتعطل فراہمی ممکن ہوگی اور جدید علاج کی سہولیات بھی متعارف کرائی جائیں گی۔ساتھ ہی جدید ادویات کی تیاری اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے کی توقع ہے۔بہترین سہولت کاری کے اعتراف میں پاکستان فارما مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین توقیر الحق نے خصوصی خط کے ذریعے ایس آئی ایف سی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ ایسوسی ایشن صحت کے شعبے اور صنعتی مسابقت کے لیے ایس آئی ایف سی کے ساتھ شراکت داری جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ایس آئی ایف سی کے یہ اقدامات نہ صرف فارماسیوٹیکل بلکہ دیگر شعبوں میں بھی سرمایہ کاری اور ترقی کی راہیں ہموار کررہے ہیں۔

بقیہ (02)

سب کو حیران کردیا، ہرکوئی اس نظارے کو کیمرے کی آنکھ میں قید کرتا نظر آیا ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات عرفان ورک اس پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ٹمپریچر نیچے بہت زیادہ اور اوپر کم ہوجاتا ہے، اس وقت کومولس کی ورٹیکل ایکسٹینشن بڑھ جاتی ہے اس کے بعد کومولونمبس کی شکل میں چلا جاتا ہے یہ وہ بادل ہے جس میں تھنڈر اسٹارم ہوتا ہے اور وہ نظر بھی آتا ہے . مولونمبس نامی ان خاص بادلوں کی بلندی کم ہونا کوئی اچھی علامت نہیں ماہر موسمیات خنسا نعیم نے اس بارے بات کرتے ہوئے کہا زمین سے 1 ہزار فٹ یا 6 ہزار فٹ پر یہ بادل بنے تو ہی نظر آتا ہے اور اس میں تھنڈر اسٹارم بھی نظر آتا ہے، یہ خطرناک تب ہیں جب زمین اور ان بادلوں میں فاصلہ کم ہو، ان بادلوں سے مسلسل اور تیز بارش کا بھی امکان ہوتا ہے موسمیاتی تبدیلیوں کا شکار پاکستان میں فطری مظاہر کی غیر معمولی صورتحال کو ایک خطرے کی گھنٹی قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ (03)

اپنے زخمی ساتھی کو جسم سے ڈھانپ کر بچایا۔اس دوران انہیں چار گولیاں لگیں تاہم انہوں نے دلیری کے ساتھ دو حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا۔شدید زخمی حالت میں میجر عدنان کو فوری طور پر سی ایم ایچ راولپنڈی منتقل کیا گیا، جہاں وہ چھ روز تک زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد جام شہادت نوش کرگئے۔

بقیہ (04)

کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ ندی نالوں اور نکاسی آب کا فوری جائزہ لیں، عوامی سہولت مدنظر رکھتے ہوئے بارش کے پانی کی نکاسی کے لیے ضروری مشینری کا انتظام کیا جائے۔کمشنر نے کہا کہ ٹریفک پولیس ٹریفک کی روانی کو یقینی بنائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات نہ ہوں، پی ڈی ایم اے کی فراہم کردہ مشینیں نکاسی آب کے لیے تیار رکھی جائیں۔دریں اثنا کراچی میں ممکنہ بارشوں کی پیش نظر پی ڈی ایم اے نے اپنی تیاریاں مکمل کرلی ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے سلمان شاہ نے شاہراہ فیصل اور ڈرگ روڈ پر نصب پمپس کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور اطمنان کا اظہار کیا۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے کہا کہ شہر کی اہم شاہراہوں پر ڈی واٹرنگ پمپس نصب کیے گئے ہیں، شہر میں کل 13 پمپس لگائے گئے ہیں، 3 پمپس ایمرجنسی میں مطلوبہ مقامات پر پہنچائے جائیں گے۔سلمان شاہ نے کہا کہ عملہ کسی بھی صورتحال کے لیے تیار ہے، بارش کا سلسلہ مختلف اوقات پر جاری رہنے کے امکانات ہیں، عوام غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔

بقیہ (05)

اور خطے میں رابطوں میں اضافے پر زور دیا گیا۔اس موقع پر پاکستان اور قازقستان نے باہمی تعلقات مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماں نے خطے میں رابطوں کو فروغ دینے اور آئندہ قازق صدر کے نومبر میں متوقع دورہ پاکستان سے قبل قریبی تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز قازقستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ مرات نرتلیو 2 روزہ سرکاری دورے پر گزشتہ روز پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد پہنچے، ایڈیشنل سیکرٹری مغربی ایشیا سید علی اسد گیلانی اور دیگر سینئر حکومتی عہدیداران نے ایئرپورٹ پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔مرات نرتلیو کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، باہمی تعاون کے فروغ اور مختلف شعبوں میں مشترکہ دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیلئے اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ (06)

7 مقدمات میں درخواست ضمانت پر سماعت کی جبکہ پراسیکیوٹر ظہیر شاہ عدالت میں پیش ہوئے۔بعدازاں عمران خان کی 7 مقدمات میں درخواست ضمانت پر سماعت بغیر کسی کارروائی کے 13 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔اسی طرح بانی پی ٹی آئی کے میڈیکل بورڈ تشکیل دینے سے متعلق درخواست کی سماعت بھی بغیر کارروائی کے 13 ستمبر تک ملتوی ہوگئی ہے۔واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت 26 نومبر اور 28 ستمبر کے سات مقدمات میں ان کے وکلا کی جانب سے دائر کی گئی تھی، مذکورہ مقدمات میں عمران خان کی گرفتاری کے بعد انہیں جوڈیشل کیا گیا ہے۔یہ مقدمات راولپنڈی اور ٹیکسلا سمیت مختلف تھانوں میں درج ہیں جن میں بانی پی ٹی آئی عمران خان پر قتل، سازش اور جلا گھیرا کے سنگین الزامات شامل ہیں۔

بقیہ (07)

، اور گھریلو وتجارتی سطح پر نیٹ میٹرنگ کے ذریعے 5.8 گیگاواٹ شمسی توانائی قومی گرڈ میں شامل ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کی گرڈ کیپیسٹی میں 42 فیصد سے زیادہ حصہ قابل تجدید توانائی پر مشتمل ہے، اور گزشتہ برس ملک میں نصف سے زائد بجلی صاف توانائی ذرائع انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ہوا، ہائیڈرو اور شمسی توانائی کے وسیع وسائل موجود ہیں، جنہیں بھرپور طور پر بروئے کار لایا جارہا ہے۔تمام نئے توانائی منصوبے جدید اور ماحول دوست ٹیکنالوجی پر مبنی ہیں۔نجی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ایک سازگار پالیسی اور ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔دیہی علاقوں میں مائیکرو گرڈز اور غیر مرکزی توانائی نظام کو فروغ دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا ECO کلین انرجی سینٹر کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے وقت کی اہم ضرورت قرار دیا اور کہا کہ یہ ادارہ علاقائی حکمت عملی کو قابل عمل منصوبوں میں تبدیل کرے گا۔انہوں نے کہا سرحد پار توانائی تبادلے مشترکہ انفراسٹرکچر اور مربوط سبز گرڈ کے فروغ کا پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔خطے میں سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی منتقلی اور پائیدار ترقی کو فروغ دے گا۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان اپنے تجربات اور کامیابیاں دیگر رکن ممالک کے ساتھ شیئر کرے گا، تاکہ پورے خطے کے لیے محفوظ، کم لاگت اور پائیدار توانائی کا مستقبل ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ (08)

گاہوں سے نکالا۔بتایا گیا ہے کہ نیپال میں ہزاروں نوجوانوں نے پیر کے روز فیس بک اور یوٹیوب سمیت 26 سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پابندی کے خلاف احتجاج کیا اور مظاہروں کے دوران دارالحکومت کھٹمنڈو میں پارلیمنٹ کی عمارت میں زبردستی گھس کر پابندی ہٹانے کے ساتھ ہی بدعنوانی سے نمٹنے کا مطالبہ کیا، جس کے نتیجے میں ہلاکت خیز مظاہروں کے بعد سوشل میڈیا پر پابندی ختم کردی گئی، وزیر مواصلات اور اطلاعات پرتھوی سبا گرونگ نے کہا کہ پابندی ہٹانے کا فیصلہ "جین زیڈ (نئی نسل) کے مطالبات کو حل کرنے " کے لیے کیا گیا۔معلوم ہوا ہے کہ ان مظاہروں کے دوران 100 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جو دارالحکومت کھٹمنڈو سے باہر کے قصبوں تک پھیل چکے تھے، مظاہروں کے دوران بہت سے لوگوں نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن میں "بہت ہو چکا " اور " کرپشن کا خاتمہ " جیسے نعرے درج تھے، کچھ مظاہرین نے وزیراعظم کے پی شرما اولی کے آبائی شہر دمک میں ان کے گھر پر بھی پتھرا کیا، اس احتجاج کو " جین زیڈ ریلی " کا نام دیا گیا اور نوجوان مظاہرین کو پارلیمنٹ کی طرف مارچ کرتے ہوئے خاردار تاروں اور فساد سے نمٹنے والی پولیس کو دھکیلتے ہوئے دیکھا گیا، مظاہرین میں اسکول یا کالج کے یونیفارم میں ملبوس بہت سے نوجوان بھی شامل تھے۔سڑکوں پر نکلنے والے نوجوانوں کا کہنا تھا کہ وہ حکومت کے آمرانہ رویے کے خلاف بھی احتجاج کر رہے ہیں، ہم تبدیلی دیکھنا چاہتے ہیں، دوسروں نے یہ برداشت کیا ہے، تاہم اب اسے ختم ہونا چاہیے، اس حکومت کو بھی دیگر بیرونی ممالک کی طرح بڑے پیمانے پر انسداد بدعنوانی کی تحریک کا خدشہ ہے، پولیس نے آغاز میں آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا لیکن پھر جلد ہی وہ ایوان کے گیٹ کے پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوگئے، صورتحال اس وقت شدت اختیار کرگئی جب اہلکاروں نے بھیڑ پر فائرنگ شروع کر دی، تشدد کے بعد حکومت نے وسطی کھٹمنڈو میں صدارتی محل، پارلیمنٹ اور وزیر اعظم کے دفاتر سمیت علاقوں میں کرفیو نافذ کردیا۔نیپال میں حکام کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا کمپنیوں نے نیپالی قانون کے تحت رجسٹر ہونے سے انکار کیا، جس کے لیے ایسے غیرملکی پلیٹ فارمز کو مقامی نمائندہ مقرر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کی صرف چند کمپنیوں نے ہی پاسداری کی ہے، حکومت نے اس معاملے میں احتساب کو یقینی بنانے اور آن لائن بدسلوکی کو روکنے کے لیے اپنے اقدام کا دفاع کیا، حکام کا اصرار ہے کہ وہ اظہار رائے کی آزادی کا احترام کرتے ہیں لیکن وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ ایسے پلیٹ فارم ذمہ دار اور مناسب طریقے سے منظم ہوں، تاہم حقوق کے گروپوں نے اس پابندی کو سنسرشپ قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی، ناقدین نے کہا کہ اس سے کمزور جمہوریت میں بدامنی کو ہوا ملنے کا خطرہ ہے۔

بقیہ (09)

صدر ایران کے حالیہ دورہ کے باعث ممکن ہوا، تعاون اور سہولت کاری پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ایرانی سفیر نے بتایا کہ ایران کی معروف فضائی کمپنی ایران ایئر تور اسلام آباد کیلئے پہلی براہ راست پرواز چلائے گی، دونوں ممالک کے درمیان سیاحت کا فروغ اور عوامی روابط مضبوط ہوں گے، کاروباری تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کیعوام، سیاحت سے وابستہ افراد اور کاروباری حلقوں کو مبارکباد دیتا ہوں۔رضا امیری مقدم کا کہنا تھا کہ امید ہے براہ راست پرواز سے سیاحت پہلے سے کہیں زیادہ فروغ پائے گی، ایرانی شہری پاکستان کے خوبصورت مناظر اور مہمان نوازی سے لطف اٹھائیں گے۔

بقیہ (10)

جیسے ہی فیکٹری میں آگ لگنے کی اطلاع ملی تو اس کے بعد فوری طور پر 2 گاڑیاں آگ بجھانے کیلئے روانہ کی گئیں لیکن آگ کی شدت میں اضافے کے بعد مزید گاڑیاں طلب کی گئیں اور اس وقت 11 فائر ٹینڈرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں لیکن آگ پر تاحال قابو نہیں پایا جاسکا۔بتایا گیا ہے کہ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا میں گارمنٹس فیکٹری میں لگنے والی آگ شدت اختیار کرچکی ہے، جس نے پہلے فیکٹری کی پہلی منزل کو اپنی لپیٹ لیا لیکن دیکھتے ہی دیکھتے آگ پوری فیکٹری میں پھیل گئی اور نیو کراچی میں گارمنٹس فیکٹری میں آتشزدگی کے بعد تین منزلہ عمارت منہدم ہوگئی، فیکٹری کے گرتے ہی زوردار دھماکہ ہوا، اس دوران متعدد افراد زخمی ہوگئے اور ریسکیو اہلکاروں کے ملبے کے نیچے دبے ہونے کا خدشہ ہے۔

بقیہ (11)

ماندہ 38 نشستوں پر 24 ستمبر 2025 بروز بدھ کو پولنگ ہوگی۔اس سلسلے میں صوبائی الیکشن کمشنر سندھ اعجاز انور چوہان نے تمام ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران (ڈی آر اوز)، ریٹرننگ افسران (آر اوز) اور پولنگ عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ انتخابی عمل کے دوران مستعد رہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پرامن، صاف، شفاف اور آزادانہ انتخابات کے انعقاد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔یاد رہے کہ جولائی کے مہینے میں الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) سندھ نے صوبے کی 52 خالی بلدیاتی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا شیڈول جاری کیا تھا۔ترجمان الیکشن کمیشن سندھ نے آگاہ کیا تھا کہ شکارپور، کشمور، گھوٹکی، سکھر، نوشہرو فیروز، حیدرآباد، جامشورو، مٹیاری، کراچی غربی، کیماڑی اور کراچی شرقی میں انتخابات کا انعقاد 24 ستمبر کو ہوگا۔ترجمان نے بتایا تھا کہ کاغذات نامزدگی 8 ستمبر تک واپس لیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ (12)

باشندے واپس جاچکے ہیں۔ملک بھر سے مجموعی طور پر 6 لاکھ 5 ہزار 992 غیر قانونی مقیم افراد وطن واپس لوٹے۔محکمہ داخلہ کا کہنا ہے کہ 89 ہزار 467 پروف آف رجسٹریشن کارڈ ہولڈرز مہاجرین کو افغانستان بھیجا گیا، جبکہ 48 ہزار 254 افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز افغان باشندوں کو بھیجا گیا، سب سے زیادہ واپسی طورخم بارڈر کے ذریعے ہوئی۔صوبائی محکمہ داخلہ کے مطابق دیگر صوبوں اسلام آباد، پنجاب، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سے بھی مجموعی طور پر 30 ہزار 694 افغان باشندوں کو واپس بھیجا گیا ہے۔

بقیہ (13)

خانہ سمیت بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔وزیراعظم نے شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ " آج قوم نے ایک بہادر سپوت کھو دیا ہے، جن کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ میجر عدنان اسلم پاکستان کی بہترین روایات کے نمائندہ تھے۔شہید کے اہل خانہ نے بھی ان کی شہادت کو اعزاز قرار دیا۔ان کا کہنا تھا کہ آپ سب کو مبارک ہو، آپ کا دوست شہید ہوگیا ہے۔ایک اور بیٹا مادر وطن پر قربان ہوا ہے۔اہل خانہ نے مزید کہا کہ میجر عدنان نے اللہ کی راہ میں جان دی ہے جس پر ہم رب کائنات کے شکرگزار ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق میجر عدنان شہید کی قربانی اس بات کا ثبوت ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ پوری قوت سے جاری رہے گی۔شہید کو ان کے آبائی علاقے میں پورے فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔میجر عدنان اسلم کی بہادری اور جرات کو تاریخ میں سنہری الفاظ سے یاد رکھا جائے گا اور وہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بن گئے ہیں۔

بقیہ (14)

میں گارمنٹس فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی، واقعے کی اطلاع ملتے ہی محکمہ فائر بریگیڈ کی 2 گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں تاہم آگ کی شدت میں اضافے کے بعد مزید گاڑیوں کو طلب کیا گیا۔محکمہ فائر بریگیڈ اور ریسکیو 1122 کے اہلکار 14 فائر ٹینڈرز، باؤزر اور اسنارکل آگ پر قابو پانے کی کوششوں میں مصروف تھے کہ اس دوران زوردار دھماکے کے بعد عمارت منہدم ہوگئی جس کے ملبے کی زد میں آ کر 5 فائر فائٹر زخمی ہوگئے جن میں 2 کی حالت تشویشناک ہے، جبکہ عمارت کے ملبے تلے مزید افراد کے دبے ہونے کا خدشہ ہے۔ریسکیو حکام کے مطابق آتشزدگی کے نتیجے میں فیکٹری کی عمارت سے متصل زیر تعمیر عمارت کی شیٹرنگ میں بھی آگ لگ گئی جس پر ریسکیو اہلکاروں نے قابو پالیا، فیکٹری کی عمارت گرنے سے برابر والی عمارت کو بھی معمولی نقصان پہنچا ہے۔ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ آتشزدگی سے بنیادیں کمزور ہونے پر عمارت گری۔

بقیہ (15)

کی جائیں گی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ آڈٹ کے لیے نجی فرم کی خدمات حاصل کی جائیں گی اور اس سلسلے میں فرم سے درخواستیں طلب کی جا چکی ہیں، معاملات طے ہوتے ہی تھرڈ پارٹی کے ذریعے جلد آڈٹ کا آغاز کیا جائے گا۔

بقیہ (16)

فراہم کرنے پر آمادہ ہوگئی۔ملٹی نیشنل کمپنیوں کے نمائندے ڈی جی فوڈ سے ملاقات میں مقدار اور طریقہ کار طے کریں گے۔معاون خصوصی برائے پرائس کنٹرول سلمٰی بٹ کا کہنا ہے کہ حکومت اور ملز گندم آٹا بحران سے متعلق سفارشات تیار کررہے ہیں، فلور ملز کا حکومت سے تعاون خوش آئند ان کی سفارشات پر غور کیا جارہا ہے، پنجاب کی مارکیٹ میں آٹے کی سپلائی بحال رہے گی، گندم اور آٹے کی قیمت نہیں بڑھے گی، استحکام آجائے گا۔

بقیہ (17)

155 کلومیٹر تھی۔زلزلہ پیما مرکز نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا ہے کہ زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔

بقیہ (18)

56 ہزار 87 پوائنٹس پر بند ہوئی تھی۔دوسری جانب سمندر پار پاکستانیوں نے صرف 2 ماہ میں آئی ایم ایف پروگرام جتنے 6.5 ارب ڈالر وطن بھیجنے کا ریکارڈ قائم کردیا، اس سے بھی اسٹاک پر مثبت اثر پڑ رہا ہے۔

بقیہ (19)

، جماعت اسلامی کے زاہد اختر بلوچ، جمیل احمد مشوانی اور مجلس وحدت المسلمین کے مولانا ولایت حسین اور محمد یونس سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما شریک ہوئے۔اجلاس میں حکومتی وفد نے وزیراعلی بلوچستان کی ہدایت پر خیرسگالی کے تحت سیاسی جماعتوں کے گرفتار کارکنوں کی رہائی اور مقدمات واپس لینے کا اعلان کیا۔اس موقع پر آل پارٹیز نے یقین دہانی کرائی کہ احتجاج کے دوران کسی بھی قسم کا پرتشدد واقعہ رونما نہیں ہوگا اور تمام سرگرمیاں ایس او پیز کے مطابق پرامن طریقے سے انجام دی جائیں گی۔

بقیہ (20)

کے رکھ دیا۔انہوں نے کہا کہ لاکھوں، کروڑوں روپے کے منصوبے صرف کاغذوں میں مکمل دکھائے گئے جبکہ عملی طور پر عوام کو دھوکہ دیا گیا۔سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکی ہیں، گلیاں پانی سے بھرگئی ہیں اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ یہ سب کچھ کرپشن اور بدانتظامی کا منہ بولتا ثبوت ہے، جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑرہا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کا ازسرنو آڈٹ کرایا جائے اور ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہر فورم پر عوام کے مسائل کو اجاگر کرتی رہے گی اور کرپٹ عناصر کو بے نقاب کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔اگر حکومتی اداروں نے آنکھیں بند رکھیں تو ہم سڑکوں پر آ کر احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔انہوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے اور متاثرہ علاقوں میں ریلیف اقدامات کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

بقیہ (21)

درست حملہ کیا ہے، تاہم بیان میں حملے کی جگہ کا ذکر نہیں کیا گیا۔حماس کے ایک ذریعے نے عرب میڈیا کو بتایا کہ دوحہ میں تنظیم کے سیاسی بیورو کے دفتر میں مذاکراتی وفد کو نشانہ بنایا گیا۔دوحہ کے مقامی وقت کے مطابق سہ پہر 4 بجے سے کچھ پہلے شہر میں کئی دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں۔عینی شاہدین کے مطابق کٹارا ڈسٹرکٹ کے اوپر دھواں اٹھتا دیکھا گیا۔ایک رہائشی نے میڈیا کو بتایا کہ اس نے کم ازکم پانچ دھماکے سنے۔یہ حملہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب قطر حماس اور دیگر فریقین کے درمیان مذاکرات کی میزبانی کررہا تھا۔

بقیہ (22)

کی تحریک شروع کریں گے اور مفاد پرست سیاست دانوں کو گریبان سے پکڑ کر اپنے ووٹ کا حساب مانگیں گے مستحکم پاکستان پارٹی ان دنوں اپنے منشور کی تشہیر کے لیے مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگز کا اہتمام کررہی ہے، جن میں پارٹی کے مختلف عہدے داران، پارٹی کے منشور کو عوام میں مقبول کرنے کے لیے اس کی تشریح وتشہیر کررہے ہیں، مستحکم پاکستان پارٹی کا نعرہ ہے، ووٹ کے ساتھ ساتھ ووٹر کو بھی عزت دو مستحکم پاکستان پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ اسلام آباد میں پارٹی عہداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے پارٹی کے پیغام کو پاکستان کے کونے کونے میں پھیلائیں جس کے لیے دن رات کام کی ضرورت ہے۔پارٹی چیئرمین سید عامر جلالی نے عوامی مسائل کے حل اور وسائل کی منصفانہ تقسیم عوام کی حقیقی آواز کی منظم ومضبوط ترسیل کے کیلئے ہر قانونی سیاسی سماجی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنے کی عظم کا اعادہ کیا۔

بقیہ (23)

جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔فریدہ قاسم بلوچ نے کہا کہ وہ لہڑی خاندان کے غم میں برابر کی شریک ہیں۔

بقیہ (24)

کی پرزور مذمت کرتا ہوں۔زمینداروں اور سیاسی کارکنوں، عہدیداروں کے خلاف درج مقدمات ختم کیئے جائیں۔عوامی جائز مطالبات منظور کیئے جائیں۔ سیاستدانوں اور عوام کی حفاظت کرنا حکومت کی ذمیداری ہے۔سردار اختر جان مینگل ایک سیاسی اثاثہ ہیں۔ اور بلوچ قوم کی جان ہیں۔جناب عمران خان اس فسطائیت حکومت کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہیں اور ناجائز جیل کاٹ رہے ہیں۔

بقیہ (25)

آنے والے زلزلے سے مشرقی افغانستان میں تقریبا 2,200 افراد ہلاک اور 3,600 سے زائد زخمی ہوئے ہیں جبکہ مردوں کی جانب سے امدادی عمل حجاب جیسی پابندیوں کے باعث متاثرہ خواتین تک پہنچانے میں ناکام رہا ہے۔ڈاکٹر مکتا شرما، ڈبلیو ایچ او کی افغانستان آفس کی ڈپٹی نمائندہ نے بتایا کہ متاثرہ علاقوں میں طبی عملے کا صرف تقریبا 10 فیصد حصہ خواتین پر مشتمل ہے اور یہ زیادہ تر مڈوائف اور نرسیں ہیں جبکہ مریض خواتین مرد ڈاکٹروں سے علاج لینے میں ہچکچاتی ہیں۔ اس صورتحال نے امدادی کارروائیوں میں شدید رکاوٹ پیدا کر دی ہے۔ڈبلیو ایچ او نے طالبان سے مطالبہ کیا ہے کہ ان پابندیوں پر فوری طور پر استثنا فراہم کی جائے تاکہ مزید امدادی کارکنان خواتین کو متاثرہ علاقوں میں لایا جاسکے اور متاثرین خصوصا خواتین کو ضروری طبی دیکھ بھال اور ذہنی معاونت میسر آئے۔

بقیہ (26)

وفد کو ویزا جاری کرنے سے انکار کردیا اس فیصلے کے نتیجے میں فلسطینی قیادت جنرل اسمبلی کے اس اہم اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے گی جہاں فلسطین کو ریاست کے طور پر تسلیم کرنے سے متعلق تاریخی فیصلوں کی توقع کی جارہی ہے یہ پہلا موقع ہے کہ پورے فلسطینی وفد کو امریکا میں داخلے سے روکا گیا ہے اس سے قبل 1988 میں بھی امریکی انتظامیہ نے پی ایل او کے سربراہ یاسر عرفات کو نیویارک آنے سے روک دیا تھا، تاہم اس بار صورتحال اس سے کہیں زیادہ غیر معمولی ہے کیونکہ فلسطینی تاریخ کے ایک نازک موڑ پر انہیں اجلاس سے الگ کر دیا گیا ہے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس 29 ستمبر تک جاری رہے گا اجلاس کے دوران اعلی سطحی مباحثے 23 سے 27 ستمبر کے درمیان ہوں گے اس دوران فلسطین کو تسلیم کرنے کے حوالے سے قراردادوں اور بیانات کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے امریکی فیصلے پر یورپ سمیت کئی ممالک میں تنقید کی جارہی ہے . یورپی پارلیمنٹ کے رکن پرک لاسین نے مطالبہ کیا ہے کہ یو این جنرل اسمبلی کا اجلاس آئندہ جنیوا میں بلایا جائے تاکہ تمام فریقین بلا رکاوٹ شریک ہوسکیں ان کے مطابق فلسطینیوں کے حق کو تسلیم کرنا عالمی برادری کی ذمہ داری ہے اور امریکا کے اس رویے کو دنیا کو واضح پیغام دینا چاہیے فلسطین کو اقوام متحدہ میں مکمل رکنیت دلوانا ایک عرصے سے زیر بحث ہے اوسلو معاہدے کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ اس مسئلے پر اتنے بڑے پیمانے پر فیصلہ کن اجلاس منعقد ہو رہا ہے امریکی فیصلے نے نہ صرف فلسطینی قیادت کو اجلاس سے باہر کردیا ہے بلکہ عالمی سفارتکاری میں ایک نیا تنازع بھی کھڑا کر دیا ہے۔

بقیہ (27)

ہیں۔اس موقع پر میر بدل خان نوتیزئی، سردار بشیر احمد نوتیزئی، حاجی خیر بخش نوتیزئی، ماما حکیم نوتیزئی، خلیفہ عبدالباسط، ملک سرفراز نوتیزئی سمیت درجنوں معتبرین اور سینکڑوں افراد موجود تھے۔ نور حسن نوتیزئی نے کہا کہ کوہ تران کی زمینیں ہمارے آباو اجداد سے آباد ہیں، جن کے دستاویزی ثبوت اور دہائیوں پرانے نشانات ہمارے پاس موجود ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی زمینی تنازعات ثالثی کے ذریعے ہمارے حق میں طے پائے، مگر اب پھر سے قبضہ کی کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ عیسی زئی برادری کے افراد نے ان کے لوگوں کو زدوکوب کیا، دھمکیاں دیں اور زمینوں پر قبضے کا منصوبہ بنایا، لیکن ہم کسی بھی صورت اپنی جائیداد پر غیر قانونی قبضہ برداشت نہیں کریں گے۔انہوں نے حاجی بابو محمد انور نوتیزئی پر قبضے کی منصوبہ بندی کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ہم ضلع خاران، نوشکی، واشک اور چاغی کے سفید ریش معتبرین کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ آ کر زمینی حقائق دیکھیں اور فیصلہ کریں۔اجمل مداری نامی شخص پر قبائلی روایات پامال کرنے اور برادری کو تقسیم کرنے کا الزام لگاتے ہوئے نور حسن نوتیزئی نے خبردار کیا کہ وہ اپنی روش سے باز آجائے۔آخر میں انہوں نے اعلان کیا کہ دلشادزئی برادری اجمل مداری کی حرکتوں اور عیسی زئی برادری کی جانب سے ناانصافیوں کے خلاف مشترکہ طور پر عیسی زئی برادری سے اپنی سیاسی وابستگی ختم کرتی ہے اور مستقبل کے سیاسی لائحہ عمل کا اعلان صلح ومشورے کے بعد کیا جائے گا۔

بقیہ (28)

شریک ہوئے جن میں کامیابی کا تناسب 86.4 فیصد رہا، جبکہ سیکنڈ ایئر میں 54456 طلبہ شریک ہوئے جن میں سے 51037 کامیاب قرار پائے، اور کامیابی کا تناسب 93.7 فیصد رہا۔نمایاں پوزیشنز میں گورنمنٹ انٹر کالج ہرمزئی کے سید عبدالمتین نے 1051 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔گورنمنٹ انٹر کالج پیر علی زئی کے سید اسرار احمد نے 1050 نمبر لے کر دوسری پوزیشن جبکہ تعمیر نو گرلز کالج کی طالبہ بی بی صفہ نے 1049 نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔بورڈ حکام کے مطابق طلبہ و طالبات کی یہ شاندار کامیابی بلوچستان کے تعلیمی معیار میں مثبت پیش رفت کی عکاس ہے۔

بقیہ (29)

کی برسی کے جلسے پر ہونے والا حملہ ریاستی دہشتگردی کی بدترین مثال ہے اور عوام نے ہڑتال کے ذریعے یہ پیغام دے دیا ہے کہ وہ آئین، جمہوریت، امن اور اپنے قومی حقوق کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ہڑتال تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے اور مظلوم اقوام کی مزاحمت اور حق پر مبنی جدوجہد کو زندہ رکھے گی۔جابر حکمران کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل جہاد ہے اور ہم یہ جہاد جاری رکھیں گے

بقیہ (30)

میں موسلا دھار بارشیں متوقع ہیں جبکہ کیچ، گوادر، پسنی، اورماڑہ، سوراب اور جنوبی واشک میں بھی بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ وڈھ، خضدار، بیلہ، اورماڑہ اور ہنگول ویلی جیسے علاقوں میں برساتی ندی نالوں میں شدید روانی اور لینڈ سلائیڈنگ کے امکانات موجود ہیں، جس سے کچے مکانات، زرعی زمینیں، سڑکیں، بجلی کی لائنیں اور آمدورفت کے ذرائع متاثر ہوسکتے ہیں۔اعلامیے میں عوام کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، کچے گھروں اور ندی نالوں کے قریب رہنے والے افراد فوری طور پر محفوظ مقامات پر منتقل ہوں، گاڑیوں کو اونچے اور محفوظ مقامات پر پارک کریں، اور پانی میں ڈوبی سڑکیں یا انڈر پاسز ہرگز عبور نہ کریں۔ زمینداروں کو اپنی فصلیں اور مال مویشی بھی محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ترجمان پی ڈی ایم اے نے کہا کہ تمام ضلعی انتظامیہ، ریسکیو ادارے، پولیس، لیویز اور میونسپل ادارے ہنگامی بنیادوں پر الرٹ رہیں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال کے لیے فوری رسپانس پلان تیار رکھیں۔عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صرف مستند ذرائع سے موسمی معلومات حاصل کریں اور کسی بھی ہنگامی صورت میں انتظامیہ یا ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔پی ڈی ایم اے نے کہا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ (31)

ہیں، جس میں ہزاروں خاندان بے گھر ہو چکے ہیں، انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہے اور روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔خاص طور پر خواتین، بچے اور بزرگ اس آفت سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔یہ وقت متحد ہونے اور ایک قوم کی حیثیت سے کردار ادا کرنے کا ہے۔انہوں نے حکومت پاکستان، صوبائی حکومتوں، فلاحی اداروں، مخیر حضرات اور سول سوسائٹی سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر امدادی کارروائیاں تیز کریں اور متاثرین کو خوراک، ادویات، صاف پانی، خیمے اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کریں۔

بقیہ (32)

ٹریفک کی روانی بھی بری طرح متاثر ہوئی۔سبزیاں اور پھل لانے والی ٹرانسپورٹ نہ آنے کے باعث شہری اور دیہی علاقوں کے لوگ شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔مقامی ذرائع کے مطابق جانی نقصان کی اطلاع تاحال موصول نہیں ہوئی، البتہ مالی نقصان ضرور ہوا ہے۔متاثرہ علاقوں کے مکین اللہ تعالی سے مزید بارش سے بچانے کی دعائیں کررہے ہیں۔شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور متاثرین کی مدد کے لیے اقدامات کیے جائیں، تاکہ کسی بڑے انسانی بحران سے بچا جاسکے۔

بقیہ (33)

پولیس کے چاق وچوبند دستے نے بحرین کے وزیر داخلہ کو سلامی پیش کی ۔بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔دورے کے دوران بحرین کے وزیر داخلہ پاکستان کی اعلی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔دورے کا مقصد دونوں مملک کے مابین انسانی سمگلنگ، انسداد منشیات، سیکیورٹی اور انسداد دہشتگردی کے شعبوں میں تعاون کوفروغ دینا ہے۔

بقیہ (34)

4700 کردیا گیا ہے روزمرہ اشیا خوردونوش کی قیمتوں میں بھی 50/100 فیصد اضافہ کردیا گیا ھے غریب چائے کے ساتھ سوکھی روٹی کھاتے تھے یہ بھی غریب عوام کی دسترس سے باہر نکل گیا ہے دوسری جانب ڈسٹرکٹ پنجگور میں سرکاری سطح پر شہریوں کو گندم دستیاب نہیں تقریبا گزشتہ کئی سالوں سے ڈسٹرکٹ پنجگور کے گندم کا سالانہ کوٹہ محکمہ خوراک بلوچستان فراہم نہیں کررہا ہے جس کی وجہ سے شہری مہنگے آٹا خریدنے پر مجبور ہیں ڈسٹرکٹ پنجگور میں سرکاری سطح پر گندم نہ ہونے کی وجہ سے ڈسٹرکٹ پنجگور کے فلور ملز اور آٹے کی چکیاں بند پڑے ہیں ڈسٹرکٹ پنجگور کا سالانہ کوٹہ بند کردیا گیا ھے یا افسران کی ملی بھگت سے ہیر پھیر کیا جارہا ہے یہ ایک جواب طلب مسئلہ ھے اس سلسلے میں محکمہ خوراک کے اعلی حکام بہتر جواب دے سکتے ہیں علاقے کے عوامی حلقوں نے اپیل کی ہے کہ پنجگور میں مہنگائی اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ذخیرہ اندوزی کرنے والے قیمتوں میں کمی کے دوران کوئی کمی نہیں کرتے جب اضافہ ہوجاتا ہے تو فوری طور پر اضافہ کیا جاتا ہے ڈپٹی کمشنر پنجگور ڈسٹرکٹ کنٹرول پرائس کمیٹی نوٹس لیں

بقیہ (35)

نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان برادرانہ تعلقات ہیں اور دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، فضائی و زمینی رابطوں اور عوامی تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے خواہاں ہیں۔وزیراعظم نے اس موقع پر آستانہ میں ایک اعلیٰ سطحی پاکستانی وفد بھیجنے کی پیشکش کی تاکہ زیر غور معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔ دونوں فریقوں نے توقع ظاہر کی کہ قازق صدر کے آئندہ دورہ پاکستان کے دوران اہم معاہدوں پر دستخط ہوں گے، جو دوطرفہ تعلقات میں نئے دور کا آغاز ثابت ہوگا۔قازق نائب وزیراعظم نے وزیراعظم پاکستان کی مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ صدر توکایوف کا آئندہ دورہ اسلام آباد تاریخی اور کامیاب ہوگا۔انہوں نے وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے ساتھ اپنی تفصیلی بات چیت سے بھی آگاہ کیا۔ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر مواصلات عبدالعلیم خان، وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیر ریلوے حنیف عباسی، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ بھی شریک تھے۔

بقیہ (36)

عاشق علی خان پنجاب کابینہ کے اراکین عطاء اللہ خان محمد حنیف خان اچکزئی نذیر خان ساحل عنایت اچکزئی اور دیگر رہنماوں نے 6 ستمبر اور معرکہ حق کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم کو اور پوری قوم کو فخر ہیں کہ آج کے دن انتہاء خوشی اور پوری اہتمام سے مناتے ہیں اور اپنے دشمن کو باور کراتے ہیں کہ ہم پاکستانی ایک عظیم قوم ہے اوچے ہتھکنڈے اور پروپیگنڈے سے ہم مرعوب نہیں ہو نگے بلکہ بھارت کو ہر محاذ پر ہرانے کا سلسلہ جاری رہیگا انکی مثال گزشتہ دنوں بھارت کو دیکھایا کہ کس طرح ہم پاکستانی قوم اور افواج پاکستان نے تم خاک چٹانے پر مجبور کیا اگر بھارت دوبارہ ایسی حرکت کریگا تو انشااللہ پوری قوم اپنے بہادر سپوت اور پاک فورسز کے ساتھ ملکر اس سے بھی عبرت ناک انجام کا سامنا کریگا پاکستان ایک پرامن اسلامی ملک ہے مگر کسی نے ہم پر جنگ مصلحت کی تو انجام بہت بیاناک ہوگا۔

بقیہ (37)

کے تیسرے ہفتے فعال ہونے کا امکان ہے۔کمیشن نے بذریعہ ویڈیو لنک مقدمات کی سماعت کا کامیاب آغاز بھی کر دیا ہے جس سے گمشدہ افراد کے خاندانوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو سفر کے اخراجات اور وقت کی بچت ہوگی۔کمیشن کے چیئرمین جسٹس سید ارشد حسین شاہ متاثرہ خاندانوں کو دہلیز پر انصاف کی فراہمی اور مقدمات کو تیز رفتار نمٹانے کے لیے مختلف شہروں کے دورے بھی کر رہے ہیں۔

بقیہ (38)

روانہ ہونگے، صدر مملکت کی دورہ چین کے موقع پر چینی قیادت سمیت اہم شخصیات سے ملاقاتیں ہونگی، صدر مملکت کے دورہ چین کے حوالے سے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے، صدر مملکت کے دورہ چین میں پاک چین دیرینہ تعلقات سمیت اہم امور پر مشاورت ہوگی۔

بقیہ (39)

کو بھی شدید نقصان پہنچا۔خیبر پختونخواہ سب سے زیادہ متاثرہ علاقہ ثابت ہوا، جہاں 484 افراد جاں بحق اور 355 زخمی ہوئے۔یہاں 4666 گھروں کو نقصان، 5460 لائیو اسٹاک کا ضیاع، 52 پُل اور 432 کلومیٹر سڑکیں سیلاب کی لپیٹ میں آ گئیں۔بلوچستان میں 26 اموات، 5 افراد زخمی اور 781 گھروں کو نقصان پہنچا، جب کہ 62 جانور، 3 پُل اور 13 کلومیٹر سڑکیں تباہ ہوئیں۔گلگت بلتستان میں 87 افراد جان کی بازی ہار گئے، 52 زخمی ہوئے اور 1253 گھر متاثر ہوئے۔اس خطے میں 67 لائیو اسٹاک، 87 پُل اور 20 کلومیٹر سڑکیں متاثر ہوئیں۔آزاد جموں وکشمیر میں 30 اموات اور 29 زخمیوں کی اطلاع ہے، جب کہ 2078 مکانات، 239 لائیو اسٹاک، 94 پُل اور 201 کلومیٹر سڑکیں تباہ ہوچکی ہیں۔وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بھی سیلابی ریلوں نے اثر دکھایا، جہاں 8 اموات، 3 افراد زخمی، 65 گھروں اور 3 پُلوں کو نقصان پہنچا۔پلاننگ کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ دو ہفتوں کے اندر مکمل ڈیٹا کی بنیاد پر سیلاب سے ہونے والے معاشی اثرات کا حتمی تجزیہ جاری کیا جائے گا، تاکہ وفاقی اور صوبائی سطح پر بحالی کے اقدامات کو موثر انداز میں ترتیب دیا جا سکے۔حکام نے خبردار کیا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے اثرات کے پیش نظر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مستقبل میں نقصانات کی شدت مزید بڑھ سکتی ہے۔

بقیہ (40)

کی کال پر بلوچستان بھر میں ہونے والی کامیاب ہڑتال پر تمام سیاسی جماعتوں، وکلاء، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور بلوچستان کے باشعور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تاریخی ہڑتال دراصل جبر واستحصال کے خلاف ایک عوامی ریفرنڈم ثابت ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ تمام تر حکومتی دباؤ، دھمکیوں، اور طاقت کے استعمال کے باوجود عوام اور سیاسی کارکنوں نے جس ثابت قدمی، حوصلے اور اتحاد کا مظاہرہ کیا وہ نہ صرف قابل تحسین ہے بلکہ اس سے بلوچستان کی سیاسی شعور اور مزاحمتی روایت کا بھی اظہار ہوتا ہے، کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ اس ہڑتال کی کامیابی اتحاد، یکجہتی اور ایک دوسرے کے ساتھ اخلاص کا نتیجہ ہے۔اگر ہم اسی جذبے کے ساتھ ایک ساتھ کھڑے رہیں تو ہر جبر کا مقابلہ کامیابی سے کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ (41)

کہ صوبے کے سینئر وکلا صاحبان اور سیاسی اکابرین کی بلاجواز گرفتاری نہ صرف آئین و قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ جمہوری اقدار اور وکلا برادری پر حملہ ہے۔ یاد رہے کہ بلوچستان کی اکثریت سیاسی جماعتوں نے مورخہ 08/09/2025 کو شٹر ڈان اور پہیہ جام ہڑتال کا اعلان کیا تھا، جو ہر شہری کا آئینی و بنیادی حق ہے۔آئین پاکستان ہر شہری کو پرامن احتجاج کا حق دیتا ہے بلکہ مختلف اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے شٹرڈ اون و پہیہ جام ہڑتال کی حمایت کا اعلان کیا گیا تھا۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تمام سینئر وکلا صاحبان سمیت دیگر سیاسی جماعتوں کے گرفتار اکابرین وکارکنان کو فی الفور رہا کیا جائے۔اس ناجائز گرفتاری کے سلسلے میں بلوچستان بار کونسل کی جانب سے ہڑتال کا بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ (42)

پارٹیز کی کال پر بلوچستان بھر میں ہونے والی کامیاب ہڑتال پر تمام سیاسی جماعتوں، وکلا، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور باشعور عوام کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی ہڑتال جبر واستحصال کے خلاف عوامی ریفرنڈم ثابت ہوئی ہے۔کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ حکومتی دبا، دھمکیوں اور طاقت کے استعمال کے باوجود عوام اور سیاسی کارکنوں نے جس ثابت قدمی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا وہ بلوچستان کے سیاسی شعور اور مزاحمتی روایت کا اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ ہڑتال کی کامیابی اتحاد، یکجہتی اور اخلاص کا نتیجہ ہے اور اگر یہی جذبہ برقرار رکھا جائے تو ہر جبر کا کامیابی سے مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔کلثوم نیاز بلوچ نے افسوس کا اظہار کیا کہ ایک جانب بم دھاکوں میں سیاسی کارکن شہید ہو رہے ہیں جبکہ دوسری جانب پرامن جمہوری آواز کو دبایا جارہا ہے۔انہوں نے ہڑتالی قیادت اور کارکنوں پر پولیس تشدد، گرفتاریوں اور جھوٹے مقدمات کو قابل مذمت قرار دیا۔

بقیہ (43)

زیریں اور فیروزپور زیریں پر نچلے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا گیا۔بھارت کی جانب سے اس بار بھی پانی چھوڑنے کی اطلاع بھارتی ہائی کمیشن کے ذریعے دی گئی ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی بھارت نے دریائے ستلج میں مزید پانی چھوڑ دیا تھا جس کے بعد حکومت نے الرٹ جاری کیا تھا۔دوسری جانب پانی کی سطح مسلسل بلند ہونے پر ملتان کے شیر شاہ بند میں آج دوپہر شگاف ڈالا جائے گا۔شیر شاہ بستی، کھوکھراں بستی، گاگراں خان پور، قاضیاں کے علاقے خالی کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔اس حوالے سے سی پی او ملتان کا کہنا ہے کہ آبادی ہونے کے باعث دھماکا خیز مواد استعمال نہیں کیا جائے گا، مکینیکل طریقے سے شگاف ڈالا جائے گا، دریائے چناب کے قریبی علاقے پہلے ہی پانی سے بھر چکے ہیں۔سی پی او ملتان نے کہا کہ اکبر فلڈ بند اور شیر شاہ بند پر پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، تریموں سے 5 لاکھ کیوسک سے اوپر کا ریلا دو روز تک ملتان کی حدود میں داخل ہوگا۔

بقیہ (44)

خول قبضے میں لے لیے گئے ہیں، علاقہ سیل کر کے فرانزک ٹیموں کو بھی طلب کر لیا گیا ہے جبکہ ذمہ داروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔معروف تاجر حاجی احمد اللہ کاکڑ اور حاجی باقی خان کے جاں بحق ہونے پر تاجر برادری اور قبائلی حلقوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔تاجروں اور شہری تنظیموں نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ معمولی لین دین کے تنازعات کے باعث پرتشدد واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، حکومت فوری اقدامات اٹھا کر ملزمان کو سخت سزا دے اور کاروباری طبقے کے تحفظ کو یقینی بنائے۔جاں بحق افراد کی میتیں پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئی ہیں جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی ہر پہلو سے تحقیقات جاری ہیں اور جلد حقائق منظر عام پر لائے جائیں گے۔

بقیہ (45)

ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ اسکولوں کو فعال کیا جاسکے اور جہالت کی تاریکی کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، جس میں محکمہ تعلیم کے افسران نے شرکت کی اور ضلع بھر میں تدریسی عمل اور درپیش مسائل سے متعلق آگاہی فراہم کی۔ڈپٹی کمشنر خالد خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کی اولین ترجیح تعلیمی نظام میں بہتری لانا ہے۔جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ جن اساتذہ پر ذمہ داریاں عائد کی گئی ہیں وہ اپنے فرائض منصبی خوش اسلوبی سے انجام دیں تاکہ ہم سب مل کر ایک پڑھا لکھا معاشرہ تشکیل دے سکیں۔انہوں نے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ نہ صرف بچوں کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں بلکہ ان کی فرائض میں غفلت بچوں کو تاریکی میں دھکیلنے کے مترادف ہے، جسے ضلعی انتظامیہ کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔انہوں نے محکمہ ایجوکیشن کو ہدایت کی کہ اساتذہ کی مانیٹرنگ کے عمل کو مزید موثر اور تیز کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ بچے علم کی روشنی سے مستفید ہوسکیں۔اس مقصد کے حصول کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ (46)

قادری نے مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں منعقد ہونیوالے تمام جلوس بخیر و عافیت اپنی منزلوں پر پہنچ کر اختتام پزیر ہوئے ہمارے رضا کاروں اور انتظامیہ کے درمیان بہترین کوآرڈینیشن رہا ہم اللہ کریم کا شکر ادا کرتے ہیں اور اس کیساتھ انتظامیہ وامن وامان قائم رکھنے میں مددگار اداروں کا تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہیں جہاں 6 ستمبر یوم دفاع ملک پاکستان کی تارخ کا عظیم دن ہے وہاں اس بھی بڑھ کر 7 ستمبر ملک پاکستان کی تاریخ کا اہم ترین بلکہ عظیم ترین دن ہے کہ 6 ستمبر کو جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کیلئے قربانیاں دی گئیں لیکن 7 ستمبر کو ملکی کی نظریاتی سرحدوں پر بینظیر پہرہ داری کی گئے اور تخت وتاج ختم نبوت کے انکاری قادیانی (ربوی مرزای احمدی) تمام گروپوں کو ملک کی قانون ساز اسمبلیوں سے کافر قرار دے دیا گیا، یہ دن صرف پاکستان کے لیے ہی نہیں، بلکہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ (47)

جاری کردیا ہے، جو سیاسی اعتماد، تجارتی تعلقات اور عوامی شراکت پر مبنی ہے، یہ ایکشن پلان دونوں ملکوں کے تعلقات کا روڈ میپ اور تعمیراتی منصوبہ ہے جس پر چین مکمل عملدرآمد کرے گا۔چینی سفیر نے صدر شی جن پنگ کے پیغام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ چین اور پاکستان کا رشتہ آہنی ہے، جو تاریخی آزمائشوں سے مزید مضبوط ہوا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے بھی کہا کہ آہنی دوستی عوام کے دلوں میں رچ بس چکی ہے اور پاکستان ہر حال میں چینی منصوبوں اور اہلکاروں کا تحفظ یقینی بنائے گا۔انہوں نے بتایا کہ سی پیک فیز 2.0 اور ایف ٹی اے اپ گریڈ پر اتفاق ہوچکا ہے۔ نیا گوادر ایئرپورٹ کمرشل فلائٹس کے لیے کھل گیا ہے، سی واٹر ڈیسلینیشن پلانٹ فعال ہے جبکہ رشکئی اسپیشل اکنامک زون میں صنعتیں پیداوار شروع کرچکی ہیں اور پاکستانی بیف، سی فوڈ اور پھل چین کی منڈی میں مقبول ہورہے ہیں۔چین کے سفیر کا مزید کہنا تھا کہ گوادر فرینڈشپ اسپتال نے 3 لاکھ مریضوں کا علاج کیا، لاہور اورنج لائن نے 25 کروڑ مسافروں کو سہولت دی اور سی واٹر پلانٹ روزانہ ایک ہزار ٹن پانی فراہم کررہا ہے۔علاوہ ازیں چین نے ایک ہزار پاکستانی زرعی نوجوانوں کو تربیت دی ہے اور 2025 تا 2029 مزید 3 ہزار طلبا و نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ چین سے لانچ ہوا، خنجراب سوست پاس اور قراقرم ہائی وے کی جدید کاری تیز کی جائے گی، جبکہ گوادر پورٹ کی جامع ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔صحت، تعلیم اور قدرتی آفات سے بچا کے منصوبے بھی بڑھائے جائیں گے۔جیانگ زیڈونگ کا کہنا تھا کہ چین 10 ملین کلوواٹ سولر اور ونڈ پاور منصوبوں پر تعاون کرے گا، تعلیم، یوتھ اور ثقافتی تبادلے بڑھائے گا اور پاکستانی عوام کی فلاح کو اولین ترجیح دے گا۔دونوں ملک عالمی انصاف، اقوام متحدہ کے نظام اور ترقی پذیر ممالک کے حقوق کا مشترکہ دفاع کریں گے۔وزیراعظم شہباز شریف نے گلوبل گورننس انیشیٹو کو دنیا کے امن کے لیے اہم قرار دیا جبکہ چینی سفیر نے کہا کہ چین اور پاکستان نئی تاریخ رقم کریں گے اور عوام کو عملی فوائد پہنچائیں گے۔

بقیہ (48)

حکام کو باضابطہ طور پر آگاہ کیا جاچکا ہے عبدالظاہر مینگل نے بتایا کہ اگور ڈیم کے لیے 300 ملین روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے اور اس کا الیکٹرانک ٹینڈر عنقریب جاری کر دیا جائے گا اس کے ساتھ ساتھ سفرلک ڈیم پر 35 ملین روپے جبکہ وٹوڑی ڈیم پر 150 ملین روپے کی لاگت سے تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیانہوں نے مزید کہا کہ منصوبوں کی نگرانی ذاتی طور پر کررہا ہوں تاکہ کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ ہو تمام سپروائزرز اور انجینئرز فیلڈ میں مستقل موجود رہتے ہیں وایارو کے علاقے میں دو مقامات پر سیفٹی وال کی تعمیر بھی جلد شروع کی جارہی ہے تاکہ مقامی آبادی کو سیلابی پانی سے تحفظ فراہم کیا جاسکے ایکسین ایری گیشن نے کہا کہ محکمہ ایری گیشن لسبیلہ کا بنیادی فریضہ پانی سے جڑے منصوبوں کی تکمیل ہے اور ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہر کام معیار کے عین مطابق ہو کیونکہ پانی جیسے قیمتی وسائل پر کسی قسم کی غیر معیاری کارکردگی کی گنجائش نہیں ہے۔انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح کے ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور ان کی تکمیل سے نہ صرف زرعی ترقی کو فروغ ملے گا بلکہ مقامی لوگوں کے معیار زندگی میں بھی بہتری آئے گی انہوں نے کہا کہ میری ٹھیکیداروں کو بھی سختی سے ہدایت ہے کہ ترقیاتی منصوبے پائیدار اور معیاری ہونے چاہیے ہیں ناقص کام پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا کام معیاری ہوگا تو عوام کو برائے راست فائدہ ملے گا انہوں نے کہا کہ ہم لسبیلہ کے عوام کے فلاح و بہبود کیلئے موثر اقدامات اٹھا رہے ہیں۔

بقیہ (49)

معززین، عمائدین، قبائلی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بعدازاں حسب روایت فی سبیل اللہ خیرات بھی تقسیم کی گئی۔مرحوم میر محبّ علی خان عمرانی کو ایک ملنسار، بردبار اور شفیق شخصیت قرار دیتے ہوئے مقررین نے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی عوامی خدمت، قبائلی ہم آہنگی اور سماجی بھلائی کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ان کی خدمات نہ صرف اپنے قبیلے بلکہ پورے علاقے کے لیے باعث فخر ہیں۔برسی کے موقع پر عمائدین نے مرحوم کے نقش قدم پر چلنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ (50)

ٹیکس، فاضل ٹیکس اور ریٹیلر سیلز ٹیکس ختم کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔حکومتی ذرائع کے مطابق یہ اقدامات بلوچستان کے سیلاب متاثرین کو فوری اور براہ راست ریلیف فراہم کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام پر معاشی بوجھ کم کیا جاسکے۔

بقیہ (51)

ووٹ لینے کی قرارداد خود پیش کی تھی مگر اکثریت حاصل کرنے میں ناکام رہے۔رپورٹس کے مطابق جاری مالی بحران، عوامی تعطیلات ختم کرنے اور فلاحی اخراجات میں کمی کرنے جیسے اقدامات وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی بڑی وجوہات بنیں۔ بائرو نے دسمبر 2024 میں وزارت عظمی کا عہدہ سنبھالا تھا۔حکومت گرنے کے بعد اپوزیشن رہنما میرین لی پین نے فوری نئے انتخابات کا مطالبہ کر دیا ہے۔سیاسی بحران نے یورپی یونین کی دوسری بڑی معیشت کو غیر یقینی صورتحال میں دھکیل دیا ہے اور صدر ایمانوئل میکرون کے سیاسی مستقبل پر بھی سوالات اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔صدر میکرون کو اب نیا وزیراعظم نامزد کرنا ہوگا یا قبل از وقت انتخابات کرا کے بحران کا حل تلاش کرنا ہوگا تاکہ 2026 کا بجٹ منظور ہو سکے۔گزشتہ دو سالوں میں پہلے ہی چار وزرائے اعظم تبدیل ہو چکے ہیں اور اب پانچویں وزیراعظم کے مستقبل پر بھی خدشات موجود ہیں۔

بقیہ (52)

ناقابل تسخیر ہے۔گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدارتی ایوارڈ یافتہ سید فیروز عالم شاہ کا کہنا تھا کہ ستمبر 1965 میں ہماری افواج نے شجاعت اور غیر معمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا کر ملکی دفاع کیلئے ایک ناقابل تسخیر دیوار بن گئی اس تاریخی واقعہ نے ثابت کر دیا کہ اتحاد، اتفاق اور ایمان ہتھیار یا عددی برتری سے زیادہ طاقتور ہیں۔پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے کہا کہ پاک فضائیہ نے معرکہ حق بنیان المرصوص میں فیصلہ کن کردار ادا کرتے ہوئے دشمن کو ہر محاذ پر منہ توڑ جواب دیا، معرکہ حق بنیان المرصوص کے دوران پاک بحریہ نے سمندری حدود کا تحفظ کرتے ہوئے دشمن کی کسی بھی ممکنہ جارحیت کو ناکام بنایا، اسی طرح بری فوج نے بھی زمینی کارروائی کے ذریعے وطن عزیز کا بہادری کے ساتھ دفاع کیا۔، مجھے یقین ہے کہ افواج پاکستان بہادری کے ساتھ ملک کی خودمختاری، زمینی حدود اور علاقائی سلیت کا تحفظ کرتی رہے گی۔سید فیروز عالم شاہ نے کہا کہ جذبہ ایمانی اور شوق شہادت سے سرشار افواج پاکستان کے آفیسرز اور جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہے ہیں، وطن عزیز پر جان نچھاور کرنے والے بہادر آفیسرز اور جوانوں کو پوری قوم سلیوٹ کرتی ہے، شہداء کی عظیم قربانیاں سنہری حروف میں لکھی جائیں گی، تمام ریاستی ادارے یکجہتی کے ساتھ پاکستان کو لاحق چیلنجوں کا مقابلہ کررہے ہیں، پوری قوم افواج پاکستان کے شہیدوں کی قرض دار ہے، پوری قوم افواج پاکستان سمیت دیگر سکیورٹی اداروں کی پشت پر کھڑی ہے۔

بقیہ (53)

درانی، سیکرٹری تعلیم اسفندیار کاکڑ، بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر گلاب خان، ڈائریکٹر بیورو آف کاریکلم سعید خان اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر کوئٹہ ڈاکٹر نصیر علی شاہ کی مشترکہ کاوشوں اور وژن کے باعث یہ ناممکن کام ممکن ہوا۔پروفیسر حلیم صادق کے مطابق 2013 سے استعمال ہونے والی پرانی اور بوسیدہ نصابی کتب کی جگہ نئی کتب طلبا کو فراہم کی جائیں گی۔یہ کتب بچوں کی ذہنی صلاحیت اور مزاج کے مطابق تیار کی گئی ہیں، جبکہ ماضی کی بھاری بھرکم اور یکجا نصابی کتب کو علیحدہ علیحدہ کر کے طلبا کے بوجھ میں کمی کی گئی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی ترقی کسی بھی معاشرے کی خوشحالی اور بقا کے لیے ناگزیر ہے۔بلوچستان جیسے پسماندہ خطے میں نصاب کی تجدید اور جدید کتب کی فراہمی ایک روشن مستقبل کی نوید ہے۔اس سے طلبا نہ صرف جدید سائنسی علوم اور ٹیکنالوجی سے آگاہ ہوں گے بلکہ قومی و عالمی سطح پر مقابلے کے قابل بھی بن سکیں گے۔انہوں نے کہا کہ پرانے نصاب نے طلبا کی تخلیقی صلاحیتوں کو محدود کر رکھا تھا۔ لیکن اب نئی کتب ان کی ذہنی نشوونما اور تعلیمی معیار میں انقلابی بہتری لائیں گی۔عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری نے کہا کہ تعلیم پر سرمایہ کاری ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے اور یہ اقدام آنے والی نسلوں کے لیے نئی راہیں کھول دے گا۔

بقیہ (54)

سالی کے باعث سیب اور انگور کے باغات تباہی کے دہانے پر پہنچ گئے تھے، تاہم بروقت بارش نے ان باغات کو تباہی سے بچالیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بارش سے کھیتوں اور زمینوں میں نئی جان آ گئی ہے، اور اگر یہ سلسلہ جاری رہا تو بھرپور پیداوار حاصل ہوگی۔

بقیہ (55)

پوری زندگی بلوچ قوم پرست سیاست اور عوامی خدمت کے لیے وقف کر دی۔ وہ کٹھن اور مشکل حالات میں بھی اپنی سیاسی وابستگی اور قوم دوست فکر سے پیچھے نہیں ہٹے۔ان کی شخصیت سچائی، مخلصی اور اصول پسندی کی روشن مثال تھی، جنہوں نے ہمیشہ وطن دوستی، قربانی اور جدوجہد کو اپنا شعار بنایا۔سردار اسلم بزنجو نے مزید کہا کہ وزیر خان رند کی رحلت نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پوری بلوچ قوم اور قوم پرست تحریک کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ان کی کمی برسوں تک محسوس کی جاتی رہے گی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلی مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

بقیہ (56)

کئی منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں کئی پر کام جاری ہے جلد نئے ترقیاتی اسکیمات پر کام کا آغاز کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے مکمل ہونے سے اور نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی سے علاقے میں خوشحالی آئیگی اور ترقی کی نئید ور کا آغاز ہوگا انہوں نے کہا کہ انفرادیت کی بجائے ہمیشہ اجتماعیت کو ترجیح دی ہے زیادہ تر کام صحت تعلیم اور سڑکوں کی تعمیر پر کی ہے عوام مایوس نہ ہوں عوامی مسائل کیحل کیلئے ہمارے دروازے کھلے ہیں عوام کے مسائل کے حل کیلئے شب وروز کوشاں ہوں انہوں نے کہا کہ۔

بقیہ (57)

اور خطے میں رابطوں میں اضافے پر زور دیا گیا۔اس موقع پر پاکستان اور قازقستان نے باہمی تعلقات مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔دونوں رہنماں نے خطے میں رابطوں کو فروغ دینے اور آئندہ قازق صدر کے نومبر میں متوقع دورہ پاکستان سے قبل قریبی تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز قازقستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ مرات نرتلیو 2 روزہ سرکاری دورے پر گزشتہ روز پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد پہنچے، ایڈیشنل سیکرٹری مغربی ایشیا سید علی اسد گیلانی اور دیگر سینئر حکومتی عہدیداران نے ایئرپورٹ پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔

اشتہار برائے لیز ٹرانسفر

ہرگاہ عوام الناس کو بزریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل کمپنی نے اپنے منظور شدہ ایریا نئے نام پر اسائن / ٹرانسفر کرنے کیلئے ڈائریکٹر جنرل مائنز ڈیپارٹمنٹ میں درخواست گزاری ہیں۔اگر لیز اونر یا کسی شریک دار کو اعتراض ہو تو وہ اشتہار کے شائع ہونے کے پندرہ یوم کے اندر اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کرسکتے ہیں۔مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد کوئی عزر قبول نہیں کی جائیگی۔

نمبر شمار	کمپنی کا نام بمعہ فائل نمبر (Assigner)	ٹوٹل رقبہ بمعہ ایریا و ضلع	تفویض/نامزد کنندہ کمپنی (Assignee)	نئی کمپنی کا رقبہ
1	میسرز زبیداللہ خان ML-Marble (2835)	317.38 ایکڑ بوتک ڈسٹرکٹ چاغی	میسرز آر بی ماربل	317.38 ایکڑ

ڈائریکٹر جنرل مائینز
اینڈ منرلز بلوچستان

PRQ No 1132/08-09-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، مسعود لونی

حلقہ انتخاب میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے تکمیل سے حلقہ کے عوام کی تقدیر بدلیگی ہمیشہ اجتماعی منصوبوں پر ترجیح دی ہے

صحت تعلیم صاف پانی سڑکوں کی تعمیر اولین ترجیحات میں شامل ہے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہوں، صوبائی مشیر

دکی (خ ن) صوبائی مشیر جنگلات وجنگلی حیات سردار مسعود خان لونی نے کہا کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے کوشاں ہوں حلقہ انتخاب میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے تکمیل سے حلقہ کے عوام کی تقدیر بدلیگی ہمیشہ اجتماعی منصوبوں پر ترجیح دی ہے صحت تعلیم صاف پانی سڑکوں کی تعمیر اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ سردار مسعود خان نے مختلف وفود سے بات چیت کرتیہوئے کہا کہ بے روزگاری سب سے بڑا مسئلہ ہے نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہا ہوں جلد مختلف محکموں میں نوجوانوں کو ملازمتوں پر تعینات کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ ایک نوجوان کو روزگار کی فراہمی سے پورا خاندان خوشحال ہوگا کیونکہ برسر روزگار نوجوان کی گھر کی کفالت کریگا انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں (باقی صفحہ 5 نمبر 56)

کوئٹہ، صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو یو این ویمن بلوچستان کی سربراہ عائشہ ودود شیلڈ پیش کر رہی ہیں

قوم پرست رہنما وزیر خان رند انتقال کر گئے، بلوچستان کی سیاست ایک سنہری باب سے محروم

خضدار (یو این اے) بلوچستان کے بزرگ قوم پرست رہنما اور بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو و سردار عطا اللہ مینگل کے دیرینہ ساتھی وزیر خان رند کے انتقال پر سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو نے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وفات سے بلوچستان کی سیاست میں ایک سنہری باب ختم ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم وزیر خان رند نے اپنی (باقی صفحہ 5 نمبر 55)

حالیہ بارشوں نے سرکاری ترقیاتی منصوبوں کی قلعی کھول دی، نعیم عمرانی

شہر میں ہونے والے بیشتر ترقیاتی کام ناقص میٹریل، بدعنوانی اور کمیشن مافیا کے رحم وکرم پر کیے گئے ہیں

اوستا محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستا محمد کے جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ حالیہ بارشوں نے سرکاری ترقیاتی منصوبوں کی قلعی کھول دی ہے۔ شہر میں ہونے والے بیشتر ترقیاتی کام ناقص میٹریل، بدعنوانی اور کمیشن مافیا کے رحم وکرم پر کیے گئے ہیں، جس کا نتیجہ ہے کہ بارش کی پہلی ہی جھلک نے سڑکوں، نکاسی آب کے نظام اور دیگر بنیادی ڈھانچوں کو برباد کر (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

اسرائیل کے دوحہ پر فضائی حملے، حماس کے سینئر رہنما خلیل الحیہ شہید

دوحہ میں تنظیم کے سیاسی بیورو کے دفتر میں مذاکراتی وفد کو نشانہ بنایا گیا، سینئر حماس قیادت کو نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی فوج

دوحہ/ یروشلم (جی این ایم) اسرائیل نے قطر کے دار الحکومت دوحہ میں فضائی حملے کیے جن میں حماس کے اعلیٰ حکام کو نشانہ بنایا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق ابتدائی اطلاعات میں کہا گیا ہے کہ حماس کے چیف مذاکرات کار خلیل الحیہ اس حملے میں شہید ہوگئے ہیں۔ ادھر اسرائیلی فوج نے تصدیق کی ہے کہ اس کے فوجی اور انٹیلی جنس ادارے نے حماس کی اعلیٰ قیادت کو نشانہ بنانے کے لیے (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

مستحکم پاکستان پارٹی عوام کے امنگوں کی ترجمان، سید عامر جلالی

حقیقی جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لیے عوام میں ووٹ کا شعور اور اچھے مخلص رہنماؤں کا چناؤ وقت کی ضرورت ہے

کوئٹہ (اے این این) مستحکم پاکستان پارٹی کے بانی و چیئرمین سید عامر جلالی نے کہا کہ ہم کسی سیاسی برینڈ کو اپنی پارٹی میں شامل نہیں کریں گے حقیقی جمہوریت کے لیے عوام میں ووٹ کا شعور اور اچھے اور مخلص رہنماؤں کے چناؤ کی ضرورت ہے، موجودہ سیاست دانوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ ووٹر کو عزت دلوائیں، ورنہ وہ وقت دور نہیں کہ جب عوام خود ووٹ کو عزت دلوانے (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

حکومت اور آل پارٹیز کے مذاکرات کامیاب، گرفتار کارکنوں کی رہائی، مقدمات واپس لینے کا فیصلہ

خیر سگالی کے تحت مقدمات ختم اور کارکن رہا ہوں گے، اپوزیشن کا پرامن احتجاجی دائرہ کار میں رہنے کا یقین دہانی

حکومتی وفد نے وزیراعلی کی ہدایت پر خیر سگالی کے تحت سیاسی جماعتوں کے گرفتار کارکنوں کی رہائی اور مقدمات واپس لینے کا اعلان کیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت اور آل پارٹیز کے درمیان کمشنر آفس میں ہونے والے اہم اجلاس میں گرفتار کارکنوں کی رہائی اور بلوچستان بھر میں درج مقدمات واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں حکومتی وفد کی نمائندگی صوبائی وزرا میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ نے کی جبکہ زمرک خان اچکزئی بطور ثالث شریک ہوئے۔ اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے بی این پی کے ایڈووکیٹ ساجد خان ترین، اختر حسین لانگو، آغا حسن بلوچ، پشتونخوا میپ کے تالیمند خان، مجید خان اچکزئی، اے این پی کے چیئرمین اسلم بلوچ، چنگیز خان بلوچ، اصغر خان اچکزئی، رشید خان ناصر، ولی داد میانی، پی ٹی آئی کے ایڈووکیٹ سلام آغا، ملک فیصل دہوار (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

فریدہ قاسم بلوچ کا میر فیروز خان لہڑی کے انتقال پر اظہار افسوس

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ استہ محمد اور ضلع یوتھ کوآرڈینیٹر فریدہ قاسم بلوچ نے اپنے تعزیتی بیان میں قبائلی رہنما اور لہڑی قبیلے کی معروف شخصیت میر فیروز خان لہڑی کے کراچی میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب سے دلی ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی مرحوم کو (باقی صفحہ 5 نمبر 23)


کوئٹہ، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں مون سون کی پہلی بارش، موسم خوشگوار اور شہری خوش

بارش کسانوں کیلئے رحمت، باغات اور کھیتوں میں نئی جان ڈال دی

قلعہ عبداللہ (یو این اے) قلعہ عبداللہ میں مون سون کی بارشوں کا پہلا آغاز ہوگیا، جس سے نہ صرف موسم خوشگوار ہوگیا بلکہ شہریوں اور کسانوں کے چہروں پر خوشی بھی لوٹ آئی۔ مونسون کی پہلی بارش کے بعد شہری سڑکوں اور گلیوں میں بارش سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ کسانوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بارش ان کے لیے کسی رحمت سے کم نہیں کیونکہ خشک (باقی صفحہ 5 نمبر 54)

تعلیمی انقلاب کی بنیاد، آئندہ سال طلبا کو جدید نصاب کی نئی کتب فراہم کی جائیں گی

بوسیدہ نصاب کا خاتمہ کر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نصابی کتب فراہم کرنا تاریخی کارنامہ ہے، پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ صوبے میں تعلیمی شعبے میں انقلابی تبدیلی کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ آئندہ تعلیمی سال طلبا وطالبات کو جدید نصاب کے مطابق نئی کتب فراہم کی جائیں گی جو صوبے کے تعلیمی مستقبل کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ (باقی صفحہ 5 نمبر 53)

امریکا نے جنرل اسمبلی میں شرکت کے لیے فلسطینی وفد کو ویزا دینے سے انکار کر دیا

یورپ کی امریکی فیصلے پر تنقید آئندہ اجلاس نیویارک کے بجائے جنیوا میں منعقد کیا جائے، یورپی یونین کا مطالبہ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے فلسطینی وفد کو اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لیے ویزا دینے سے انکار کر دیا، جس کے بعد عالمی سطح پر سخت ردعمل سامنے آیا ہے اور مطالبات بڑھ گئے ہیں کہ آئندہ اجلاس نیویارک کے بجائے جنیوا میں منعقد کیا جائے برطانوی جریدے گارجین کے مطابق امریکی حکام نے فلسطینی صدر اور ان کے ہمراہ آنے والے پورے (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

احتجاج کرنے والوں پر مقدمات کا اندراج قابل مذمت ہے، نصیب اللہ کھوسہ

زمینداروں اور سیاسی کارکنوں، عہدیداروں کے خلاف درج مقدمات ختم کیئے جائیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف جعفر آباد کے ضلعی رہنماء میر نصیب اللہ خان کھوسہ نے کہا ہے کہ زرعی پانی کی عدم دستیابی اور شاہوانی اسٹیڈیم بم دھماکے کے خلاف احتجاج کرنے والوں پر ایف آئی آر درج کرنا فارم 47 حکومت کی بزدلی ہے۔ ایسے گھناؤنے فعل سے عوام میں مزید اشتعال پیدا ہوگی اور معاملات بے قابو ہو جائیں گے۔ اس قسم کے ناجائز ہتھکنڈوں (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

افواج پاکستان کی جدید صلاحیتیں قومی دفاع کی ضمانت ہیں: فیروز شاہ

افواج پاکستان بہادری کیساتھ ملکی خودمختاری، زمینی حدود اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کر رہی ہے

کوئٹہ (اے این این) پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز عالم شاہ نے افواج پاکستان کی جدید صلاحیتوں کو قومی دفاع کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے، معرکہ حق بنیان المرصوص میں پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیکر ثابت کر دیا کہ پاکستان کا دفاع (باقی صفحہ 5 نمبر 52)

فرانسیسی وزیراعظم پارلیمنٹ سے اعتماد کا ووٹ لینے میں ناکام، حکومت تحلیل

وزیراعظم بائرو کو 364 ارکان کے مقابلے میں صرف 194 ووٹ ملے

پیرس (جی این ایم) فرانس کے وزیراعظم فرانسوا بائرو پارلیمنٹ سے اعتماد کا ووٹ لینے میں ناکام ہو گئے، جس کے بعد ان کی حکومت ختم ہوگئی۔ یہ فرانس کی جمہوری تاریخ میں تیسری بار ہے کہ حکومت عدم اعتماد کے باعث گر گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق وزیراعظم بائرو کو 364 ارکان کے مقابلے میں صرف 194 ووٹ ملے۔ انہوں نے مالی بحران کے حل کے لیے اعتماد کا (باقی صفحہ 5 نمبر 51)

دلشادزئی برادری کا کوہ تران کی زمینوں پر قبضے کی کوششوں کے خلاف شدید احتجاج

اپنی جدی پشتی زمینوں سے کسی صورت بے دخل نہیں ہوں گے، چاہے کتنی ہی بڑی قربانی کیوں نہ دینی پڑے، نور حسن نوتیزئی

دالبندین (یو این اے) بلوچستان کے ضلع دالبندین میں نوتیزئی قبائل کی سب سے بڑی ذیلی شاخ دلشادزئی کے سرکردہ رہنما نور حسن نوتیزئی نے دیگر معتبرین کے ہمراہ کوہ تران میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ گزشتہ تین برسوں سے عیسی زئی برادری کے باثر افراد ان کی جدی پشتی زمینوں پر زبردستی قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

ڈبلیو ایچ او کا زلزلوں کے بعد طالبان سے امدادی کارکنان خواتین پر سے پابندی ختم کرنے کا مطالبہ

زلزلے سے مشرقی افغانستان میں تقریبا 2,200 افراد ہلاک اور 3,600 سے زائد زخمی ہوئے ہیں

نیویارک (جی این ایم) ڈبلیو ایچ او نے طالبان حکومت سے افغانستان میں زلزلے کے فوری بعد امدادی کارکنان خواتین پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ مطالبہ ڈبلیو ایچ او کی جانب سے جاری ایک بیان میں کیا گیا جس میں زور دیا گیا کہ خواتین بغیر مرد سرپرست کے زلزلہ متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر زخمی خواتین کو طبی امداد فراہم کریں۔ یکم ستمبر 2025 کو (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

کوئٹہ، لہڑی ہاؤس میں معروف قبائلی شخصیت الحاج میر فیروز خان لہڑی کی وفات پر مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات علماء کرام، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، سیاسی وقبائلی عمائدین، وکلاء برادری اور دیگر اظہار تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بلوچستان میں سیلاب سے 26 اموات، 781 مکانات تباہ ہوئے، رپورٹ

وفاقی حکومت کا سیلاب متاثرین کے لیے بجلی بلوں میں بڑا ریلیف دینے کا فیصلہ، متعدد ٹیکس وسرچارج ختم کرنے کی تجاویز زیر غور

62 مویشی ہلاک، 3 پلوں اور 13 کلومیٹر سڑکوں کو بھی نقصان پہنچا وفاقی حکومت نے متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے مختلف تجاویز تیار کرلی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) وزارت منصوبہ بندی کمیشن نے بلوچستان میں حالیہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کی ابتدائی رپورٹ جاری کردی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سیلابی صورتحال کے باعث 26 افراد جاں بحق، 5 افراد زخمی ہوئے ہیں جبکہ 781 گھروں کو نقصان پہنچا۔ اس کے علاوہ 62 مویشی ہلاک، 3 پلوں اور 13 کلومیٹر سڑکوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ وفاقی حکومت نے متاثرین کو ریلیف دینے کے لیے مختلف تجاویز تیار کرلی ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ بجلی کے بلوں میں بڑا ریلیف دیا جائے گا، جس کے تحت جنرل سیلز ٹیکس، ایف سی سرچارج اور فکسڈ چارجز ختم کرنے کی تجاویز پر غور ہو رہا ہے۔ اسی طرح فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ پر جی ایس ٹی اور ایکسائز ڈیوٹی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ انکم (باقی صفحہ 5 نمبر 50)

کوئٹہ، صوبائی وزیر نور محمد دمڑ ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی وترقی زاہد سلیم سے ملاقات کر رہے ہیں

مرحوم میر محبّ علی عمرانی کی برسی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی، قرآن خوانی واجتماعی دعا کا اہتمام

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی اور ممتاز قبائلی رہنما میر بابر خان عمرانی کی جانب سے گوٹھ حاجی شبیر احمد خان عمرانی میں معروف قبائلی وسماجی رہنما مرحوم میر محبّ علی خان عمرانی کی برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی۔ اس موقع پر مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور اجتماعی دعا کی گئی، جس میں علاقے کے (باقی صفحہ 5 نمبر 49)

بلوچستان بورڈ ایف اے، ایف ایس سی رزلٹ 2025، 90.3 فیصد کامیابی کا تناسب

طلبہ وطالبات کی شاندار کارکردگی، بی بی صفہ سمیت نمایاں پوزیشن ہولڈرز نے بلوچستان کا نام روشن کیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے ایف اے/ایف ایس سی کے سالانہ امتحانات 2025 کے نتائج کا اعلان کردیا۔ مجموعی طور پر 101193 امیدواروں نے امتحان میں شرکت کی جن میں سے 91400 طلبا و طالبات کامیاب قرار پائے، کامیابی کا تناسب 90.3 فیصد رہا۔ فرسٹ ایئر میں 46737 طلبہ (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

بلوچستان میں ممکنہ شدید بارشوں پر پی ڈی ایم اے کا سیلابی الرٹ، عوام اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت جاری

محکمہ آفات نے خبردار کر دیا، کچے مکانات وندی نالوں کے قریب رہائش پذیر افراد فوری محفوظ مقامات پر منتقل ہوں

کوئٹہ (یو این اے) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے بلوچستان میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران متوقع شدید بارشوں اور ندی نالوں میں طغیانی کے خدشے کے پیش نظر سیلابی الرٹ جاری کر دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق جنوبی اور مشرقی اضلاع بشمول لسبیلہ، حب، خضدار، اواران، بارکھان، سوئی، سبی، ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، کوہلو، قلات اور ژوب (باقی صفحہ 5 نمبر 30)

اوستہ محمد میں طوفانی بارش، نشیبی علاقے زیرِ آب، گھروں میں پانی داخل، شہری شدید پریشان

مزید بارش ہوئی تو صورتحال سنگین ہوسکتی ہے، حکومت خوراک وسبزیوں کی فراہمی فوری یقینی بنائے، شہری مطالبہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد اور گردونواح میں طوفانی بارش نے شہر کو سیلابی منظر میں بدل دیا، متعدد گھروں میں پانی داخل ہوگیا جبکہ کئی کچے مکان اور دیواریں گر گئیں۔ مسلسل موسلا دھار بارش کے باعث نشیبی علاقے مکمل طور پر زیرِ آب آ گئے، جس سے لوگوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ شدید بارش کے باعث سڑکیں اور گلیاں دریا کا منظر پیش کر رہی ہیں، (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال تاریخی عوامی ریفرنڈم تھا، محمود خان اچکزئی

جابر حکمران کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل جہاد ہے، آئین و جمہوریت کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھیں گے، سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

کامیاب ہڑتال ثبوت ہے کہ اس وطن کے اصل مالک عوام ہیں نہ کہ وہ جو فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے مسلط کیے گئے ہیں، چیئرمین پشتونخوامیپ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین مشر محمود خان اچکزئی نے بلوچستان بھر میں آل پارٹیز کی کال پر ہونے والی شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ صرف ایک احتجاج نہیں بلکہ جبر، جعلی مینڈیٹ اور دہشتگردی کے خلاف عوامی ریفرنڈم تھا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے غیور عوام، تاجروں، طلبہ، مزدوروں، ٹرانسپورٹرز اور تمام طبقہ ہائے فکر نے رضا کارانہ طور پر اپنے کاروبار، دفاتر، ادارے اور ٹرانسپورٹ بند رکھ کر جس اتحاد، جرات اور شعور کا مظاہرہ کیا، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اس وطن کے اصل مالک عوام ہیں نہ کہ وہ جو فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی مدد سے مسلط کیے گئے ہیں۔ مشر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ سردار عطاءاللہ مینگل (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

قلعہ سیف اللہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، عمائدین وشرکاء قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

سیلاب زدہ خواتین اور بچوں کیلئے علیحدہ ریلیف مراکز قائم کئے جائیں، کرن بلوچ

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی ویمن ونگ بلوچستان کی سیکریٹری اطلاعات اور بلوچستان کمیشن برائے حیثیت نسواں کی چیئرپرسن کرن بلوچ نے ملک کے مختلف حصوں میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والی تباہی، مالی نقصانات اور قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک شدید قدرتی آفت کا سامنا کر رہے (باقی صفحہ 5 نمبر 31)

چین اور پاکستان نے 2029-2025 ایکشن پلان جاری کر دیا

ایکشن پلان سیاسی اعتماد، تجارتی تعلقات اور عوامی شراکت پر مبنی ہے، چینی سفیر جیانگ زیڈونگ

اسلام آباد (جی این ایم) چین اور پاکستان نے 2029-2025 ایکشن پلان جاری کر دیا، چینی سفیر جیانگ زیڈونگ کا کہنا ہے کہ چین تین ہزار پاکستانی طلبا و نوجوانوں کو تربیت دے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں تعینات چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے اپنے ایک آرٹیکل میں کہا ہے کہ چین اور پاکستان نے 2025 تا 2029 کے لیے نیا ایکشن پلان (باقی صفحہ 5 نمبر 47)

مون سون کے دوران محکمہ اریگیشن لسبیلہ عملہ ہائی الرٹ ہے، عبدالظاہر مینگل

تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کیے جاسکیں، ایکسئین اریگیشن

اوتھل (یو این اے) ایکسئین اریگیشن ضلع لسبیلہ عبدالظاہر مینگل نے کہا ہے کہ حالیہ مون سون کے دوران محکمہ اریگیشن لسبیلہ کے تمام افسران اور عملہ ہائی الرٹ پر ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کیے جاسکیں انہوں نے واضح کیا کہ ضلع لسبیلہ میں پانی ذخیرہ کرنے کے لیے ڈیموں اور بندات کی شدید ضرورت ہے جس کی فراہمی کے لیے بالا (باقی صفحہ 5 نمبر 48)

بحرین کے وزیر داخلہ 3 روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے

لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ کا پاکستان مونومنٹ کا دورہ، پولیس کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی

اسلام آباد (جی این ایم) بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کی دعوت پر 3 روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد آمد پر بحرین کے وزیر داخلہ کا استقبال کیا۔ بحرین کے وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل راشد بن عبداللہ الخلیفہ نے پاکستان مونومنٹ کا بھی دورہ کیا۔ اسلام آباد (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

پنجگور میں ذخیرہ اندوزوں کی چاندی ہوگئی

چینی فی کلو 230 روپے آٹا 40 کلوگرام بوری 3200 روپے سے اضافہ کرکے 4700 کر دیا گیا ہے

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں ذخیرہ اندوزوں کی چاندی ہوگئی مہنگائی میں اضافہ تفصیلات کے مطابق سیلاب وغیرہ کا بہانہ بنا کر مہنگائی میں 100، 50 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا ہے پرانے اسٹاک مارکیٹ میں موجود ہونے کے باوجود قیمتوں میں من مانے اضافے کر دیا گیا ہے چینی فی کلو 220 /230/ روپے آٹا 40 کلوگرام بوری 3200 روپے سے اضافہ کر کے (باقی صفحہ 5 نمبر 34)

7 ستمبر ملک پاکستان کی تاریخ کا عظیم دن ہے، اتحاد اہلسنت

عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ پر قربان ہونے والوں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں اتحاد اہلسنت

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے سربراہ سید شجاع الحق شاہ ہاشمی نائب صدر مفتی مختار احمد حبیبی ناظم اعلی مفتی محمد صدیق قادری شاذلی اراکین شورہ پیر سید حبیب اللہ شاہ چشتی مفتی محمد جان قاسمی علامہ حافظ احمد رضا قمبرانی علامہ شہزاد احمد رضا مدنی صاحبزادہ سعد اللہ جان باروزئی حاجی محمد ظریف احمد رضوی علامہ عبدالقدوس حبیبی خلیفہ ذوالفقار علی طارقی قادری حاجی غلام محمد حسینی ذیشان خان (باقی صفحہ 5 نمبر 46)

جعفرآباد سے جہالت کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، خالد خان

محکمہ ایجوکیشن کو ہدایت کی کہ اساتذہ کی مانیٹرنگ کے عمل کو مزید موثر اور تیز کیا جائے، ڈی سی جعفرآباد

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے کہا ہے کہ ضلع جعفرآباد سے جہالت کا خاتمہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات پر ہر صورت عملدرآمد کو یقینی بنا کر علاقے میں تعلیمی رجحان کو مزید فروغ دیا جائے گا، جس کے لیے ضلعی انتظامیہ محکمہ ایجوکیشن کی ہر ممکن معاونت فراہم کر رہی (باقی صفحہ 5 نمبر 45)

6 ستمبر کے شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں‘ جوانان پاکستان نظریاتی

اوچھے ہتھکنڈے اور پروپیگنڈے سے ہم مرعوب نہیں ہونگے‘ نجیب اللہ ترین‘ رانا سکندر شہزادہ

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی کے مرکزی سرپرست اعلی جنرل حمید گل فاونڈیشن کے چیرپرسن محترمہ عظمی حمید گل‘ چیئرمین نجیب اللہ خان ترین مرکزی سیکرٹری جنرل رانا سکندر شہزاد مرکزی ممبر آغا طاہر شاہ شہریار ساسولی رشید خان وارث ترین بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ صوبہ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل صوبہ خیبر پختونخواہ کے صدر (باقی صفحہ 5 نمبر 36)

وزیر اعظم سے قازقستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی ملاقات

پاکستان اور قازقستان میں تجارت، سرمایہ کاری اور رابطوں کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے قازقستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ مورات نورتیلو نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ مورات نورتیلو پاکستان کے سرکاری دورے پر وزارتی وفد کی قیادت کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے مہمان رہنما کو پاکستان کے پہلے دورے پر خوش آمدید کہا اور صدر قاسم جومارت توکایوف کے لیے (باقی صفحہ 5 نمبر 35)

قلعہ سیف اللہ، رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ اور نواب ایاز خان جوگیزئی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، لین دین تنازع پر فائرنگ، تاجر احمد اللہ کاکڑ سمیت 3 افراد جاں بحق

جائے وقوعہ سے اسلحہ اور گولیوں کے خول قبضے میں لے لیے گئے ہیں، علاقہ سیل کر کے فرانزک ٹیموں کو بھی طلب کرلیا گیا

ذمہ داروں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں تاجر برادری میں شدید غم وغصہ، ملزمان کی فوری گرفتاری اور کاروباری افراد کے تحفظ کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں معمولی لین دین کے تنازع نے مسلح تصادم کی شکل اختیار کرلی، جس کے نتیجے میں پامعروف تاجر حاجی احمد اللہ کاکڑ، حاجی باقی خان اور ایک اور شخص جاں بحق جبکہ حاجی بلوچ خان پوپلزئی اور ان کے دو بیٹے شدید زخمی ہوگئے۔ واقعہ شہر کے مصروف علاقے میں اس وقت پیش آیا جب فریقین کے درمیان کاروباری تنازع بڑھتے بڑھتے فائرنگ تک جا پہنچا۔ عینی شاہدین کے مطابق جھگڑا پہلے زبانی تلخ کلامی تھا جو اچانک مسلح تصادم میں بدل گیا، جس کے باعث جائے وقوعہ پر افراتفری پھیل گئی اور دکانیں بند ہو گئیں۔ پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا، جہاں ان کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جائے وقوعہ سے اسلحہ اور گولیوں کے (باقی صفحہ 5 نمبر 44)

بھارت نے دریائے ستلج میں پھر پانی چھوڑ دیا‘ وزارت آبی وسائل نے نیا الرٹ جاری کر دیا

بھارت کی جانب سے اس بار بھی پانی چھوڑنے کی اطلاع بھارتی ہائی کمیشن کے ذریعے دی گئی ہے

اسلام آباد/ملتان (سی ایم لنکس) بھارت کی جانب سے ایک بار پھر دریائے ستلج میں پانی چھوڑ دیا گیا۔ وزارت آبی وسائل نے نیا الرٹ جاری کر دیا۔ دریائے ستلج میں ہریکے (باقی صفحہ 5 نمبر 43)

نیشنل پارٹی کی رہنما کلثوم نیاز بلوچ کا آل پارٹیز ہڑتال کی کامیابی پر عوام وسیاسی جماعتوں سے اظہار تشکر

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کی خواتین سیکرٹری اور رکن اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے خلاف آل (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

جبری گمشدگیاں‘ انکوائری کمیشن نے اگست میں 103 کیسز نمٹا دیے

مارچ 2011 سے اگست 2025 کے درمیان کل 10 ہزار 618 مقدمات کمیشن کے پاس آئے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) جبری گمشدگیوں کے معاملے پر انکوائری کمیشن نے گزشتہ ماہ (اگست) میں 103 کیسز نمٹا دیے۔ اعداد وشمار کے مطابق مارچ 2011 سے اگست 2025 کے درمیان کل 10 ہزار 618 مقدمات کمیشن کے پاس آئے جن میں سے 8 ہزار 873 نمٹائے جا چکے ہیں۔ یوں اب تک مجموعی کیسز کا 83.56 فیصد فیصلہ کیا جا چکا ہے۔ کمیشن نے نمٹائے گئے کیسز میں 6 ہزار 809 لاپتا افراد کا سراغ لگایا، تاہم اب بھی ایک ہزار 745 مقدمات اسلام آباد، کراچی، لاہور اور کوئٹہ کی رجسٹریوں میں زیرِ تفتیش ہیں۔ کمیشن کی خیبر پختونخوا رجسٹری بھی رواں ماہ (باقی صفحہ 5 نمبر 37)

سیاسی جماعتوں کے گرفتار اکابرین وکارکنان کو فی الفور رہا کیا جائے، نجب الدین آغا

بلوچستان بار کونسل کی جانب سے ہڑتال کا بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں، جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نجب الدین آغا نے اپنے ایک مذمتی بیان میں پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری رحیم زیارتوال، صوبائی صدر قہار خان ودان، نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ ایڈوکیٹ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی رہنما صادق خان علیزئی ایڈوکیٹ اور سینیئر ایڈوکیٹ منظور احمد کاکڑ سمت دیگر سیاسی رہنماں کے گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 5 نمبر 41)

بارشوں اور سیلاب سے ملک بھر میں بڑے پیمانے پر تباہی، 863 اموات اور ہزاروں زخمی

پلاننگ کمیشن کی رپورٹ میں نقصانات کی تفصیلات جاری، دو ہفتوں میں معاشی اثرات کا حتمی تخمینہ پیش کیا جائے گا

لائیو اسٹاک کے شعبے میں 6200 سے زائد جانور ضائع ہوئے، جب کہ 672 کلومیٹر سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں، ابتدائی رپورٹ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک بھر میں حالیہ بارشوں اور شدید سیلابی صورتِ حال کے باعث جانی و مالی نقصان کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں۔ پلاننگ کمیشن کی ابتدائی رپورٹ کے مطابق اب تک 863 افراد جاں بحق اور 1147 زخمی ہو چکے ہیں، جب کہ ہزاروں مکانات، سڑکیں، پُل اور لائیو اسٹاک متاثر ہوئے ہیں۔ سیلاب کی تباہ کاریوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 9166 گھروں کو نقصان پہنچا ہے اور 239 پُل ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکے ہیں۔ لائیو اسٹاک کے شعبے میں 6200 سے زائد جانور ضائع ہوئے، جب کہ 672 کلومیٹر سڑکیں تباہ ہو چکی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 216 اموات اور 625 افراد زخمی ہوئے۔ اس صوبے میں 232 گھر متاثر، 121 لائیو اسٹاک ضائع ہوئے اور دیگر بنیادی ڈھانچے (باقی صفحہ 5 نمبر 39)

تاریخی ہڑتال دراصل جبر واستحصال کے خلاف ایک عوامی ریفرنڈم ثابت ہوئی ہے، کلثوم نیاز بلوچ

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی کی خواتین سیکرٹری رکن اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے خلاف آل پارٹیز (باقی صفحہ 5 نمبر 40)

صدر آصف علی زرداری رواں ہفتے دوست ہمسایہ ملک چین کا دورہ کریں گے

صدر مملکت کے دورہ چین میں پاک چین دیرینہ تعلقات سمیت اہم امور پر مشاورت ہوگی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری رواں ہفتے دوست ہمسایہ ملک چین کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت رواں ہفتے دورہ چین پر (باقی صفحہ 5 نمبر 38)

چیف ایڈیٹر و پبلشر سید فاروق شاہ نے روزنامہ عسکر انٹرنیشنل کوئٹہ کو انڈیپنڈنٹ پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ عسکر انٹرنیشنل آفس نمبر 315 یونیورسل کمپلیکس 3ed فلور سے شائع کیا۔ فون نمبر:۔ 0812837048 - 03318383955